مجبور سے ہو گئے ہیں اب نماز بچانا ہے تو فاتحہ پڑھنا پڑے گا ـــ

اللہ جانتا ہے - سب کو جو آگے پیچھے گزر رہا ہے ـــ عالم الغیب - عالم غیب - قائل غیب.
سورۃ فاتحہ میں سب اللہ کی صفات کا ذکر ہے - ربوبیت - واحدیت الوہیت مالکیت ـــ
ـــ ہر ملک میں فاتحہ ـــ قبرستان میں بھی فاتحہ ـــ

جب تو اپنے گھر میں نہیں پڑھتے - تو میں اپنے گھر میں پڑھواؤں گا - وہ مجبور ہو کے
پڑھتے ہیں - اب ہم مسرور ہو کر ـــ

قرآن فاتحہ سے کیوں شروع ہوا - اس لیئے ـــ جو قرآن ـــ کو چھوڑ کر فاتحہ سے
کس لیئے شروع ہوا ـــ قرآن سب سے پہلے کس کو ملا - حضور کو جبرائیل
لے کر آئے - تو اقرا ـــ مگر جب قرآن شروع کیا فاتحہ سے شروع.
محبوب کو اقرا سے بندوں کو فاتحہ سے ـــ اس کو معلوم ہے کہ صحابہ کرام کو -
اس ترتیب ہی کو کیوں نہ دیا ـــ قرآن کے نزول کے وقت ترتیب اور ہے کے
قرآن کامل اکمل ہے - اس لیئے کہ قرآن حاصل کرتے ہیں ہم حضور کے مثل نہیں
ہیں ـــ قرآن پانے میں رسول کے برابر نہیں - جب قرآن میں رسول کی طرح ہم نہ ہو سکے -
تو قرآن سمجھانے میں رسول کی طرح نہ ہو سکے -

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ____ Date / /

الحمد — تمام تعریفیں — للہ اللہ کیلئے — اللہ کرو گے تم یہ — یا زیادہ — تو کسی اور
کے لئے بھی ہے — تو نبیوں رسولوں صدیقین کی تعریف پسند کرو — اولیاء —
تو ہمارے لئے کب ہے — نور الدین کی تعریف — (حافظ آبادی)
وطن کی تعریف — محبت کی تعریف — وغیرہ وغیرہ —
والدین بھی تعریف — پیر — عقیدت مند — کیا کوئی بچا ہے — ہم بھی پسند کر
جماعت کی تعریف — اللہ نے تعریف کی نبی کی — لقد جاءکم والی کی آیات —
رسول کی تعریف بھی اللہ کی تعریف — نبی کی تعریف بھی اللہ کی تعریف ہے — اس میں کیا نکتہ ہے —
— نقطہ — جس چیز کی تعریف کرو گے اصل میں بنانے والے کی تعریف ہے۔ گھر — مکان
گاڑی — میز — کرسی — اسی طرح رسولوں کی تعریف اللہ کی تعریف —
اولیاء کا ذکر — اولیاء بنانے والے کی تعریف — جب بننے والا بے مثال ہے تو
بنانے والا کتنا بے مثال ہے — اللہ فرماتا ہے میں احد ہوں میرے لئے حمد
ہے — اللہ نے رسول کی تعریف کی — رسول نے اللہ کی تعریف کی — جب رسول حمد
کریں گے — تو رسول ہوں گے محمد — جب خدا تعریف کرے گا تو خدا ہوگا محمدؐ
اے محبوب آپ کس ملک کا الیکشن جیتیں ہاریں لوگ جانیں گے تب ہوں گے — تمہیں کوئی
جانے نہ جانے بنایا میں نے ہے — دیا میں نے بلندی میں نے دی — محبوب لوگوں سے
بتا دینا ورفعنا لک ذکرک — بلند کرنے والے خدا — بلند ہونے والے مصطفیٰ ام
جس کے ساتھ تو چند لوگ مل جائیں وہ بادشاہ ہو جاتا — جسے خدا بلند کرے اس کا
اختیار کیسے ہوگا — کسی کا کوئی بڑا افسر ہوگا دوست تو اس کا پورا علاقہ
میں چرچا ہوگا — ایک ملک کا بادشاہ اس کا اثر دوسرے ملک میں نہیں مگر
جس کا اللہ دوست ہو — اس کا چرچا کہاں تک ہوگا — اس کی ربوبیت —
کہاں ہے — ملک ہے رب العالمین کا تو چرچا ہے رحمۃ للعالمین کا —
کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں رسول کا ذکر نہ ہو — ہر ملک کا نام — ہر شہر کا نام ہر علاقہ —
زمین و آسمان فرشتوں — مکاں لامکاں — رسولوں — نبیوں — تمام لوگوں میں رسول —

132

M | T | W | T | F | S | S

Memo No ______

Date / /

قبر میں حشر میں — جنت میں — جہنم میں — ذکر کرتا تو جاتا کیوں — جنتی

تو جنت میں ذکر کرے گا — اس لیے یہ جگہ ملی — جہنم میں جگہ میں ذکر رسول —

یہ یہ کام نہ لیے ہوئے — یہ تو گنہگار رہا ہے — وہاں بھی ذکر رسول ہو رہا ہے — ہر علاوہ

میں رسول کا ذکر ہے۔ وہاں جہاں خدا کا ذکر ہے — ایک جگہ ہے جہاں اللہ کا ذکر ہے

وہاں رسول کا ذکر نہیں بسم اللہ اللہ اکبر — یہاں اللہ کا جیا رہی تھیں بھی —

یہاں رسول کا ذکر جان لینے کے لیے نہیں کرتے۔ جان بچانے کیلئے کرتے ہیں —

سب اولیاء کا ذکر کر دو گے — بسم رسول کہنا حرام ہے — اللہ کا ذکر ہو گا.

جب ذبح کرتے ہیں تو اللہ کا ہی نام لیتے ہیں — اللہ کا حکم بدل نہیں سکتا —

بننے والے کی تعریف بنانے والے کی تعریف — تو یہ ساری تعریف اللہ کیلئے ہے

Maulana Qari Muhammad Abbas ...

Abbas

جمعرات

— ۲۰۱۷

۲۹ — ۴ — ۱۴۳۸

۴ — ۱۰ — ۴۰ PM

۵ — ۱۴ —

KHURRAM PAPER PRODUCTS

کہا ہے انی جاعل فی الارض خلیفہ صرف ایک ولی کو نہیں سب کو ولیوں کو مانو ـــ
نبی پاک ہر ولی میں نظر آتے ہیں ۔ صرف میرے دادا ولی ہیں ۔ یہ غلط ہے ۔ کیا داتا صاحب ولی
نہیں ہے ۔ خواجہ ـــ سرکار نقشبند ولی نہیں ہیں کیا ـــ آقا کے سہروردی ـــ
صرف ایک محدث سے کام نہیں چلے گا ـــ یہ ہندوستان کی زمین نہیں جس کا بٹوارہ
ہو جائے ۔ یہ نبی کا دین ہے اس کو بٹنے نہیں دیا جائے گا ـــ ہر سنی مفتی ہمارا مفتی ہے ۔
مجدد ـــ صرف مدینے والے کو رسول کہنا یہ درست نہیں موسیٰ علیہ السلام رسول ہیں ۔ عیسیٰ
ابراہیم سب رسول ـــ صرف اللہ معبود ہے ۔ کلمہ صرف ہو ایک ہی کا ۔
مدینے والے کا ـــ مانیں گے ہر نبی کو ۔ پیر بنائیں گے ایک ولی کو مگر مانیں گے ہر ولی کو ۔
سے بڑے کام کی نکلی میری پیاری پیاری کملی ـــ سر حشر جب چھپایا مکھ مدنی والے ۔
خدا کو پہچانو اور اس کی مرضی سے پہچانو ـــ اس نے مصطفیٰ کے نور کو بنایا ۔
وہ خزانہ مخفی تھا ـــ نبی ظاہر ہو ۔ اس نے چاہا ۔ نبی اس لیے آیا کہ خدا پہچانا
جائے ـــ اور جب نبی نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں تو ولی آئے ـــ اور ولی چھا جائیں
تو اس کے لیے سنی آئے ـــ نبی کو چھپایا کس نے نہیں ۔ آدم کی پیشانی میں رکھا ۔
چمکایا ۔ آدم جنت میں ۔ بیوی بچوں کی پرورش نہیں ۔ جنت میں بچے نہیں ہوتے
۔ پاکستان میں دیکھو کو کیوں روکتے ہیں ۔ حالانکہ اندر جنت نہیں ہے ۔ درخت
کے قریب نہ جانا ـــ صرف دو ہی رستے ـــ کھالیں تو پایا ہے ۔
جو پیچھے ہیں وہ بعد میں آگئے ـــ (کون دنیا سے دنیا کو منہ مانگتے)
مصطفیٰ سے ۔ یہ کھائیں گے نہیں تو پائیں نہیں ۔ پائیں نہیں تو بچے نہیں نبی معصوم
ہیں حکم عدولی نہیں کریگا ـــ آدم کے پاکیزہ دماغ پر غفلت کا پردہ گرا دیا
تاکہ یہ غفلتاً کھالے ۔ اور اللہ حکماً پاک کرے ۔ تاکہ معصومیت بھی محفوظ رہے اور ارادہ
الٰہی ـــ نتیجہ وہی نکلا ۔ باہر آئے تو نسلیں پیدا ہوئیں نوح ۔ موسیٰ ۔ لوط
انبیاء پیدا ہوئے ۔ یہ آدم کی خطا نہیں یہ ادا ہے ۔ یہ قربانی ہے آدم کی
یہ مہربانی ہے ـــ اگر آدم نے کھایا نہ ہوتا تو مصطفیٰ جانِ رحمت کو ہم نے پایا نہ ہوتا ۔

M | T | W | T | F | S | S

Memo No ______

Date / /

ابلیس کی پریشانی بڑھی — آدم کو نائب بنایا — سجدہ تعظیمی کرو۔ یہ طریقہ اللہ
کو پسند ہے۔ شیطان نے سجدہ نہ کیا — پہلے حکم اللہ نے دیا ہے سجدوں نے انکار
کیا ہے کوئی انکار کرے تو سجدہ جاؤ؟ ۔ لوگ تو ایسے ہیں محبت کے دعوے بڑے مگر تعظیم
کے لیے تیار نہیں ۔ قدم بوسی کرتے ہیں — اللہ کے غیر — بہوں کا ہے غیر اللہ
سے کرتے ہیں — شرک کیا ہے۔ جو اللہ کے لیے کرے نہ بندے کے لیے —
تو اللہ کی قدم بوسی کر سکتا — خدا کو چوم نہیں سکتے — اللہ والوں کی قدم
بوسی ہو سکتی ہے۔ بچے کو چومنا — ایک شخص نے پوچھا ۔ الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم
— جب باہر کا یہ عالم ہے ۔ اندر کا یہ عالم ۔ محبت کا تعلق ہے ۔ چومنا کا تعلق
محبت سے ہے عبادت سے نہیں —

...lana Qari Muhammad Abbas...

Abbas

٢٩ — ٤ — ٢٠١٧

٥ — ١٠ — ١٤٣٨

A — ٩٢ — ١١ — PM

135

۴۳۳

امام احمد رضا

M T W T F S S

Memo No

Date 1/ 8 /88

الحق زهق الباطل ان الباطل —— تم یہاں نبی کے لئے آئے ہو —— کس اور کیلئے آئے ہیں -

نبی اگر مدینے میں آ جائیں تو یثرب کی جگہ مدینہ بن —— نبی پاک تکالیف دیں ——

پتھر برسائے گئے —— گالیاں دی گئی —— ایک کلمہ پڑھنے والے نے جب صدیق کے دور

میں زکوٰۃ سے انکار کیا —— توبہ کا دروازہ نہیں کھولا۔ انشقاق کیا —— جب اسلام

بیسویں نے کا طریقہ اور سے بچانے کا اور —— بیسویں میں مال۔ بچانے میں صداقت چاہئے -

جرأت —— شہادت چاہئے —— یزید آیا۔ سب کچھ اس کے پاس۔ فاطمہ کے

لال نے قربانی —— احمد بن حنبل —— اکبر کے دور —— امام ربانی —— سکول کے نصاب

کیا —— تمام فتنوں کو اکٹھا کیا جائے۔ سعودیوں کا عشرہ —— علی کو اتنا مانا -

کہ —— ہر طرف —— نبی کی عظمتوں پہ حملے۔ کسی نے مرتد کیا - وغیرہ -

دیابنہ کے عقائد پر —— سب مسلمان خاموش تھے مگر تڑپ گئے۔ کہ ایک یزید آیا تھا۔

امام حسین نے پہچان لیا۔ وغیرہ۔ مگر اتنے فتنے آ گئے میں پیدا کر دی۔ احمد رضا دیا

سے حدود —— نے —— امام احمد رضا —— عشق مصطفیٰ کا نام ہے ——

جب محبت صحابہ اور اولیاء دل میں ہو تو کوئی فتنہ آ جائے ——

تمام خلفائے کرام صحابہ کرام اولیاء آئمہ کے غلام کا نام احمد رضا ہے —— اگر امام تو

دل میں بسا لے تو تم خارجی بنے گا۔ نہ رافضی بنے گا تم نہ کوئی بدعقیدہ بنے گا۔ ہم مقام

دیکھ کے بات کرتے ہیں امام احمد نبی کے معجزہ کا نام ہے —— ایسی محبت کرو

کہ خواجہ غریب نواز کے غلام بن جاؤ ——

Moulana Qari Muhammad Abbas Nizami ... Distt

Abbas

جمعۃ المبارک

۲۰۱۷ — ۶ — ۳۰

۱۴۳۸ — ۱۰ — ۵

۲۸ — ۳۱ — AM

۲۸۶ دین کی پہچان علی ہیں

؎ خاموش ہیں تو دین کی پہچان علی ہیں ۔ گر بولے تو لگتا ہے کہ قرآن علی ہیں ۔
قرآن تو دیتا ہے ہمیں دعوت ایمان ایمان یہ کہتا ہے میری جان علی ہیں ۔
احسان خدا ہیں کہ دہلیز سے باہر رب کا ہیں اُن کے احسانوں میں احسان علی ہیں
جیسے قرب الٰہی میں نظر آئے حقائق جلووں کے اجتہاد میں حیران علی ہیں
اسلام تو ہر دور میں محفوظ رہے گا ۔ اس دین محمد کے نگہبان علی ہیں ۔
جس نور محمد سے ملا سب کو اجالا ۔ اس نور محمد کا فیضان علی ہے ۔
دار دین کی ہر نعمت عظمیٰ ہے تمہاری اے ہاشمی جب تجھ پہ مہربان علی ہے ۔

ایسی کی عظمتوں کی یادگار ۔ اہلسنت کا تاجدار ۔ اعلیٰ حضرت ۔ عظیم البرکت ۔ امام عشق و محبت ۔ مجدد دین و ملت ۔ عشق کی پہچان ۔ غوث کا فیضان ۔ رب ان پہ مہربان سنیوں پہ وہ مہربان ۔ احمد رضا خان ۔

یہ کوئی ادنیٰ حضرت نہیں ۔ اعلیٰ حضرت ہیں ۔ عاشق و معشوق میں لڑائی نہیں ہو سکتی ۔ بھائی بھائی میں ہو سکتی ہے ۔ کوئی سمجھ یا در قیس و لیلیٰ کو نہیں لڑا سکی اس طرح کہ لیلیٰ کو ایسا کوئی چاہنے والا نہ ملے گا ۔ تم احمد رضا کو سیدوں سے لڑا نہیں سکتے کیوں سیدوں کو ایسا چاہنے والا نہیں ملے گا ۔

؎ بشر کا نفس جس میں ہے

قیامت کے دن گناہوں کی وجہ سے بوجھ ہو گا سب آدم کی اولاد اللہ کے پاس جائیں گے ۔ موسیٰ کے پاس جائیں ۔ ابراہیم ۔ عیسیٰ کے پاس ۔ نفسی نفسی ۔ ایک طرف سے آواز آئی یا اُمتی ۔ جب نظر اٹھا کر دیکھا ۔ گناہگاروں کی طرف دیکھ رہے تھے ۔ نہ صحابہ کی طرف امواتوں کی طرف ۔ میں بھی کچھ گناہ لے جاتا کہ محبوب کی نظر ہو جائے ۔ نبی نے سب کو بلا لیا ۔ انہیں کی نوکری کو کون غوث بنا ۔ اولیاء کا ذکر ۔ محشر میں گناہگاروں

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ______ Date / /

کسی کو بہ ـــ کاشش مجید ـــ سے قرض لیتا ہے گنہگاری کا واہ واہ ـــ
نعت کوئی لکھتا ہے ۔ اور ہے ۔ مگر نعت مدینے والا لکھواتا ہے ـــ جو خود
لکھتا ہے وہ مسلمان ہوتا ہے ۔ جسے نبی لکھواتے ہیں وہ وقت کا حسان ہوتا ہے ۔
رسول کو اتنا نہ سمجھا جتنا امام احمد رضا نے بتایا ۔ غریب نواز غوث شاہ ارشد
علی ـــ ان میں سے کوئی رسول کی حقیقت نہیں جانتے ۔ لوگ رسول کی حد
نہیں بتاتے ـــ جس کو جتنا علم ہے اتنی حد بتاتے ہیں ۔ جتنا کوئی جانتے
تھے اتنا انہوں نے بتایا ـــ صحابہ کرام ۔ صدیق اکبر ـــ یا ابابکر لم یعرفنی حقیقۃ
غیر ربی ـــ غیر رب رسول کی حقیقت نہیں جانتا ـــ غیر رب تو رسول بھی
ہیں ـــ جب رسول پر ان کی حقیقت عیاں نہیں ـــ تو اب نعت رسول کا صحیح حق
اللہ کو ہے ـــ یا اس کی توفیق سے محبوب اللہ کو ہے ۔

؎ شعر و سخن اسے کہتے ہیں جو بازار میں لے جائے ۔
نعت مصطفیٰ اسے کہتے ہیں جو مدنی دربار میں لے جائے ۔

شان نبی کو بڑھاؤ مت گھٹاؤ مت ۔ صرف ایک ہی خطرہ ہے بڑھانے کا تو
خطرہ ہی نہیں ـــ میں ان سے پوچھنا چاہوں گا ۔ جنہوں نے بڑھانے کا کہا ہے ۔ بڑھانے
کی شکل بتاؤ ـــ بڑھانا ممکن ہو تو روکو ـــ گھٹانے کا تو امکان ہے ۔ کہ کوئی اپنی جہل
گھٹائے ـــ زبان سے کہہ دیں گھٹائے ـــ بڑھانے کی کوئی گنجائش ہی نہیں ۔ کیونکہ جب تک
ہم رسول کو خدا نہیں کہیں گے ۔ بڑھا ہی نہیں سکتے ـــ اور خدا کہنے کی تو جائز ہی
نہیں ـــ تو بڑھانے کا تو کوئی امکان ہی نہیں ہے بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر ۔
اللہ کے بعد سب تو ہی ہے ۔ اور جب تک تجھے اللہ نہ کہا جائے ۔ بڑھایا کہاں ـــ
دنیا ہوتا ہے عقلا پر ـــ گھٹایا ضرور ـــ محشر کے دن پتہ چلے گا ۔ کہ مصطفیٰ
کا دنیا دار کیا ہوتا ہے ۔ غدار کیا ہوتا ہے ۔

Maulana Qari Muhammad Abbas ... Teh Pa...

Abbas

۲۰۱۷ ـ ۴ ـ ۳۰ / ۱۴۳۸ ـ ۸ ـ ۱۵

محمد

۸ ـــ AM

دین اسلام

۳۲۶

ان الدین عند اللہ الاسلام ۔ (غوث الاعظم)

حضرت ابو صالح نے معاف کروایا — تکمیل — نشان رسالت ۔ در نجف درجات
— مراد کون ہے ۔ کہ حد سے والے کے سوا اور کوئی نہیں ۔ کئی لوگ ہوتے ہیں جن کو بتانا
پڑتا ہے — جیسے نہ مانو ۔ مگر اسلام کی مانو ۔ بات منوانے والے مذہبی ہوتے ۔ ذات منوانے
والے سیاسی ہوتے ہیں — سیب کھایا ۔ کہ پتہ نہیں کس کا ۔ فکر ہوئی ۔ کہ یہ مال میرا نہیں
تھا ۔ پشتاوا — دوسرے کا مال لوگ کھاتے ہیں ۔ میری باڑی میں بلڈ بنے ۔ خون کو
بچاؤ تب اولاد اچھی ہوگی ۔ خون اچھا ہوگا — دریا کی طرف چلے ۔ بوڑھے نے کہا
کہ یا اللہ لوگ ملکیت ہضم کر جاتے مگر ڈکار نہیں لیتے — یہ گری ہے — یہ نوجوان اٹھا کر رہا ہے
— ایک صورت سے معاف کروں گا شادی کرنا پڑے گی — بغیر دیکھے ہاں کر دی —
دوسرے کو دیکھ کر زندگی نہ بگاڑ ۔ ان کو دیکھ جن پر زندگی قربان ہو گئی — بوڑھے نے لڑکی
کے بارے میں بتا دیا — گمراہ پر عرض کیا یا اللہ — چہرہ دیکھا ۔ تو کہا یہ سرزندہ
گلستان سمرقند کے آگیا ہے — غلطی سے صحیح کریں تو پتہ نہیں کیا سزا ملے گی ۔
پوچھا — تو بتایا — حرام نہ دیکھا ۔ حرام نہ سنا ۔ حرام کی طرف قدم ۔
حرام نہ بولا — جب لڑکا اتنا محرم والا ہو ۔ اور لڑکی اتنی پاکیزہ ہو ۔ اور ان دونوں
کو ملا دیا جائے ۔ تب غوث اعظم کا جنم ہوتا ہے —

نبی آیا نبوت کو دروازہ بند ۔ کوئی نیا نبی نہیں آیا — شیطان نے کہا میں رحمان نے نہیں
بنایا — لیکن ہدایت کا دروازہ بند نہیں کیا — یہودیوں سے نکرانے کے لیے عیسیٰ کو
بھیجا گیا تھا — اشاعت کو بچانے کے لئے محمد ﷺ کو بھیجا گیا — السرف ولی اللہ
مونس کو بھیجا ۔ فرعون سے بچانے کے لئے — نجم الدین کبریٰ کو — ساری کائنات
کو بچانے کے لئے جب احمد اللہ بھیجے گئے — تو ان کے قدم ہر جگہ کا سکون ہوا تھا ۔ غوث
العالمین کو بھیجا گیا — جس طرح نبیوں میں حضور نبی کا جواب نہیں ۔ اسی طرح
ولیوں میں غوث پاک کا جواب نہیں — بخشش کا دودھ مانگتے — افطار
شکر ہے یہ بخشش کا غوث الاعظم — اور عمل کریں تو شر لعنت پر — جب ہم پڑھتے ہیں تو شریف

M T W T F S S — Memo No ______ Date / /

پر عمل — بالغ ہے تو روزہ ہے نماز - اور غوث پاک نے بالغ صورت میں کیا بولوں — مفسرین
محدثین مجددین - مومنین سارے لوگ — اس وقت عمل کرتے - مگر غوث اس وقت
عمل کرتے ہیں جب نابالغ ہیں — ہم بشریت کی فطرت پہ پیدا ہے - جن کو فطرت
شریعت - آگے چل کر مشیت پر عمل کرتے - جب ہم ماں پیٹ میں ہیں تو شریعت
سے پوچھ کے تو نہیں کہ ماں کیا کھائیں پیا نا — کھانا پینا — شریعت سے پوچھنا
مگر غوث پاک - نے اعلان کیا کہ اس وقت کھانا نہیں کھانا جب تک خدا نہ دے -
پانی - روٹی - جب خدا حکم دیتا ہے — جس کا خدا سے ایسا تعلق ہو مضبوط
ہو — اگر تیرا تعلق غوث پاک سے ہوگا تو نہ تو یہاں ہارے گا - نہ حشر میں
ہارے گا —

پوری دنیا دکھی رسول کے ساتھ ہیں - سلسلہ امامت کا چلا — مولا علی
شروع - چہارے علی — پنجتن — میں ہیں — باہر جو محو رسول کے صحابہ کرام
— اندر میں پنجتن ہیں - رسول علی فاطمہ — دنیا میں کوئی سنگل پنجتن
ہو تو نہ لڑے اس لئے کہ سنی ڈبل پنجتنی ہیں - مولا علی یہاں بھی علی ادھر بھی علی -
نبی سے چلا سیدوں کا معیار - علی تک علی — حسن تک حسن — حسین
دو دو دریا چلے — سید بنے - کوئی حسنی بنا - کوئی حسینی بنا -
یہ تمام ہوں گے تو مشکور / یہو جائیں گی لڑکیاں گے - ہر دور میں سید ہی امام - محدثین
میں — غوث ہوں — سب کے امام امام حسین حسنی — آئمہ اہلسنت
سید کی سرداری میں جینا پڑے گا — چاہے ابوبکر کے مرید ہوں —
امام مہدی آخری امام - امام حسن عسکری کے بعد کا امام نہ ہوگا —
اللہ علیم الغیب ہے - جو سب کا امام وہ غوث اعظم ہے — غوث الاغوث -
کل میں علی نور ملے کے مقدس ہو آپ 21 میں اولاد علی کے خادم ہیں - انہوں کو مارو تو
والدین برداشت نہیں کرے — وہ غوث جو صدیق و ناصر صاحب کی شان لے کے آیا
ہو - عبدالقادر جو عبدالقادر بن کے آیا — بولے تو شریعت - غوث سب کا پیر ہے

M T W T F S S   Memo No ______ Date / /

مدینے والے کا مظہر اتم ہو۔ ذات زبانی مظہر سے جن کی طبیعت سرگرمیت کے سانچے
میں ڈھل گئی ہو۔ خاندانِ رسول الثقاب کا محتاج نہیں۔ خطاب کی بھوک نہیں ہے۔
ایک نوحہ ہے جو غوث اعظم کو سید نہیں مانتا۔ وہ نہیں جانتے جو علوم دے بلکہ وہ دے
جو رب اللہ نے بخش دیا۔ سید کربلا دے۔ سرکار مدینہ دے۔
ہاشمی ہر امتی ہے ~~نانا شریک~~ اللہ والوں سے نام ہم لیں۔ دنیا والوں سے تم لو۔
بچے کو جنم لیتے ہوئے بھی ۹ ماہ لگتے ہیں۔ بدعقیدہ کے پیچھے نماز نہ پڑھیں
بلکہ ہم نے امام حسین سے سیکھا ہے۔ رسول پاک جان سے کلمہ بدل لے۔
ہم دانش کے بھکاری نہیں۔ خون بھی نا بیچ بھی رسول کا

Moulana Qari Muhammad Abbas Nizami
Distt.

Abbas

جمعۃ المبارک
۳۰ — ۶ — ۲۰۱۷
۵ — ۱۰ — ۱۴۳۸
۴ — ۵۲ — ۳۱ — PM

سراج منیر

۳۳۵

M T W T F S S — Memo No — Date / /

ہمارا سراجاً منیرا ہے - سونا آج نصیب لیے اور آج نہ سونا حبیب لیے جاگ -
اندر روشن سورج ——— چراغ ——— پوری آیت ہے - یاایہاالنبی شاہدا ——— سراجاً منیرا -
نبی پاک کی شانوں کا ذکر ——— اللہ فرما رہا ہے - نبی ——— فرمایا ——— یاایہاالنبی -
عربی میں یا کے ای ایا + یا غوث وغیرہ ——— نماز میں بھی آ گیا ——— پکارا
جاتا ہے - آیت میں دو دو حرف ——— پکارا ——— (نبی کو پکارنا شرک ہے)
نبی کو حرف ندا ——— پکاروں گا ——— یاالمزمل مدثر رسول ——— اللہ معبود
ہو کر پکار رہا ہے بندہ ہو کر نہ پکار سکا - نبی کو نہ پکاریں - ایک ترکیب
ہے ——— بیا جلوس میں رسول کا پیچھے نہ پڑو - اللہ کے پیچھے پڑ جاؤ - اللہ نے
سب سے پہلے پکارا ہے ——— اللہ سے لڑ پڑو - جو نتیجہ نکلے گا ہم بھی
اللہ سے بڑا ہو کر پکار رہا ہے چھوٹے ہو کر نہ پکارو ——— رسول نے اللہ سے لیا ———
اللہ کی عطا ہے ——— تمام کو اللہ نے جو کچھ دیا - نبیوں رسولوں کو
دیا - اللہ تعالیٰ - ہم نے سب کچھ رسول سے لیا ——— اللہ دیا ہے کے پکارو
ہر ایک نے پکارا ——— اللہ رب العالمین - و رحمۃ للعالمین ہے ——— مسجد اللہ کا گھر
ہے ——— نبی پاک کی شانیں ——— اللہ فرما رہا ہے رسول کے بارے میں ———
اللہ نے محبوب کو فرمایا اس لیے تو میری بات سن میں تیری بات سنوں + اے اللہ نبی
کیوں فرمایا - کفار مکہ ——— (سردار رسول ہوتا ——— رسول ایسا ہے ایسا ہے)
رسول نہیں مانتے تھے ——— یاایہاالناس - نبی ——— کیوں فرمایا ———
لوگوں کی فطرت ہے نہ ماننے کی اور ماننے کی ——— کوئی بھی بات ہو کوئی انکار کریں گے
اور کوئی مانیں گے ——— سرکار نے ایسا فرمایا - یاایہاالناس قولو لا الہ الا اللہ
کچھ ماننے والے کچھ نہ ماننے والے ——— ماننے والوں ابوبکر صدیق کرنا ——— دوسرا کافر ہے.
نہ ماننے والے بھی آج بھی - ان کا کنکشن بھی پڑا نا - ہمارا جھگڑا نا ہے ——— کچھ قائل
ہوں گے - اور کچھ منکر - اللہ کو معلوم ہے - آپ حبیب میں شرح سنانا ہمارا -
کرنا چاہتا ہوں ——— نہ ادھر ——— انکار ہو نہ ادھر ——— انکار ہو -

Memo No ______
Date / /

M T W T F S S

میں بنانے والو ــــ میں حسن دینے والا ۔ نہ میرا دامن تنگ ہے نہ تیرا دامن تنگ ۔
دوسرا اُجالا منیر کے نام نے چمکتا ہوا سورج بنایا ــــ
(13) اگر محبت ہے تو یہاں بھی روشنی ہے قبر میں بھی روشنی ۔ مسلمانوں کی نظر تو شہر
مدینہ میں ہے ۔ بادشاہ مدینہ میں رہتا ہے ۔ طلب کی کیفیت ہوتی ہے ــــ جسے عشق کا بلاوا
سینے سے لگا لیا جاتا ہے ــــ
چراغ کی روشنی میں فرق ہے ۔ ایک نے سب کو جلا دیا ۔ لالٹین میں رکھو
اے محبوب تم لاکھوں چراغ جلا دو ہماری روشنی میں کمی نہ آئے گی ــــ مثال ــــ
صحابہ تابعین ۔ غوث الاعظم ۔ غریب ۔ اولیاء کرام کا نام لے کر جلا دیا ــــ
چراغ جلتے گئے مگر روشنی سرکار دو عالم کی ہے ــــ وہی روشنی سب میں ہے ۔
گھروں میں بجلی ــــ نیک اعمال سب کرتے ہیں اگر سب ناشکر ہو جائیں
نماز روزہ حج زکوٰۃ وغیرہ ــــ بات کو مانتے ہیں مگر ذات کو نہ مانتے ۔
بہت سمجھایا کہ ــــ غوث الاعظم اولیاء کے ذریعے مدینہ میں پہنچے ہیں ۔
بلب کا رنگ ہوتا ہے مگر روشنی بجلی ایک ہے ۔ اولیاء کا رنگ اپنا اپنا ہے ــ
روشنی جا رہی ہے تو بلب سے ہی تعلق ہے ۔ کرنٹ سے ہی تعلق ــــ
جس بلب کے نیچے کھڑے ہو جاؤ گے وہی چشتی رنگ نظر آئے گا ۔ یہ اسی طرح تمام
سلسلے ۔ یہ ہر ایک پیر مرشد کا رنگ ہے ــــ نور ملا مدینے سے رنگ ملا مرشد
سے ۔ نور ملا نبی سے رنگ ملا ولی سے ۔ رسول اعظم نے نور دیا غوث الاعظم نے
رنگ دیا ۔ نور اور رنگ میں محبت دیکھو ۔ اے نور جہاں تک تو جائے گا میں بھی جاؤں گا ۔
جہاں تک لائٹ جائے گی وہاں تک رنگ جائے گا ۔ جہاں تک فکر جائے گا وہاں تک سلسلہ
جائے گا ــ جہاں تک نبی جائے وہاں تک ولی جائے گا ــ جہاں جہاں ولی جائے گا
وہاں نبی کا نور ملے گا ــ اسی لیے بغداد میں نبی کا نور ہے ۔ اجمیر میں نبی کا نور ہے ۔
ــ سب سے بڑے بلب کا فیوز ــــ گھڑی کا درمیان والا لٹکنے والا ۔
نبی کے دور میں ہر کام ناممکن ۔ ہر کرسی کو کیا کرنا ہے ــــ

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M | T | W | T | F | S | S

Memo No ______
Date / /

معمولات ـــ کا ایلسنٹ کو بیان کرنا ـــ یہ بھی ذکر ہیں تو کیا ـــ کریں تو کیا۔
مرتا ہے تو مرو۔ نہ مرتا ہے تو نہ ـ نہ جنت تو تو کیا ـــ جاؤ تو کیا ـــ ڈر سے
گھر والے بڑے ہیں یا بیٹی کی بیٹی ـــ عائشہ بڑی ہے یا شیری گھر والی۔ اولاد کو کچھ
دو مگر اسلام کو سب کچھ دو۔ ـ جہنم میں سارے گھر والے جاؤ۔ یہاں دنیا میں
سزا مارا ہے تو سزا ابھی مارو ـــ T.2 کا جاگنا فائدہ مند ہے ـــ
تسبیح بھی پڑھتا ہے مگر سگریٹ بھی پیتا ہے ـــ جمعہ کے بعد کا پاجامہ بکرے بالوں کا
کرتا ـــ اونچ نیچ ملتا رہے اندر ـــ مگر مصیبت کے ہیں سخت ہے ـــ
ضیفوں کی طرح ہے۔ ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں۔ کرو یوں کیا ـــ سنی نے سوال
کیا کہ لیا ہے اندر کا شاندار وقف کیا ہے ـــ بلب کو چک کر کے لگاؤ ـــ
مسلکی بلب کی فیوز تو ٹوٹ نہیں آگا۔ م بنوت کے چراغ سے چمکتے
ہیں ـ ولیوں کے چھا جاتے تو مجبور ہو کر چراغ بنا یا ہے۔

Moulana Qari Muhammad Abbas Mizan... Distt. Teh Pakpattan

یہاں تا سمجھی ہوا کہ دکھاب
ختم ہو گئے ـــ

نوٹ ختم کرتے
وقت بھی کہا ہے
جو بیان بیان
میرا ہے

Abbas

مہر

۱ — ۲ — ۲۰۱۲
۴ — ۱ — ۱۴۳۸
۲۵ — PM
۲ — ۱ —

لیے "واذ اخذ اللہ میثاق النبین لما" ــــ نبیوں سے وعدہ لیا۔ کہ ایمان لانا ہوگا۔
کہ بعد دیگرے انبیاء آتے رہے۔ تم اپنی نبوت و رسالت کو چھوڑ کر ان کا امتی بننا ہوگا۔ اس
بات سے اندازہ لگائیں۔ کہ ان کا مقام کیا ہوگا ــــ صلحاء سے اولیاء اولیاء سے
نبیوں علاوہ حضرت آدم سے عیسیٰ تک سارے انبیاء اس لئے بھیجے گئے۔ کہ وہ اس محبوب کے لئے
فضا سازگار کریں۔ ان کی مژدہ سا لوگوں کو سنائیں۔ اور ان کی عظمت کے نقش لوگوں کے دلوں
میں اتار دیں ــــ ان کے کمالات لوگوں کو بیان فرمائیں۔ بھلا اس پیغمبر کی عظمت کا کون اندازہ کر سکتا
ہے۔ کہ سارے انبیاء کو ان کا ثنا خوان بنا دیا اور ان کی تعریف کیلئے ان کی پہچان کرانے کے لئے ــ
حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنا تعارف اپنی قوم کو کرانے کیلئے۔ اپنی امت کے سامنے ان کو
فرما رہے ہیں ــ کہ میں تو ان کے سامنے اپنی راہ کو آنے والے رسول کے سامنے ہی ہموار کروں ــــ
جیسے کوئی بڑا صدر آ رہا ہو۔ وزیر اعظم آ رہا ہو۔ تو لوگوں کو خبردار کرنے کیلئے اس کے آگے
ہوٹر بجایا جاتا ہے ــــ اسی طرح یہ مہمان گرامی آ رہے ہیں۔ تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنا بھی
مقام و منصب یہی ظاہر کر رہے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مردہ زندہ کرنا شروع
کئے ــ مٹی کے پرندے بنا کے پھونک مارتے۔ صد سالہ مردہ کی قبر پہ جا کر قم باذن اللہ فرماتے۔
مادر زاد اندھوں کو ہاتھ پھیرتے۔ اور شفا عطا کر دیتے ــ کبھی رش زیادہ ہوتا تو کپڑا پھیر دیتے
تو اندھوں کو بینائی مل جاتی ــــ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام ان کے خالہ زاد بھائی ہیں
یہ معجزات سنے تو کمالات سنے۔ اپنا آدمی بھیج کے پوچھا کہ کہا۔ کہ آپ وہ نبی ہیں یا ہم
اور کسی راہ تکیں ــ کہیں آخر زمان نبی تو ہی تو نہیں ــ جو تو بڑے بڑے معجزے ظاہر کر رہا
ہے ــ حضرت عیسیٰ السلام جواب میں فرماتے ہیں کہ نہیں۔ میں وہ نبی نہیں ہوں۔ میں تو اس کا
قابل بھی نہیں کہ ان کے جوتوں کے تسمے کھول سکوں ــ ہاں یہ ہے کہ اگر اللہ رب العزت
مجھے یہ سعادت بخشے تو میں بہت بڑا قدوسی بنی بن جاؤں گا ــ عیسیٰ علیہ السلام اتنے
با کمال پیغمبر کہ جن کا وجود ہی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ایک کرشمہ ہے ــ میں تو اس قابل
نہیں ہوں کہ ان کے جوتے پہنا دوں یا اٹھا سکوں ــ تو اگر مجھے یہ سعادت مل جائے۔
تو میری بڑائی کی تکمیل بھی اسی دن ہوگی اللہ میرے تقدس کی تکمیل بھی اسی دن ہوگی ــ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آدمی پہنچا تو پھر آپ نے واپس بھیجا۔ کہ پوچھو کہ اگر تو وہ نبی
نہیں ہے۔ تو پھر اتنے بڑے بڑے معجزات کیوں ظاہر کرتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تمہارا یہ معجزہ
ظاہر کرنا۔ غلط فہمیاں پیدا کر رہا ہے۔ لوگ سمجھ رہے ہیں کہ تم ہی آخری نبی ہو۔ آخر الزمان نبی
تم ہی ہو۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ اگر میرا کمال کوئی نہ ظاہر ہو۔ میرے بعد آنے
والا اتنا کامل ہے۔ لوگ کیا سمجھیں گے کہ وہ کامل ہے۔ کہ جب میری عظمت کا سکہ
لوگوں کے دل و دماغ میں بیٹھ جائے گا ___ اور پھر کہوں گا کہ میں تو کچھ بھی نہیں ہوں۔ جو میرے بعد
آتا ہے وہ مجھ سے بہت زور آور ہے ___ تب لوگوں کو پتہ چلے گا۔ کہ آنے والے کی
شان کیا ہے۔ مثال۔ جاہل کسی عالم کی تعریف کرے تو کیا پتہ ___ عالم
جب کسی عالم کی تعریف کرے تو کمال ہے۔ جیسے افلاطون کی جاہل نے تعریف کی تو
آپ رونے لگ گئے کہ اس نے میری کوئی برائی دیکھی ہوگی اس لئے وہ میری تعریف کر رہا ہے۔
___ تو حضرات گرامی۔ قیامت کے دن انبیاء حضور ؐ کے جھنڈے تلے جمع ہو کر
مقام حاصل کرنے کے لئے منتظر کر رہے ہوں گے ___ آپ فرماتے ہیں میرے امتیو۔ تمہیں
مبارک ہو۔ کہ قیامت کے دن جس جھنڈے کے نیچے تم کھڑے ہو گے۔ ابراہیم علیہ السلام وہاں
نسبت حضور کے جگہ حاصل کریں گے ___ اے محبوب میں نے تمہارے لئے کعبہ بنایا۔ تمہارے
لئے اللہ سے دعا مانگی ___ کعبہ بنانے کا واسطہ۔ اور دعا کرنے کا واسطہ مجھے بھی اپنے
جھنڈے کے نیچے جگہ دے ___

حضرت عیسیٰ علیہ السلام عرض کریں گے حضور میں نے اپنی نبوت و رسالت کا سارا
پیریڈ تمہاری توصیف میں گزارا ___ تمہارے لئے فضا سازگار کرتے ہوئے گزارا۔ مجھے بھی عنایت
کر کے مجھے بھی اپنے جھنڈے کے نیچے جگہ دو ___ انبیاء بھی اپنی امتوں کو اپنے پاس کھڑا کر کے
اپنا منصب و مقام ظاہر کرتے ___ لیکن قیامت کے دن تمام انبیاء حضور کے جھنڈے کے نیچے
کھڑے ہو کر۔ یہ ثابت کریں گے۔ کہ ہمارا نبی بھی یہی ہے۔ کہ ہم ان کے جھنڈے کے نیچے کھڑے
ہیں ___ امام اہلسنت فرماتے ہے

___ انبیاء سے کر دو کہ جن کو آنا ہو آئیں۔ کہ ہمارا نبی ہے ہمارا تمہارا نبی ___

Memo No
M T W T F S S
Date / /

تو وہ بیت المقدس میں عملی طور پر ان کو اپنا امام اپنا نبی رسول مان چکے - لہذا قیامت کے دن
بھی ان کے جھنڈے کے نیچے کھڑے ہو کر یہ ثابت کریں گے کہ ہم ان کے برابر کے نبی نہیں ہیں - اور ہم
بھی ان کی امت میں شامل ہیں ۔ بیت المقدس میں سرکار جا کے نماز پڑھا رہے ہیں۔
مصلے پہ کھڑے ہو رہے ہیں - اگر امام الانبیاء ہی بننا تھا - تو بیت اللہ کے اندر بھی تو یہ منصب
مل سکتا تھا - خدا بیت اللہ میں بھی انبیاء کو اکٹھا کر سکتا تھا - یہ بیت المقدس میں بھی اکٹھا
کر سکتا ہے - یہ سارے بیت اللہ میں آ جاتے - ایک اور فائدہ بھی ہو جاتا - یہاں ایک کے بدلے
ایک لاکھ کا ثواب ہے - بیت المقدس میں ایک نماز ایک پچاس ہزار کا ثواب ملتا ہے - تو ڈیڑھ
لاکھ کا جو نقصان ہو گیا یہ بھی نہ ہوتا - وہاں پچاس ہزار کا ثواب ملا ہر رکعت پڑھنے میں - یہاں دو
لاکھ کا ثواب ملتا ہے - ڈیڑھ لاکھ کا ثواب رہ گیا ۔ اور سرکار امام الانبیاء بن جاتے۔
لیکن مسئلہ یہ ہے حضرت مولانا - نظام الدین یہاں امام ہیں - اور ان کے استاد آ کر مصلے
پہ کھڑے ہو جائیں - شریعت ان کو حق نہیں دیتی - محلہ والے آبادی والے کہیں گے ۔
یہ سارے یہ امام ہیں - ان کو پیچھے کر کے خود امام بن گئے - ان کی عزت کے خلاف ہے -
ان کے مقام میں فرق آئے گا ۔ ان کی شان میں خلل پیدا ہوگا - اس لئے شریعت
حکم دیتی ہے بجائے تم ہو مگر ان کے پیچھے پڑھو - ان کے وقار میں اضافہ ہو - اگر اسی طرح مکے
میں سارے حضرات آ جاتے سرکار کے پیچھے نماز پڑھ لیتے - تو کہا جا سکتا تھا کہ مقام تو
ان کا اونچا تھا - لیکن رعایت کر دی کہ چلو یہ امام ہیں ان کی جگہ ۔ ہماری عزت میں اضافہ
ہو گا - اس لئے ہم ان کے پیچھے پڑھ لیتے ہیں - اللہ تعالیٰ نے دامن مصطفیٰ پہ کسی قسم کا
گوارہ نہیں کیا ۔ زمانہ مسجد تمہاری ہوگی مصلے تمہارا ہوگا - قبلہ تمہارا ہوگا - امام میرا محبوب
ہوگا - مقتدی تم ہو گے تا کہ پتا چلے - میرا محبوب اپنے مقام کی جگہ ۔ امام بنے ہیں -
مقام جاننا آسان ہے - مگر مقام کو تسلیم کرنا مشکل ہے -
انبیاء بھی حیران ہیں کہ محبوب کا مقام کیا ہے ۔ اللہ ہی جانتا ہے محبوب کے مقام کو - آپ کو
مقام کا علم پیغمبران کرام کو نہ ہو - آپ ساتھ ہی اپنے جانشین کیسے کر سکتے تھے - حضرت جبرائیل
سدرۃ پہ جا کے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ میں آگے نہیں جا سکتا - آپ تشریف لے جائیں -

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S

Memo No ______

Date / /

کہیں سرکار نے ستر ہزار حجابات تھے ہیں مگر ۔ جبرائیل سدرہ پہ بھی لرزتا کانپتا ہے ۔
مگر محبوب پاک صلی اللہ علیہ وسلم یہ لامکاں میں حریم قدس میں پہنچ کے رب تعالیٰ کے جلوے کو
دیکھ رہے ہیں ۔۔۔ حضرات گر امین جبرائیل امین کیا کر سکتے ہیں کہ لینے والے نے کیا
لیا ہے ۔ اور دینے والے نے کیا دیا ہے ۔۔۔ تو جب جبرائیل کو نہیں پتا کہ اللہ نے دیا کیا
ہے اور محبوب نے لیا کیا ہے ۔ وہاں کیا گفتگو کیا فیصلے ہوئے ہیں تو کس طرح ہماری
سے نا سمجھ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ اللہ نے دیا کیا ہے اور حبیب نے لیا کیا ہے ۔
تو پتا ہو کہ اللہ کا خزانہ کتنا ہے یا پتا ہو کہ محبوب کا ظرف کتنا ہے پھر تو اندازہ
کیا جا سکتا ہے ۔ نہ اس کے خزانوں کا پتا ہو نہ ان کے سینے کی وسعت کا پتا ہو کسی کو ۔
تو کیا فیصلہ دے سکتا ہے کہ دینے والے نے کیا دیا ہے ۔۔۔ ایک ولی کے دل کی وسعت
کیا ہے ۔ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دل دریا سمندروں ڈونگھے ۔۔۔
یہ ولی کا مقام ہے کہ چودہ طبق ۔ تحت الثریٰ سے لے کر عرش العلیٰ تک یہ سب کچھ
ولی کے سینے میں ہے ۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات بھی اس کے دل کے اندر ہوتی ہے ۔ جب ایک
ولی کے دل کی وسعت یہ ہے تو پھر ان کے نبی کے دل کی وسعت کیا ہو گی ۔
بلکہ محی الدین ابن عربی ۔ بایزید بسطامی فرماتے ہیں لو ان العرش وما حولہ الف الف
مرۃ ۔۔۔ اگر عرش سے تحت الثریٰ تک جتنی کائنات ہے ۔ اس طرح کی دس
کروڑ کائنات بھی ہو ۔ عارف کے دل میں بلکہ دل کے گوشوں میں سے دل کے ایک گوشے
میں رکھ دو ۔ ۔۔۔ قطعاً معلوم نہیں ۔۔۔ اللہ کی ذات غیر متناہی کہیں بھی نہیں سما
سکتی ہے مگر ۔ سما سکتی ہے تو بندہ مومن کے دل میں ۔
نہ ارض و سما نہ عرش کی وسعت کو پا سکے ۔
مگر اس کا دل ہے وہ جہاں تو سما سکے ۔
یہ تو ولیوں کی بات ہے ۔ اپنے مجاہدوں ریاضتوں کے ذریعے ۔ اپنے دل کو اتنا وسیع کر لیتے ہیں ۔
تو جن کے دل کو وسیع اللہ کرتا ۔ اللہ محبوب اپنا احسان کرتا ظاہر کرتا ۔ الم نشرح لک صدرک
محبوب ہم نے آپ کا سینہ کو کھول دیا ہے ۔ ہر کسی سینے کو کشادہ کرنا یہ اللہ تعالیٰ کا فخر ظاہر

کر دیا ہے۔ اس کا مقام کیا ہو گا ـــــ ہم نے آپ کا سینہ اتنا کھول دیا ہے کہ غیب کا جہان
بھی اس کے اندر ہے اور اشیاء کا جہان بھی اس کے اندر ہے ـــــ آپ کا سینہ غیب و
شہادۃ کے جہانوں کو محیط ہے ـــ اور یہ سب کچھ اس کے اندر ہے ـــ تو لہذا نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کے سینے کی وسعت کیا ہو گی ـــــ اندازہ کسی ولی کو نہیں ہو سکتا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا جو باطن ہے وہ حقیقت ہے۔ جو کمالات۔ جو بشریت کے پردوں
کے اندر پوشیدہ ہے ۔ ان کی عظمت ان کی وسعت۔ سرکار خود فرماتے ہیں ۔ جب
میرا حسن بے نقاب ہوتا ہے ۔ میرا جمال اپنے کمال پر ہوتا ہے ۔ اللہ کی بارگاہ میں اس کے اندر ۔
اپنے لباس حقیقت کے ساتھ جلوہ گر ہوتا ہوں ــ تو وہاں پر نہ مجھے جبرائیل امین دیکھ سکتے ہیں
نہ ابراہیم خلیل دیکھ سکتے ہیں ـــ تو آپ کے مرتبوں کا مقابلہ یہ حضرات کیسے
کر سکتے ہیں ـــ

حضرت شیخ عبد العزیز دباغ امی ولی ہیں ۔ آپ پڑھے لکھے نہیں ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ
جس کو ولی بناتا ہے ۔ پہلے اس کے دل میں علم حاصل کرنے کی محبت ڈالتا ہے۔ پھر اس
کا کرم اتنا زیادہ ہو جاتا ہے کہ وہ بغیر پڑھے اسے عالم بنا دیتا ہے۔ پھر اسے ولی بھی بنا
دیتا ہے ۔ اللہ نے کسی جاہل کو ولی نہیں بنایا ۔ جس کو ولی بناتا وہ عالم ہوتا ہے یا پڑھ کر عالم
بنتا ہے یا پہلے علم عطا کرتا ہے ۔ پھر ولایت عطا کر دیتا ہے

لوگ آتے ہیں قرآن کے ساتھ حدیث ملا کے پیش کرتے ہیں کہ قرآن کی آیت
ہے یا حدیث ہے فرما دیں یہ آیت ہے یا یہ حدیث ہے ۔ لوگ عرض کرتے حضور ہم حافظ تو نہیں
ہیں ۔ ناظرہ خوان بھی نہیں ہیں آپ کو کیسے پتا چلے کہ یہ حدیث ہے یا آیت ہے ۔ فرمایا جب تم پڑھتے
ہو تو میں دیکھتا ہوں سامنے سے نور نکلتا ہے ۔ قرآن پڑھو تو نور جلالی نکلتا ہے ۔ حدیث پڑھو تو نور جمالی
نکلتا ہے ۔ میں نوروں کو دیکھ کے فیصلہ کرتا ہوں ـــــ وہ فرماتے ہیں اگر جبریل
امین لاکھ کروڑ ضرب لاکھ کروڑ سال زندہ رہیں ۔ اور مقام محمدی کو جاننے کی کوشش کریں۔
تو چوتھائی حصہ بھی آپ کے مقام کا معلوم نہیں کر سکتا ـــــ ([illegible]).
ایک ہے مقام کو پہنچ جانا ۔ اور ایک ہے مقام کو معلوم کر لینا ـــــ مقام پہ پہنچنا تو دور کی

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S | Memo No ____ Date / /

آدم کو معافی

بات ہے ۔ صرف ہمارا ہی حاصل رہا ہو گی ـــ اگرچہ جبرائیل بھی دوسرے انوار کے کمالات
مقامات کی چوٹی تک جانے کی معلومات نہ ہو سکے ۔ تو یہ حضرات کیسے حاصل کر سکتے
ہیں ۔ حضرات گرامی اگر سرکار کے مقامات کو پوچھنا ہو تو اللہ تعالیٰ سے پوچھیں ۔
فرمایا میں نے محبوب دنیا اور اس کے سوا پیدا ہی نہیں کیا ۔ کہ آپ کے مقام کو جان سکے ۔
اگر تم نہ ہوتے تو میں اپنی ربوبیت بھی ظاہر نہ کرتا ـــ اس سے بڑی اور کیا بات ہو سکتی ہے ۔
اللہ تعالیٰ کا خالق ہونا ۔ کائنات کا موجد ہونا ۔ لیکن یہ فرمانا کہ میں ظاہر نہ کرتا ۔ اپنے ان
کمالات کو اگر تمہاری ذات پاک نہ ہوتی تو ۔ تو گویا اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات کی خالقیت
کو ۔ اپنی شان غفاری کو ستاری کو ظاہر کیا تو محبوب کریم ﷺ کی خاطر اور آپ کے غلاموں کی خاطر ۔
اگر اپنی جباری قہاری کو ظاہر کیا ہے ۔ تو محبوب کے دشمنوں کی خاطر ظاہر کیا ہے ۔
اس سے یہ بات ہمارے سامنے آتی ہے کہ اگر تم نہ ہوتے ۔ تو میں دنیا پیدا نہ کرتا ۔
تو دنیا میں انبیاء بھی آگئے ۔ رسل ۔ ملائکہ بھی ۔ تو پتہ چلا کہ سب تخلیق پر ـــ اگر آپ
نہ ہوتے ۔ تو یہ پیدا ہی کوئی نہ ہوتا ـــ

حضرت آدم ؑ نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا ۔ اللھم اغفرلی بحق محمد و آلہ ۔ اے اللہ محمد ﷺ کے
صدقے مجھے بخش دے ۔ اللہ تعالیٰ نے بخشش تو دینا کا فیصلہ ہو گیا ۔ لیکن یہ طریقہ تم کو کس نے بتایا ۔
عرض کیا خدایا جب تو نے مجھے پیدا فرمایا ۔ میرے اندر روح پھونکی ۔ حیات بخشی ـــ
اٹھ کے پاؤں پر کھڑا ہوا ۔ میری نظریں اوپر اٹھیں تو تیرے عرش کے کنارے پر جہاں لا الہ
الا اللہ لکھا ہوا دیکھا ساتھ محمد رسول اللہ لکھا ہوا دیکھا ۔ تو میں اسی وقت سمجھ گیا کہ اگر
مخلوق میں سے کوئی پیارا ذات ہے ۔ تو محمد کریم ﷺ کی ذات ہے ۔ ان کے نام نامی
کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نام کے ساتھ ملا کے رکھا ہے ۔ اور ان کے منصب نبوت کو اپنی منصب الوہیت
کے ساتھ ملا کے رکھا ہے ـــ اللہ نے فرمایا صدقت یا آدم ۔ اگر محمد نہ ہوتے تو میں
تجھے بھی پیدا نہ کرتا ـــ پتہ چلا کہ محمد یہاں پہلے تو آدم کو پیدا کیا گیا
آدم علیہ السلام بعد میں پیدا ہو رہے ہیں ۔ نبی پاک علیہ السلام پہلے موجود ہیں ۔ لوگ کہتے ہیں
کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ بیٹا پہلے پیدا ہو ۔ اور باپ بعد میں پیدا ہو ـــ یہ تو اللہ سے پوچھو

Memo No ______
Date / /
M T W T F S S

کہ بیٹا پہلے پیدا ہو رہا ہے۔ باپ بعد میں ہوا۔ جیسے کہ لولا محمد ما خلقت۔
جس لحاظ سے بیٹا ہے اس لحاظ سے باپ نہیں تو اس میں کیا بات ہے کہ
بیٹا پہلے پیدا ہو جائے تو ـــــ وہ اپنے نوری وجود کے لحاظ سے حضرت آدم کی
اولاد نہیں ہیں۔ اگر اولاد ہیں تو کیا بشری کے لحاظ سے ہیں۔ وہ نور کا لحاظ
سے کسی کی اولاد نہیں۔ آدم سے پہلے ہیں بلکہ پوری کائنات سے ہی پہلے ہیں۔
تو پوری کائنات کے باپ ہیں۔ اگر پوری کائنات کے وجود کی جان ہیں تو پیارے
محمد مصطفیٰ کی ذات ہے۔ حضرت گرامی حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کیا
فرمایا۔ جب آدم نے پوچھا کہ یہ محمد رسول اللہ کون ہیں تو فرمایا۔ تو نور کا محرم
ہو آئی ـــــ اللہ نے فرمایا یہ میرا ہی بیٹا ہے۔ اگر میں انہیں پیدا نہ کرتا۔ تو کائنات
کی کوئی شئے پیدا نہ کرتا ـــــ جو مضمون ہماری احادیث کی کتابوں میں موجود ہے
وہی مضمون انجیل برنباس کے اندر موجود ہے ـــــ آسمانی کتاب میں موجود جب
اللہ کو پیغمبر بیان کر رہا ہے۔ حضرت آدم کا اللہ سے مکالمہ ہے اور بیان کرنے والے اللہ کے
نبی حضرت روح اللہ ہیں ـــــ اور پھر جب اللہ کا فرمان اللہ کے نبی کی زبان سے ثابت
ہو۔ تو پھر دلوں میں کسی شک نکالنے کی کوئی گنجائش نہیں رہتی ـــــ عیسائی پشروں کو جھوٹ بولنے
کی بیٹا نبی کی سچی نا بیان کرنے کی کیا ضرورت ہے ـــــ پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ نے فطرت کو عالم
سے علم سے سمجھا دیا ہے کہ میرا بیٹا نبی کی شان لکھو
اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میں نے کائنات کی ہر چیز سے پہلے ان کی روح کو ساٹھ ہزار سال
پہلے۔ آسمانی روشنی میں رکھا ـــــ تو دونوں ہمارا عقیدہ انجیل سے ثابت ہو رہے ہیں (12
انہیں پیدا نہ کرتا تو کائنات کی کوئی شئے پیدا نہ کرتا۔ آپ باعث تخلیق کائنات ہیں۔
وجہ تخلیق موجودات ہیں۔ یہ عقیدہ بھی ثابت ہو گیا اور کائنات کی ہر چیز سے پہلے
آپ موجود ہیں۔ یہ عقیدہ بھی انجیل سے ثابت ہو گیا ـــــ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے ان کی
روح کو کائنات کی ہر چیز سے پہلے ساٹھ ہزار سال آسمانی روشنی میں رکھا۔
حضرت آدم نے عرض کیا۔ اے خدا بزرگ و برتر۔ جب میں نے تو محبوب کا نام دیکھا کلمے لکھا ہوا

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ______ Date / /

ہے یہ نورانی تحریر ہیں میرے ناخنوں پر بھی تحریر فرما دے۔ تب اللہ تعالیٰ نے لا الہ الا اللہ کا نقش
داہنے انگوٹھے پر — اور محمد رسول اللہ کا نقش بائیں انگوٹھے کے ناخن پر نقل کیا۔ حضرت آدم ؑ نے
اپنے ناخنوں کو چوما۔ اور آنکھوں پر لگایا۔ اور قیامت تک سے بیسے اب دنیا پہ ظاہر ہو جا —
حضرت آدم انگوٹھے چوم رہے ہیں۔ پہلا انسان یعنی حضرت آدم علیہ السلام نے پہلی چومنے
والا بنی حضرت آدم ؑ — جتنی انسانیت کی تاریخ پرانی ہے۔ اتنی انگوٹھے چومنے کی تاریخ
بھی قدیم ہے — یہ انگوٹھے چومنا بدعت نہیں۔ نیا کام نہیں۔ بلکہ جب سے انسان
کی ابتدا ہوئی ہے۔ اس وقت سے انگوٹھے چومنے کی ابتدا ہوئی ہے —
یہاں حضرت آدم کا بیٹا شیث ہے اب عظیم باپ کی سنت پر چلنا چاہتا ہے اس
کی مرضی ہے۔ لیکن جو اپنے عظیم باپ کی سنت پر عمل کر رہے ہیں۔ ان پر اعتراض نہ
ہونا چاہیے۔ جو ان پر ہونا چاہیے جو اپنے باپ کی سنت سے ہٹ چکے ہیں۔
یہ بڑا عجیب ہے۔ کہ اعتراض ان پر ہے جو عظیم باپ کی راہ پر ہیں —
ہمارا کیا ہے کہ جو پلید ہوتے ہیں کہ چلو جی جن کے پلید ہوتے ہیں وہ نہ چومیں —
اب ہمیں پتہ ہے کہ ہمارے انگوٹھے پاک ہیں یا پلید ہیں۔ انہیں پتہ نہیں ہے — کسی عقلمند
سے پوچھیں کہ ہمارا انگوٹھا پلید ہے۔ فیصلہ دیں کہ کس کا ظلم ہے — ان کا پلید ہے
تو وہ نہ چومیں۔ نہ منہ سے لگائیں نہ آنکھوں سے لگائیں — ہمارے تو پاک ہیں ہم ہر گز لگاویں
کیوں — جن کو شیطان آ جاتا ہے۔ وہ لوگ کہ کے گندگی ہو جاتے کہ کوئی نماز نہ پڑھے۔ کہ جیسے پڑھ
آئے ہوئے ہیں — دوسرے لوگوں کیسے کیا مصیبت ہے کہ وہ کیوں نہ پڑھیں —
اگر تمہارے انگوٹھے پلید نہ چومیں مگر دوسروں کے لئے کیا مصیبت ہے — یہ کونسی دلیل ہے۔
عجیب بات ہے۔ کہ کھانا کھانے ہو کے پاک ہیں۔ دیگر دوسرے کام کرتے ہو کے پاک ہیں۔
اگر پلید ہوتے ہیں تو تمام معاملے چومنے کیلئے پاک ہوتے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ پلید کا
مطلب نہیں ہے پلید کا کوئی اور ہی چکر ہے — ویسے کسی دریا کا پانی ان کے انگوٹھوں
کو پاک کر سکتا ہے تو ہم بانی تسلیم کر دیں — گنگا جمنا کا پاک کر سکتا ہے۔ کسی اور ملک کا
آب سستر لگا کر پاک ہوسکے گا — پانی پاک کر سکتا ہے تو ہم اپنی ساری جائیداد ختم کر کے ان کو

Memo No
M T W T F S S
Date / /

منگوا دیں — بڑے افسوس کی بات ہے سرکار کی تعظیم و توقیر کا مسئلہ ہے ہمارے باپ آدم ان
کی تعظیم کر رہے ہیں — اس پہ ہم لڑائی کر رہے ہو اس پہ ہم جھگڑا کر رہے ہو۔ اس جگہ پہ
پلید کا نکلنا ہے استنجے سے وہ جگہ بھی پاک ہو جاتی ہے۔ اور یہ جگہ بھی ناپاک رہتی ہے۔
یہ اس جگہ سے بھی ان کے انگوٹھے پلید ہو گئے — کہ استنجے سے پاک کی جاتی ہے۔
بہر حال یہ جانیں ان کے انگوٹھے جانیں — ہمیں اس سے کیا غرض۔ ہمارے پاک ہیں ہمارے
لئے رکاوٹ کوئی نہیں — ہمارے باپ آدم کی بھی سنت ہے۔ ہمارے محبوب کا بھی فرمان
ہے کہ جو انگوٹھے چوم کے لگائے گا۔ میں قیامت کے دن اس کا بازو پکڑ کے جنت میں لے جاؤں گا
اس بات سے اندازہ کیجیے کہ حضرت آدم علیہ السلام آپ کے لحاظ بشری
کے لحاظ سے باپ ہیں۔ اور سب نسلِ انسانی کے باپ ہیں۔ اور اپنے بیٹے کے نور کو
~~چوم یہ~~ انگوٹھے چوم کر آنکھوں پہ لگاتے۔ ظاہر ہے کہ باپ بیٹوں کی اتنی توقیر و تعظیم نہیں
کیا کرتے — مگر یہ باپ بھی ہے نبی بھی ہے۔ خلیفہ بھی ہیں۔ سب سے پہلے پیدا ہونے والے
بھی ہیں — اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی جبینیں بھی ان کے سامنے جھکائی ہیں کہ ان کو فوقیت عطا
کی ہے کہ سارے ملائکہ و جن اس کے سامنے ساجد آگئے ہیں۔ اتنی عظمتوں کے مالک ہو کر
باوجود اپنے فرزند ارجمند اپنے لختِ جگر کا نام پہ انگوٹھے چومتے ہیں — تو میلاد کا وقت
حضور آقا علیہ السلام کی نظر دل میں کتنا عظیم ہوگا — آپ بیٹے کتنا مبارک ہے وہ وقت جب
تو دنیا میں ظاہر ہوگا — تو جب ولادت کا وقت اتنا بابرکت ہے، تو بعثت کا وقت
کتنا بابرکت ہوگا — اور میلاد کا وقت جب ہر چیز قدموں کے نیچے ہوگی۔
اور پھر کہ پھر جب اللہ کے ہاں رہے ہوں وہ وقت کتنا حسین ہوگا۔ حضرات گرامی۔ قیامت
کے دن پتہ چلے گا کہ آپ کا مقام کیا ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جب عرش پر اس کی شان کے لائق ہے عرش
پر ہوگا۔ دائیں جانب محبوب کی کرسی بچھائی ہوگی۔ اور وہ دن کونسا دن ہے مالک یوم الدین
قیامت کے دن کا صرف میں مالک۔ یوم لا تملک نفس لنفس شیئا۔
للہ الواحد القہار۔ لیکن اس دن بھی یار کی کرسی سامنے ہوگی۔ جو امتیاز کا دن ہے۔
اللہ کا — جس سے اس کی شان ملکیت پوری طرح ظاہر ہوتی تھی — اس دن بھی اس نے

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S

(ایک لمحہ)

Memo No
Date / /

محبوب کی کرسی کو اپنے ساتھ رکھا — اسی لئے امن کرتا ہوں۔ اگر تم نبی کو خدا سے بڑھاتے
ہو۔ تم نبی کو خدا سے ملا رہے ہو۔ ان کے منصب سے زیادہ دیا نہیں ہم بنا دیا رہے ہیں۔
وہ بیمار اور خدا سے یہ ہمارے نبی ہیں۔ اس کی شان بڑھے تو ہمیں تکلیف کوئی نہیں۔ ان
کی شان بڑھے تو ہمیں تکلیف کوئی نہیں — یہ جھگڑا اگر بنا ہے تو اللہ سے کر۔ جو انفرادی
دن تھا۔ اسی دن ہی یار کو ساتھ رکھا ہے۔ جب اللہ محبوب کو جدا نہیں کرتا۔ تو ہم غلاموں کو
کیا پڑی ہے کہ محبوب کو خدا سے جدا کریں —

اللہ نے پچاس ہزار سال کا دن بنایا ہے۔ حالانکہ جب حساب شروع کرے گا۔
تو جلدی ختم کر دیگا۔ جب حساب جلدی ختم کرنا تھا۔ تو اتنا لمبا بنانے کا کیا مقصد تھا
لوگوں کو بلا کر یار کی طرف جھکا رہا ہے۔ اب کہو یا رسول اللہ تو بات بنے گی —
یا اللہ مدد کہو۔ یا رسول اللہ مدد کہو۔ جہاں اللہ نظروں کے سامنے نہیں یہاں یا اللہ مدد
کہو۔ جب اللہ تعالیٰ بے حجاب سامنے ہوگا تو نبی کے دامن میں چھپنے کی جگہ ہوگی —
یہیں یا اللہ مدد پہ بلاوا نہیں بلکہ یا رسول اللہ مدد پہ بلاوا ہوگا — میں پوچھتا ہوں کہ جو
نعرہ قیامت کو برحق ہے کیا وہ دنیا میں برحق نہیں ہے۔ کیا قیامت میں اور اسلام
چلے گا۔ دنیا میں اور اسلام چلا رہا ہے۔ اگر قیامت کا اسلام اور دنیا کا ایک ہے
تو ماننا پڑے گا۔ اگر یا رسول اللہ قیامت کو برحق ہے تو دنیا میں بھی برحق ہے۔
اگر دنیا میں شرک ہے تو قیامت کو بھی شرک ہے۔ میں دیکھوں گا کہ کون یا رسول
اللہ مدد نہیں کہتا — کیونکہ پھر تو سب نبیوں کو کہنا پڑے گا یا رسول اللہ مدد۔
مسلم شریف کی حدیث ہے کہ اللہ نے قرآن نازل فرمایا۔ مگر ایک قرأت کی
اجازت تھی۔ سرکار نے فرمایا قرآن اس طرح آیا۔ میری امت کے قبیلے زیادہ ہیں۔ اور
ایک لفظ ہر قبیلے کی زبان پر نہیں چڑھ سکتا — سرکار نے عرض کیا۔ یا اللہ میری امت
کے لئے سہولت پیدا فرما — اللہ تعالیٰ نے جبرائیل امین سے فرمایا کہ جاؤ میرے محبوب
سے کہو۔ دو قرأت۔ یہاں تک کہ سات قرأتوں پر پڑھنے کی اجازت ہے۔ سرکار کو
امت کی خاطر تکلیف ملی۔ اسلئے اس کا حل فرمایا۔ بجائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ ڈانٹ

ڈپٹ فرمانا - کہ تم کون ہو - تو انہوں نے اسے فرشتہ کہا - میں جانوں میری مخلوق جانے - میں ارحم
الراحمین ہوں - میں نہیں جانتا مخلوق کی بھلائی کو کہ تم بہتر جانتے ہو - بجائے اس کے ہرہ
سرزنش کرتا - اللہ تعالیٰ نے فرمایا محبوب بار بار آپ کو تکلیف اٹھانا پڑی -
جانا سات مرتبہ پھر لینے کی اجازت ہے - یہ مقام مصطفی ہے -
لوگ تو سمجھتے ہیں کہ وہ نبی تھے - تو آج ہمیں دکھا کے چلے گئے - بلکہ وہ زمین میں اللہ کے نائب
ہیں - اصل حکم تو اللہ کا ہے مگر اس سے نافذ کرتے ہیں وہ تو پیارے محبوب کی ذات
ہے - اس لئے اللہ تعالیٰ ان کی رعایت کرتا ہے - ان کا لحاظ کرتا ہے اور پھر ان کی تکلیف
پھر ان کو بدلا بھی ملتا ہے - جو آپ نے کوشش ہر شب و روز کی تو اٹھانا پڑا - ہر نبی کو ایک بار
حکم تھا - جو دعا مانگو گے وہ پورا ہوگا - کسی نے بادشاہی مانگ لی - جیسے حضرت
سلیمان نے کہا - مجھے حکومت دے - جو میرے علاوہ کسی کے شایان شان نہ ہو -
حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کیلئے - نبوت و رسالت مانگ لی - وہ دعا مقبول
ہو گئی - حضرت نوح علیہ السلام نے مخالفین کا بیڑا غرق کرانے کیلئے وہ دعا استعمال کر
لی - مگر سرکار نے تین میں سے دو استعمال کر لیں - اور ایک بچا لی تاکہ
اللھم اغفر لامتی - تو یہاں جا کر نبی ہیں وہ دعا ہیں مانگی میں نہ اپنی اولاد کیلئے
نہ اپنی ذات کیلئے - اگر استعمال کی ہیں تو اپنی امت کیلئے ہے -
کچھ لوگ کہتے ہیں نبی کو نہ اپنا پتہ ہے نہ اپنے انجام کا پتہ ہے - پوری حدیث کی کتابوں
اگر حدیث ملی تو بھی ایک -
اگر نبی کو پتہ نہیں تو پھر اس نبی کا کلمہ پڑھو کہ تم کون سا انعام لینا چاہتے ہو -
عیسائی بن جاؤ - کیونکہ حضرت عیسیٰ کی بشارت - السلام علی ولادت - جب پیدا
ہوا تو سلامتی ہے اس پر - جب مروں گا تو سلامتی کے ساتھ جب اٹھوں گا تو سلامتی کے ساتھ -
پھر عیسائی بن جاؤ محمدی نبی کی حدیث یہ کہی ہے - جب تمہارے نبی کو اپنے انجام کا
ہی پتہ نہیں ہے - تو ان کے دامن سے وابستہ ہو کر کیا ضمانت حاصل کرو گے
بڑا افسوس کی بات ہے - دنیا کی نسبت شفاعت آپ کیلئے ہے - وللآخرۃ خیر لک -

M T W T F S S
Memo No
Date / /

ہے۔ ہر گزرتی آن آپ کے مرتبے کو بلند کر رہی ہے ۔ اور اللہ فرماتا ہے ولسوف یعطیک ربک ۔
محبوب تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا ۔ جس میں تم راضی ہو جاؤ گے ۔ ہماری عطا کا پیمانہ تمہاری رضا ہے ۔
تو پھر محبوب کو خطرہ کس طرح ہو سکتا ہے ۔ قیامت کے دن نہ محبوب کو شرمسار ہونے
دوں گا نہ ان کے ساتھ دامن میں جو وابستہ ہوں گے نہ ان کو شرمسار ہونے دوں گا ۔
صرف صحابہ کی بات نہیں کی ۔ والذین اتبعوھم باحسان رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ ۔ العظیم
جو صحابہ مہاجرین اور انصار کے نقش پر چلنے والے اہلسنت مسلمان ہیں قیامت تک پیدا ہوتے
چلے جائیں ان سب سے میں راضی ہوں ۔ جیسے صحابہ کے مقتدیوں سے اللہ راضی ہے ۔
تو صحابہ سے کیوں راضی نہ ہوگا ۔ جیسے صحابہ کرام سے راضی ہے تو پھر نبی پاک کے لئے کیا
مقام ہوگا ۔ ولیوں کے بارے میں فرمایا ۔ الا ان اولیاء اللہ ۔ جب ولیوں کے خوف
و حزن نہیں ہے تو پھر نبیوں کے نبی کیلئے کیا خوف و حزن ہے ۔ یہ بات بھی بھول گئی کہ
باقی حدیث میں بھی بھول گئیں ۔ سرکار فرماتے ہیں ۔ انا اول شافع ۔ سب
سے پہلے شفاعت کرنے والا میں ۔ سب سے پہلے میں جنت کی زنجیر جا کے
کھٹکھٹاؤں گا ۔ وہ بھی میری ذات ہوگی ۔ سرکار جیسے زنجیر ہلائیں گے خازن جنت
دوڑتا ہوا آئے گا ۔ حضور کون ہو ۔ فرمائیں گے انا محمد ﷺ اور دروازہ فوراً کھولے گا ۔
اور ہاتھ چومے گا ۔ یا رسول اللہ مجھے یہ حکم تھا کہ میں صرف آپ کیلئے ہی کھولوں گا ۔
قیامت کے دن ساری مخلوق انبیاء بھی ڈر کے سوالی ہوں گے ۔ حسن نے
اس دن کیلئے یہ دعا بچا رکھی ہے ۔ سرکار یہ بھی جانتے ہیں کہ بادشاہوں کی نجات بھی
میرے دست کرم میں ہوگی ۔

حضرات گرامی انبیاء کو بھی پتہ تھا ۔ کہ اپنی دعا بچا کے رکھ لیتے ۔ تاکہ اپنے لئے بھی
کام آئی اپنی امت کیلئے بھی کام آئے ۔ حالانکہ انہیں پتہ ہے کہ قیامت آنی ہے ۔
اس کی ہولناکیوں اور شدتوں کا بھی پتہ ہے ۔ اللہ کی شان قہاری اور جباری کا بھی
پتہ ہے ۔ لیکن دعا نہیں بچا کے رکھی ۔ ان کو پتہ ہے کہ لجپال کو لاج ہے ۔
ان کو پتہ ہے کہ سب انتظام کرنے والا آ رہا ہے ۔ رحمۃ للعالمین کا تاج سر پہ سجا کے

Memo No
M T W T F S S
Date / /

اور امام الانبیاء کے منصب پہ فائز ہونے والا - آرہا ہے . وہ جس طرح اپنی امت کا انتظام کرے گا
ہم سب کا انتظام کرے گا - کیونکہ وہ رحمۃ للامت نہیں وہ سب کے لیے رحمت ہے -
قیامت کے دن لوگ کھڑے ہوں پسینے میں غرق ہیں - مربوط - مدہوش ہیں -
اللہ الہام فرمائے گا وہ شفیع ڈھونڈو - کام بنے گا - کیونکہ جس مقصد کے لیے میں نے روک
رکھا ہے - وہ مقصد تو پورا ہو نہیں رہا ---- روکنے کا فائدہ کیا ہے - اس لیے اللہ الہام کرے گا کہ
شفیع ڈھونڈو - شفیع کے بغیر بات نہیں بن سکتی ---- اللہ الہام فرمائے گا -
یا شرک کا الہام کرے گا - کہ مشرک بن جاؤ ---- اگر کسی کو شفیع ماننا
شرک سمجھا ہے کیا اللہ تعالیٰ مشرک بنائے گا ---- سارے مومن مشرک بن جائیں گے کوئی موحد مومن
نہ رہے گا - اللہ شفاعت کو شرک نہیں سمجھتا - یہ جو نہیں شفاعت کو شرک سمجھو ں
سمجھتے ہیں - اللہ کو سمجھ نہیں آئی انہیں سمجھ آئی ہے ---- شفیع تلاش کریں گے پھر
سارے جمع ہو کر جب باپ کے پاس - تمام فضائل کا ذکر ہوں گے - جواب ملے گا نفسی -
حضرت نوح کے پاس ---- حضرت آدم ہم فرمائیں گے یہ کیا کر رہے - ہم شرک کر
رہے ہو ---- نوح کے پاس چلے ---- ابراہیم - موسیٰ کے پاس - عیسیٰ کے پاس --
اگر کسی کو شفیع ماننا شرک ہے - تو پہلا شرک اللہ نے کر دیا سب کو اس شرک پر مجبور کر
کر دیا - نبی اللہ کی طرف نہیں بھیجتے - کہ ہم سب کی طرف بھیج رہے ہیں - اور خواہش کرتا ہے
کہ سب شرک کا اعلان کرتا ہے پیر 3-7-2017 = 8-10-38 = 9-۱۴۳۸
(B) ایک ہی نبی کی طرف بھیج رہے - کیا انبیاء بھی شرک کر رہے ہیں - اس لحاظ سے سب
انبیاء کو مشرک ماننا پڑے گا ---- نہ خدا شرک کر سکتا ہے نہ شرک کا اعلان کر
سکتا ہے . نہ پیغمبر شرک کروا سکتے ہیں - تو ماننا پڑے گا شفاعت وہ عقیدہ ہے جس پر
سارے نبی متفق ہیں - ساری امتیں متفق ہیں - بلکہ اللہ بھی متفق ہے . کوئی مسلمان اس کا
منکر نہیں ہو سکتا - اس پر ساری نبی متفق ساری امتیں متفق - بالآخر حضرت عیسیٰ
بھی معذرت کر دیں گے - امتیں پوچھیں گی پھر آخر کوئی ہے بالآخر ایسا ---- جہاں ہماری بگڑی
بن سکے - کوئی ایسا در ہے جہاں ان سوالیوں کو خیرات مل سکے - کوئی ایسا در بھی

M T W T F S S
Memo No
Date / /

ہے۔ حضرت حسین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اگر بگڑی بنانا چاہتے ہو۔ تو در مصطفیٰ پہ چلے جاؤ
اگر دینی حصول میں بیڑا چاہتے تو لجپال نبی کے دروازے پہ چلے جاؤ۔ امام اہلسنت فرماتے ہیں

رسل و ملک پہ درود ہو تو جانے ان کے شمار کو۔

کوئی ایسا دکھا ہی تو دو جو شفیع روزِ شمار ہو۔

خلیل و نجی مسیح و صفی سبھی سے کہی کہیں بھی بنی

یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لئے

اللہ تعالیٰ کو پتہ ہے کہ شفاعت تو صرف میرے یار نے کرنی ہے تو جب الہام ہو گیا تھا۔
کہ شفیع تلاش کرو۔ تو یہ بھی سارے ہی کر دیتا۔ کہ تم سارے آخر الزماں پیغمبر کے پاس چلے جاؤ۔
لیکن اللہ ذہنوں کی خلشوں کو دور کرنا چاہتا ہے۔ ذہنوں سے وسوسوں کو نکالنا چاہتا ہے۔
اگر پہلے ہی سیدھا حضور کے پاس چلے جاتے۔ حضور شفاعت کر دیتے تو دل میں یہ خیال ہمیشہ رہتا۔
کہ شفاعت اور بھی کر سکتے تھے۔ ہم گئے جو نہ۔ اس لئے فرمایا ہر نبی کے دروازے پہ جا کے دستک
دے لو۔ سوال پھیلا لو۔ کاسۂ گدائی ان کے سامنے کر لو۔ جب خلشیں تسلی ہو جائے۔ جب کوئی
نہیں کرنے والا تو میرے محبوب یار کے پاس آؤ۔ تا کہ تمہیں پتہ چلے۔ کہ

سنتے ہیں کہ محشر میں ان کی رسائی ہے

گر ان کی رسائی ہے تو پھر بن آئی ہے

اس لئے اس چکر میں ڈالا ان کو کہ حضرت آدم سے شروع کروایا۔ تا کہ ذہن صاف ہو
جائے۔ خلشیں دور ہو جائیں۔ اور پتہ چلے کہ کیا فقط اتنا سبب ہے ۔
یہ سارا اکٹھا کیا اللہ نے تو محبوب کی خاطر۔ ان کی شان محبوبی دکھلانے کی خاطر۔ حساب
تو آنکھ جھپکنے سے پہلے ہی ختم ہو گیا۔ جو اکٹھے محشر کے میدان میں جائے گا اس کو اپنے اعمال
کی لسٹ مل جائے گی۔ جنتی ہے تو دائیں ہاتھ ہے دوزخی ہے تو بائیں ہاتھ میں۔ وہ کاغذ
پکڑ لیں گے ہی پتہ چل جائے گا کہ ۔۔۔ پھر ٹوٹل بھی کر لیں گے۔ وہاں اگر یہاں نہیں پڑھا ہوا تو وہاں
پڑھا لکھا ہوا ہو گا۔ اس زبان میں ہی وہ لسٹ تیار ہو گی۔ تو ہر کوئی پڑھ لے گا۔ دیکھا اگر کوئی نیکی
نیکی رہ گئی تو لکھ دیتے ہیں۔ اگر کوئی گناہ تو نے نہیں کیا تو ہم مٹا دیتے ہیں۔ پڑھ کر اگر

Memo No ______
M	T	W	T	F	S	S

Date / /

کر سکا کوئی نیکی یا برائی باقی نہ رہ گئی ہے ——— ہر کوئی آپ فیصلہ کر سکتا ہے۔ تو کہہ دیا
جاتا اب کچھ تمہارا پاس ہے۔ جس جس جگہ تم نے جانا ہے تم چلے جاؤ ——— تو پچاس ہزار
سال روکنے کی ضرورت کیا تھا۔ تو پتہ چلا اصل حساب لینے والے بھی جانتے ہیں دینے
والے بھی جانتے ہیں۔ نہ ترازو رکھنے کی ضرورت تھی۔ اور نہ کوئی حساب و کتاب کے جو
طریقے ہیں ان کی ضرورت تھی ——— یہ روکا اس لئے تاکہ محبوب کی شان محبوبی ظاہر ہو۔
نبی پاک علیہ السلام کے پاس امتی پہنچیں گے شفاعت کے لئے عرض کریں گے۔
آپ نہیں فرمائیں گے نفسی نفسی ——— میں تو اپنے فکر میں ہوں۔ آپ نہیں کہیں گے۔
مولویوں کو پتہ چل گیا ہے کہ سرکار کو اپنے انجام کی خبر نہیں۔ لیکن سرکار یہ نہیں
فرمائیں گے کہ مجھے اپنی فکر ہے۔

آپ کو تو پتہ ہے کہ میرے لئے ضمانت ہے سرکار کی طرف سے۔ میں تو بخشا گیا۔
اندازہ کرو کہ باقی مخلوق عدالت کے اندر کھڑی ہے اور نبی کریم۔ اللہ کے ساتھ وزارت
عظمیٰ کے ساتھ کرسی پہ بیٹھے ہیں ——— کیا جو جج کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے بھی مجرم
سمجھا جاتا ہے۔ پتہ چلا کہ ساری کائنات سے جواب طلبی ہوگی مگر سرکار سے
کوئی جواب طلبی نہ ہوگی ——— یہ آپ کو وہاں جا کے پتہ چلے گا۔ یا یہاں معلوم ہوگا۔
آپ کو یہ بھی پتہ تھا۔ اور آپ نے ہمیں بھی پتہ دے دیا ——— قیامت کو پتہ چل
جاتا کہ کون حاجت روا ہے۔ کس نے شفاعت کرنا ہے۔ پیدا کیوں ہوا بتلایا گیا۔ اس لئے
کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ——— کو امت بڑی پیاری ہے۔ اس لئے جو در کے ان کا سہارا
لینے آئیں گے۔ انہیں دوسروں کے سہاروں کی ضرورت نہیں۔ تم اپنی جگہ پہ کھڑے رہنا۔
میں رحمت کا بادل بن کے تمہارے پاس پہنچ کر سایہ کر دوں گا ———

حضرات گرامی جب ساری مخلوق سوالی ہیں کہ آپ کے در پہ جائیں گے تو
فرمائیں گے انا لہا۔ شفاعت کیلئے تو میں تھا۔ دیر کر کے کیوں آئے ہو ——— یہاں پھرتے
رہے۔ جلدی کیوں نہیں آ گئے ——— اللہ تعالیٰ بڑی شان کے ساتھ دروازہ کھول کے
کہے گا ——— مرحبا اے محبوب کیسے آنا ہوا ——— نبی پاک عرض کریں گے خدایا جب

KHURRAM PAPER PRODUCTS

159

M T W T F S S — Memo No ______ Date / /

تو نے مجھے پیدا کیا تھا ۔ اس وقت تو نے یہ کہا تھا ۔ کہ میرا مقصود تو تیرا کا ذات ہے ۔ باقی سب کچھ
میں تیری محبت کی وجہ سے پیدا کر رہا تھا ۔ پھر اس بات کو یاد کر جس طرح تو نے سب کو
میری خاطر پیدا کیا تھا ۔ اور آج بخشش کا سامان بھی میری محبت کی وجہ سے کر دے
اللہ تعالیٰ خوش طبعی کے انداز میں فرمائے گا جس طرح یار یاروں سے خوش طبعی
کرتے ہیں ۔ محبوب خالی دعویٰ کیا ہے یا کوئی دلیل بھی ہے ۔ آپ عرض کریں گے
کہ اگر اجازت ہو تو میں گواہ پیش کرتا ہوں ۔ آپ جائیں گے تو حضرت آدم کو ۔ حضرت
ابراہیم کو ۔ حضرت موسیٰ کو ۔ حضرت داؤد کو حضرت عیسیٰ کو ۔ کہ آؤ اتنی
سی گواہی دے دو ۔ باقی کام میں آپ کر لوں گا ۔ کہ گواہی دے دو کہ اللہ تعالیٰ نے
کہا تھا کہ میں نے ہر شئے کو محبوب کی خاطر بنایا ہے ۔ جب یہ حضرات اللہ کے حرم
ناز میں پہنچیں گے اللہ فرمائے گا کہ میرے محبوب نے یہ دعویٰ کیا ہے ۔ کہ میں نے کہا تھا ۔
کہ میں نے ہر شئے محبوب کی وجہ سے پیدا کر رہا ہوں ۔ اور انہوں نے تمہیں گواہ
بنایا ہے ۔ تم اس دعوے کے بارے میں کیا بیان دینا چاہتے ہو ۔ وہ سارے عرض
کریں گے جو صحیفے کتابیں تو نے ہم پر نازل کئے ہیں ۔ ان میں یہی لکھا ہوا ہے ۔ کہ تو نے
ہر چیز کو یار کی محبت کی وجہ سے پیدا کیا ہے ۔ اس وقت نبی پاک فرمائیں گے
کہ جو قرآن تو نے مجھ پر نازل کیا ہے اس میں بھی یہی لکھا ہوا ہے کہ تو نے سب کچھ یار کی
وجہ سے بنایا ہے ۔ سرکار کی مراد کیا ہے اللہ جانے یا سرکار جانے ۔ جو بات
سمجھ آتی ہے وہ یہ ہے ۔ یہ دعویٰ سرکار کا کہاں لکھا ہوا ہے وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ
— محبوب اس وقت کو یاد کر جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا ۔ میں
زمین میں خلیفہ بنانے لگا ہوں ۔ پھر حضرت آدم کو کہا جا رہا تھا ۔ خلافت کا تاج
ان کے سر پر سجایا جا رہا ہے ۔ مگر ربک کہا جا رہا ہے ۔ جب تیرے رب نے کہا تھا ۔
جب پیدائش آدم کی بات ہے ۔ جب آدم کے امتیازات و اعزازات کی بات آئے ۔
اللہ یوں فرماتا ۔ اِذْ قَالَ آدَمُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۔ ~~اذ قال آدم لربہ~~ اِذْ قَالَ آدَمُ رَبُّهٗ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۔
اِذْ قَالَ رَبُّ آدَمَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۔ مگر آدم کا رب کہنے کی بجائے آکر ربک کہا ہے کہ تیرے رب

نے کہا ہے۔ تو پتہ چلا کہ مقصود آدم نہیں تمہاری ذات ہے۔ اس آیت سے یہ بات پتہ چلتی ہے۔ وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ ——— اس سے پتہ چلتا ہے کہ سارے نبی پہلے آ جائیں گے۔ تو محبوب پاک کیلئے اطلاعات کریں گے۔ جب آپ آ جائیں گے تو ان کی نبوتیں ختم ہو جائیں گی ——— اور پھر وہ بھی امتی بننے کے پابند ہو جائیں گے۔ اس سے بھی پتہ چلتا ہے کہ مقصود ان کی ذات نہیں مقصود آپ کی ذات ہے ———

اس وقت اللہ تعالیٰ محبوب کا دعویٰ مان لے گا ——— اور پھر عرش کے دائیں جانب کرسی پر بٹھائے گا ——— ہماری کتابوں میں ہے۔ کہ سرکار اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے۔ جونہی آپ کی نظر اللہ کریم کے جلوؤں پر پڑے گی۔ تو سر بسجود ہو جائیں گے۔ چہرہ والضحیٰ کو زمین پر رکھیں گے ——— اور زلف واللیل خاک سے لپٹ جائیں گی۔ اور آنکھوں سے آنسوؤں کی ندیاں بہہ جائیں گی ——— جب محبوب کو اللہ اس حال میں دیکھے گا۔ اس کا قہر و غضب کرم میں بدل جائے گا۔ اس کا جلال جمال میں بدلے گا۔ اور فرمائے گا ارفع راسک ——— تم کہتے جاؤ میں سنتا جاؤں گا۔ تم مانگتے جاؤ میں دیتا جاؤں گا۔ تم چھڑاتے جاؤ میں چھوڑتا جاؤں گا ——— تو سرکار دو عالم کو وہاں سے اٹھا کر عرش کے دائیں جانب بٹھا دیا گا ——— ادھر اللہ تعالیٰ اپنی شان کے لائق جلوہ فگن ہے۔ ادھر محبوب اللہ کے پہلو میں رحمت میں شان محمدی کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ کیسا عجیب منظر ہو گا۔ حضرت حسن فرماتے ہیں ——

جدھر خدا ہے ادھر نبی ہے۔ جدھر نبی ہے ادھر خدا ہے

اگر خدا کو تلاش کرنا ہو تو پہلوئے مصطفیٰ میں اور اگر مصطفیٰ کو تلاش کرنا ہو تو اللہ کے پہلو رحمت میں ——

سوالات ——

(1) یا رسول اللہ پکارنے کا ثبوت دیں ——— (جواب) شہاب ثاقب میں لکھا ہے کہ تاریخ صدر اول میں یہ کہنا جائز ہے (1) کوئی خوشی میں پکارے یا رسول اللہ مدد بھی جائز ہے۔ (2) کوئی غمی میں پکارے یا رسول اللہ مدد بھی جائز ہے کوئی دفعہ دیوبند کے اکابر علماء کا

کی شان و فضیلت پہ ذرا غور کرو — کہ غلاموں کا یہ حال ہے تو آقا کا
شان کیا ہو گا ۔ میرے دوستو — ادھر تو جبرائیل کی گھوڑی کے
پاؤں کی مٹی ہے ۔ اور یہ دل ہے جس میں اللہ کے ڈیرے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے نہ میں آسمانوں میں سما سکتا ہوں نہ ہی زمین — تو مومنوں کے دل
میں رہتا ہے تو جس ہستی نے مومن بنایا ہے ۔ اس کے دل میں اللہ نہیں ہے ۔ نبی پاک کے
دل میں انبیاء صحابہ کرام ۔ اولیاء کے دلوں میں اللہ کے ڈیرے ہیں ۔ اگر جبرائیل کی گھوڑے
کی پاؤں کی مٹی کی شان ہے کہ مردے کو زندہ کرتی ہے ۔ تو پھر جن دلوں میں اللہ تعالیٰ کے

Memo No ______
M T W T F S S
Date / /

کے ڈیرے ہیں — رہبر کے بغیر کیسے پار ہو جاؤ گے —

آپ حضور نے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے - کہ وہ لوگوں کو زندگی عطا کرتے ہیں - اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے ایمان والو - جب میرا رسول تمہیں یاد کرے - تو پھر اللہ کی بارگاہ میں حاضری دو - اور اللہ کے رسول کی بارگاہ میں حاضری دو - جب تمہیں میرا رسول بلائے — خواہ تم نماز میں کیوں نہ کھڑے ہو - نماز وہیں چھوڑ دو. پہلے میرے رسول پاک کی بارگاہ میں حاضری دو - پکارنے والے اللہ کے رسول ہیں - لیکن اللہ فرماتا ہے اللہ کی بارگاہ میں حاضری دو - اور اللہ کے رسول کی بارگاہ میں — اللہ نے واضح کر دیا کہ اُن کا بلانا میرا بلانا ہے — اور ان کی بارگاہ میں حاضری میری بارگاہ میں حاضری ہے - جو نماز کو چھوڑ کے جا رہا ہے اللہ کو پیٹھ دکھا کر جا رہا ہے - اللہ سے واسطہ نہیں رکھا - بلکہ اللہ کے نبی سے واسطہ رکھتا ہے — یہ شرک ہو گیا ہے - کیوں اللہ کو چھوڑ کر ادھر جا رہا ہے - اللہ تعالیٰ اپنا ذکر سے روک گیا ہے — یہ مت سمجھو کہ ہم صرف رسول اللہ کی بارگاہ میں حاضری کیلئے جا رہے ہیں - بلکہ یوں سمجھو کہ یہی حاضری اللہ کی بارگاہ میں بھی ہے - اور رسول کی بارگاہ میں بھی ہے —

اللہ نے تو دونوں دربار اکٹھے کر دیئے ہیں — تم الگ الگ کیوں بناتے ہو — ہاں اللہ بتلاتا ہے کہ جو اُن کا ہے وہی میرا ہے — جو ان سے دور ہے وہ میرا بھی نہیں ہے جو مجھ سے دور بھاگنے والا ہے وہ مجھ سے بھی منہ موڑنے والا ہے — نبی پاک نے پوچھا کہ دیر کیوں کی ہے — فرمایا میں نماز پڑھ رہا تھا — تم نے یہ ہماری بات نہیں سنی — حاضری دو اللہ کی بارگاہ میں رسول کی بارگاہ میں — تم نے اس آیت کو نظر انداز کیوں کیا — جہاں چھوڑ کے گئے تھے وہیں سے آگے شروع کر دو. نماز فاسق نہیں ہوئی — وہ قائم ہے وہیں سے آگے شروع کر دو —

وجہ کیا ہے کہ کیوں اتنا حق بنا دیا ہے ان کا اتنا مقام مراد الصلحت. کیونکہ یہ مرشد آپ سے ہر کرم میں فیض دینے والے ہیں وہ دوسروں کو بھی زندہ کر سکتے ہیں۔ جو مفلس فقیر — آپ غنی ہو گا وہ دوسرے کو دے سکتا ہے اسی طرح کوئی باطنی روحانیت میں کسی کو داتا بنا دیا ہے۔ کسی کو غریب نواز بنا دیا ہے۔ کسی کو سخی بنا دیا ہے۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

کسی کو قاسم بنا دیا ہے۔ انما انا قاسم واللہ یعطی ——— اللہ جیسے دیتا جا رہا ہے میں لوگوں میں بانٹتا جا رہا ہوں ——— اللہ نے کسی کو ڈرائنگ دے دیا تو نبی پاک بانٹیں گے کیا۔ پتہ چلا۔ اللہ سب کچھ آپ کو عطا فرماتا ہے۔ آپ اپنے دست کرم سے ساری مخلوق کو عنایت فرماتے ہیں۔ ساری زمین بھی دسترخوان ہے۔ سارا آسمان بھی دسترخوان ہے ادھر خاکی مہمان ہیں۔ ادھر نوری مہمان ہیں ———

؎ آسمان خوان۔ زمین خوان زمانہ مہمان۔

نبی پاک ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے حیات بخش بنا دیا ہے — میرے محبوب تمہیں زندگی دیتے ہیں کلمہ پڑھا ہمارا زمین تھی پڑھ رہے ہیں کہ زندہ ہیں۔ زندگی تو پہلے تھی۔ جب ایمان لائے مسلمان بنے۔ عبادت شروع کی۔ زندگی جب پہلے ہے تو پھر زندگی دوبارہ ہوئی — وہ زندگی تھی جسمانی اس کوئی کمال نہیں تھا۔ جسمانی زندگی کا مل جانا کوئی کمال نہیں ہے۔ جانور بھی زندہ ہیں۔ درندے بھی زندہ ہیں۔ پرندے بھی زندہ ہیں۔ کتے بھی زندہ ہیں خنزیر بھی زندہ ہیں۔ یہ جسمانی زندگی کوئی کمال نہیں ہے۔ کمال ہے روحانی زندگی کا — دل کی زندگی کا روحانی زندگی ملتی ہے تو در مصطفیٰ ﷺ سے ملتی ہے ——— دل کی حیات ملتی ہے تو در ——— وہ زندگی جو قبر میں جا کے بھی زندگی دے۔ جنت میں ابدی زندگی دے — وہ زندگی ملتی ہے تو در مصطفیٰ سے ملتی ہے ——— حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دعویٰ یہ تھا۔ احی الموتیٰ باذن اللہ ——— میں مردوں کو اللہ کے حکم سے زندہ کر دیتا ہوں — مگر زندہ ناں کر کے مرنے والے مومن رہیں۔ نبی پاک علیہ السلام حیات ابدی عطا کر رہے ہیں — وہ زندگی عطا کر رہے ہیں جو ملک الموت کے مارنے سے بھی حیات ختم نہیں ہوتی ——— وہ زندگی اسی طرح رہتی ہے۔ علی قاری مشکوٰۃ کی شرح مرقاۃ میں نقل کرتے ہیں۔ الا ان اولیاء اللہ لا یموتون ——— الی دار۔ اللہ کے ولی مرتے نہیں ہیں۔ ایک مکان سے دوسرے مکان میں منتقل ہوتے ہیں ———

(۱) اگر شہید زندہ ہے تو پھر ان کی بیویاں نکاح کیوں کرتی ہیں۔ جواب میں کسی کا قول پڑھا گیا ہے۔ یا قاری کی آنسوں کا پیش کیا ہیں۔ یہ عقل مسئلہ ہے ـ

Memo No
M T W T F S S
Date / /

اگر شہید زندہ ہو تو اس کی بیویاں آگے نکاح نہ کر سکیں۔ آگے نکاح کر رہی ہیں ثابت
ہوا کہ زندہ نہیں ہیں۔ (یہ کسی نبی کا حکم ہے۔ یا قرآن کا حکم؟)
قرآن نے تو حیات بیان کی۔ اللہ نے رزق کے کھانے کا بیان فرمایا۔
انہیں مردہ مت کہو۔ ایک طرف قرآن کی آیات ہیں۔ دوسری طرف عقلی ڈھکوسلہ
ہو۔ جو عقلی ڈھکوسلے کو مان کے قرآن کی آیات کو نہ مانے پکا بے ایمان ہے یا نہیں۔
یہ تو قرآن کی آیات ہیں۔ قیاس چوتھے درجے کی دلیل ہے۔ پہلی دلیل کتاب
اللہ۔ دوسری دلیل سنت رسول اللہ۔ تیسری دلیل اجماع امت۔ چوتھی دلیل
قیاس۔ یہ عقلی ڈھکوسلہ قیاس کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ سنت رسول
اللہ کا مقابلہ کیسے کر سکے۔ پھر قرآن کا مقابلہ کیسے کر سکے۔ اگر تمہاری عقل اتنی
کامل ہوتی تو پھر نبی تمہیں بنا دیا جاتا۔ انہیں نبی بنا کے بھیجنے کی ضرورت کیا تھی۔
تمہیں امتی بننے کا پابند کیا گیا ہے کیوں۔ تمہیں ضرورت تھی راہبر کی تو وہ
آقا ارواحنا فداہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ تمہاری بگاڑ درست کریں تمہاری کسر دور
کر دیں۔ اگر عقل تمہاری اتنی کامل ہوتی۔

ہر بندے کا عقل حقائق کو نہیں پا سکتا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے نبی کو
خود پڑھایا۔ پھر بھیج دیا کہ تم مجھ سے پڑھ لو۔ تربیت حاصل کر لو۔ پھر جا کر
لوگوں کو تعلیم بھی دو۔ یہاں عقل کے مطابق چلنا غلط ہے۔ اللہ فرماتا ہے جس کے اندر
شعور ہی نہیں ہے۔ تو کیا سمجھ سکتا ہے۔ شعور جانوروں میں بھی ہوتا ہے۔ گائے
نے مالک کی آواز کو سن لیا۔ اللہ نے بڑے شعور کی بھی نفی کر دی۔
تو جانوروں سے بھی بدتر ہے۔

زندہ میں اگلا جہان ہیں۔ ماں کے پیٹ میں تو زندہ تھا یا نہیں۔ اب
اس پیٹ میں زندہ ہے۔ اب جوان ہو چکا ہے بوڑھا ہو چکا ہے۔ اب کوئی ٹٹولتا
اس کے پیٹ کو کہ کس طرح زندہ ہے۔ اب ادھر سے نانی کے کمرہ آ سکا ہے؟
کہ میں زندہ ہوں۔ کمرہ ہوں۔ میں اس جہان میں آ گیا ہوں۔ پہلے ماں کا پیٹ

KHURRAM PAPER PRODUCTS

سیر دنیا - تیسرا برزخ ہے اور چوتھا مستقل جنت ہے۔ تو اگلے جہان میں زندہ ہے۔ جس طرح
اس جہان میں کوئی سویا ہوا ہے تو بھی زندہ ہے۔ جو بے ہوش ہے وہ بھی زندہ ہے جو
چابک رہا ہے جو مفلوج ہے وہ بھی زندہ ہے۔ جو اس دنیا میں سارے کام کاج
کرتا ہے وہ بھی زندہ ہے - اور اس ساری زندگی کے تمام مراحل میں زندہ ہے یا نہیں۔
اللہ تعالیٰ اسی لحاظ سے بیان فرما رہا ہے کہ وہ عام لوگوں کی طرح نہیں ہے بلکہ وہ
زندہ ہے اور اس طرح سے زندہ ہے۔ قاضی ثناء اللہ تفسیر مظہری میں فرماتے ہیں۔ یذھبون -
کیف یشاؤن — شہدا جہاں چاہیں جا سکتے ہیں - مدد کرتے
رہتے ہیں - اور پوری کائنات ان کے پاؤں کے نیچے سمٹی ہے - زمین ہر قدم تکافش
تو کم نہیں - آسمان کی بلندی پر قدم تکافش تو کم نہیں - جنت میں ڈیرہ کہیں
تو کم نہیں — (یذھبون من الارض والسموٰت والجنۃ حیث یشاؤن)
اور دوستوں کے دشمنوں کو تباہ برباد بھی کرتے رہتے ہیں -
اور ان کا عمل کیا ہے ارواحنا اجسادنا — ہماری روحیں
ہمارے جسموں کی طرح ہیں - میدان جنگ میں صحابہ کرام اولیاء شہداء کی
روحیں پہنچ جاتی ہیں — مسلمانوں کو فتح ملتی ہے -
مکان بدل گیا جہان بدل گیا — یہ اس جہان میں نہیں - وہ اس جہان میں
چلے گئے - اس جہان میں رہ کر بیویوں کے حقوق ادا نہیں ہو سکتے - اس لئے شرعی
حکم یہ آ گیا -
لیکن مولوی کی دلیل — ایک اور مسئلہ بیٹھے حل گیا یہ جو زندہ ہو۔ جو اس
کی بیوی نکاح کر رہی ہے۔ وہ زندہ نہیں ہے۔ نبیوں کی بیویاں نکاح نہیں کر سکتیں
اس لئے نبی اس جہان میں زندہ ہے — تو جا لو ہم انبیاء زندہ ہیں
اور نبی یقیناً زندہ ہیں - پیر اولیاء کاملین علماء ان کے وارث ہیں۔ یہ بھی زندہ ہیں۔
— اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا لما یحییکم وہ تمہیں زندہ کرتے ہیں۔ تو پتہ چلا آپ زندہ ہوں
گے تو دوسروں کو زندہ کریں گے - تو نبی پاک آج بھی زندہ کر رہے ہیں کیا اب زندہ

Memo No ______
M T W T F S S
Date / /

ختم ہو گیا ہے آج بھی زندہ کر رہے ہیں۔ کتنے ولی عالم ہیں۔ حضور کے دست کرم

وہ حضرات اب بھی بانٹتی جا رہی ہے ــــ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب

عطا فرمائی ــــ اور اپنی آیات خاصہ ــــ ان کو نوازا ــــ آپ کو ان کی

ملاقات میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے ــــ وہ ملاقات کیا ہے۔ بیت المقدس

اور حشر شریف میں بھی استقبال کر رہے ہیں ــــ یصلی ــ کا معنی نماز ہے

الصلوٰۃ کا معنی نماز ہے یا کوئی اور بھی ہے۔ ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی ــــ

کیا آپ نبی پاک کی نماز پڑھتے ہیں ــ راستے میں موسیٰ نے ملاقات کی۔

ــــ اور پھر ان کی پھر ہے کر بھی کل آ رہے ہیں۔ اور نہ دیکھے والے ہیں۔ راستے

میں کھڑا کیا ــــ فلا تکن فی مریۃ الی لقائہ ــــ جتنی ملاقاتیں نبی پاک

سے موسیٰ کی ہوئیں۔ اور آسمانی کسی اور بھی ــــ ہوئی ہیں۔ تو ملاقات زندہ کی ہوتی

ہیں ــ تو ثابت ہوا کہ جس طرح اس کا ملاقات کر رہے ہیں زندہ ہونے کی حیثیت

میں اسی طرح موسیٰ کو بھی ملاقات ــــ بھی کر رہے ہیں ــــ وسئل من ارسلنا

من رسلنا من قبلک جو رسول بھیجے ہیں ان سے پوچھنے کا کیا

مطلب ہے ــــ اس سے پوچھنے کا حکم کیسے دیا جا سکتا ہے ــــ اس

آیت پاک نے واضح کر دیا کہ پیغمبر زندہ ہیں سنتے ہیں ــــ وسئل من ارسلنا۔

تو جبرائیل امین نے عرض کیا بیت المقدس میں کہ پوچھ لو ــــ میں کہا نہ کیوں

پوچھوں کہ مجھے کوئی شک ہے ــــ

۱۵-۱۰-۱۴۳۸
2-17
15-10-
۸-۳۲ AM

QARI ... ABBAS
Naqshbandi ... Soharwardi
11 JUL 2017
Chak 365/E.B Burewala District Vehari
Mob:0304-7632...

۸۶ ۔ وما ارسلنا من رسول الا لیطاع ___ ہر رسول کو امام بنا کر بھیجا گیا ہے
نائب ۔ قائم مقام کے طور پر بھیجا ___ منصب رسالت بیان فرمایا ___ پوری
کائنات کے اللہ تعالیٰ کے نائب ہیں ۔ رسول کا بلانا اللہ کا بلانا ہے
سعید بن معلی کی نماز کا ذکر ___ نشر لعتیہ پر عمل کرنے ___ زندہ ہیں ۔
جو زندگی سرکار سے ملتی ہے وہ قبر میں کام آتی ہے ___ کافر بھی کہیں گا ۔
کہ کاش ہم بھی مان جاتے ___ کیا نماز توڑ کے جائیں ___ جہاں سے مجبوری
ہیں ___ تمام شاہ والا نے فرمایا ___ توڑ کے جانا اور ہے چھوڑ کے جانا اور ہے ۔
منہ اس کا کعبے کی طرف ہے ___ رسول کی طرف ہے ___ التحیات پڑھنا واجب ہے
خیال ہے کہ میں سرکار کی بارگاہ میں سلام عرض کر رہا ہوں ___ معراج کی رات
میں ___ قرآن کی تلاوت میں قرآن قدوس کی قدرت سنگان کا بیان ہے ۔ ہم کو
تعلیمات شرعی کرتا ہیں ___ پونچھیں گے ___ کہ استاذ ہے کہ میری تمام
عمر کی عبادت و بشیرہ نہیں شک ہو ۔ طرف ہے کہ مشنی پاک ﷺ کا مکالمہ ہے ___
علیہ و سلم تک نماز مکمل ہے ___ نماز میں خلل نہیں آتا نبی پاک ﷺ کا خیال آئے ۔
لوگوں کی تو کسی بھی بیان ___ نبی پاک ﷺ کا خیال آئے ___ صبح ہو کر امام کی نماز
علی کی نماز کو ختم ۔ جو بھی ولی ہوگا اس پر علی کی مہر ہوگی ___ عصر کی نماز کی
کیفیت ___ آپ کی عصر نماز رہ گئی وہ بہ سبب ... ضائع ہو گیا ___
نماز عصر کو قربان کر دیا ___ میرا رب میری نماز قبول نہیں کرے گا کہ نیند خراب
کر دوں ___ یہ نبی کے خیال میں نماز چھوڑ رہے ہیں ___ پہلے ایمان بچانا ___
حضرت علی کی نماز قضا نہیں ہوئی تمام عمر میں ۔ صدیق اکبر کی نماز غار ثور میں ۔
جو چاہیں کر لو ۔ چاہو تو نماز کو بدل دو ۔ ___ چاہو تو شفا اٹھا کر ___
حضرت علی نے نماز اس لیے قضا نہیں کی کہ نبی پاک ﷺ سو رہے تھے اس لیے حضرت
صدیق اکبر نے جان اس لیے نذر کی کہ لعاب دہن لگانا تھا ___ دو لوگوں نے بتایا نماز اور جان
جان بھی تو جائے مگر خلل نہ آئے ___ وہ صحابہ کا مسلک ہے ___ ولیوں کا مسلک

M | T | W | T | F | S | S
Memo No ________
Date / /

کوئی ان پر جان قربان ۔ کوئی نماز قربان کر رہا ہے — حضرت بلال کو فرمایا کہ صدیق
سے کہنا کہ نماز پڑھا دے — تاکہ تمام امام تھے — صفوں میں رسول اللہ
پہلی صف میں — رسولوں کا امام آ گئے — مصلیٰ چھوڑ کر — سرکار نے پیچھے پڑھی
جا سکے — دو نمازیں پڑھی ہیں — مقتدی کی بعد میں امام پہلے — نبی حاضر ناظر
ہے تو مصلے پر کیوں کھڑے ہیں — صدیق مصلے پر — دو حاضر ناظر ہیں
شوق کھڑے — صحابہ کی نماز میں کھڑے کی — دیکھا — جنوب سے مشرق
کی طرف کر لیا — قرآن کے ورق — حسین منظر ہم نے دیکھا —
غوث پاک کا خطبہ ۔ حضرت علی بن ہیتی کو زیارت رسول ﷺ — حضور کی بارگاہ
میں کھڑا رہا — ہم — یا حاضر ہیں —
صدیق اکبر نے شکر ادا کیا — نبی پاک نے فاتحہ کو نہ دہرایا —
صدیق
اسی میں نے چوتھا کہ نماز میں کھڑے رہو ۔ عرض کی ابو قحافہ کے بیٹے کے لئے جائز نہیں۔
صحابہ کی تالیاں ۔ امام مصلے کو چھوڑ رہے ہیں لیکن نماز بھی جاری ہے —
ابن عباس کو دائیں طرف کھڑے کیا ۔ ابن عباس پیچھے کھڑے ہو جاتے — حضور
برابر کھڑے ہونا اچھا نہ سمجھا — صدیق اکبر حضور کے سر پر ہیں — آپ نے
بھی ساتھ ہونا یہ برابر نہ سمجھا — ابن عباس کو دعا دی ۔ رسی کو تلاوت
میں نے بھی — قرآن کو پڑھا ہے —
نبی پاک نے لمبی سورتوں کو پڑھا — نفل کو پڑھا — صحابہ نے کہا —
عبد اللہ بن مسعود نے نماز نفل سرکار کے پیچھے پڑھی — بین یدی اللہ ورسولہ۔
نہ چلو — محبوب کی دائیں سامنے رہو ۔ اللہ نے محبوب کا نام لے کر نہ پکارا
نبیوں کو پکارا ہے — تمام نبیوں کے مقام کا ذکر دیا ۔ یا ایہا المزمل یا ایہا ۔
منصب کو نے لکھا — اب زمانہ ہے میرے محبوب کا نام لیکر نہ پکارو ۔
یہ حکم قیامت تک ہے کہ لا تجعلوا دعاء الرسول — سرکار کے وصال کے
بعد بھی پابند ہے — سر کر کے نوٹے لگاتے ہیں — صحابہ کرام نے پکارا ہے۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ____ Date / /

(یا محمد کہنے کا مسئلہ) =

خالد بن ولید نے یا محمداہ کو پکارا ہے ۔۔۔ مسیلمہ کذاب کے مقابلے
میں ۔۔۔ فریاد کے طور پر - استغاثہ کے طور پر - عرض کیا تھا ۔۔۔
عبداللہ بن عمر کا پاؤں سن ہونا ۔۔۔ عثمان بن حنیف کو دعا بتائی ہے -
آنکھوں کی بینائی واپس ہوگئی ۔۔۔ صحابہ فرماتے ہیں کہ جب گیا تھا تو نابینا تھا ۔۔۔
سرکار نے خود توسل کو بیان فرمایا ہے ۔۔۔ مشکل دور ہو جاتی ہے ۔۔۔
عثمان بن حنیف سے پوچھا ایک آدمی نے تو آپ نے بتایا تھا ۔۔۔ ابن حضیر -
دور ۔۔۔ میں صحابہ نے پکارا - قریب ۔۔۔ میں پکارا ۔۔۔ (یا عباد اللہ احبسوا)
سواری پر دعا مانگنا - نبی پاک نے فرمایا ہے ۔۔۔ نبی پاک سب کو جنت لوکید یعنی
السلام فرماتے ہیں ۔۔۔ اللہ کے بندوں کی مدد اللہ کی مدد ہے -
(B) میدان بدر میں پانچ ہزار فرشتہ آیا - فرشتوں نے مدد فرمائی - اللہ نے من
دون اللہ کو کیوں پہچانا ۔۔۔ ابراہیم نے مدد لی - سرکار نے مدد لی ہے ۔۔۔
وما النصر الا من عند اللہ ۔۔۔ نبی ولی اللہ تک رسائی کا ذریعہ ہیں - اللہ فرماتا ہے حل ان
کنتم تحبون ۔۔۔ میری غلامی کا پٹہ تمہارے گلے میں ہوگا ۔۔۔ من دون اور ہے رسول اللہ
اور ہیں - علماء پر کفر کا فتویٰ ۔۔۔ ان الحکم الا للہ ۔۔۔ سورۃ فاتحہ کی تفسیر
علی فرماتے ہیں ۔۔۔ سات سو من ایک اونٹ اٹھاتا ہے - تو پوری قرآن کی
تفسیر کیا ہے ۔۔۔ یہ مولا کے علم کا کیا حال ہے تو نبی پاک کا کتنا کمال ہوگا ۔۔۔
عبداللہ بن عمر ان لوگوں کو اللہ کی ساری مخلوق سے بدتر ۔۔۔
اللہ نے محبوب کو بلانے کا پکارنے کا طریقہ بتایا ہے ۔۔۔ یا نبی یا رسول کہنا
جائز ہے ۔۔۔ حاجی امداد اللہ نے فرمایا ہے زیارت رسول الصلوٰۃ ۔۔۔
مسلمان کو زیارت نہ ہوگی - ان کے فیوض سے صحابہ پہلے مشرک نہ تھا ۔۔۔
میرے اپنے غلاموں کو زیارت عطا فرماتے ہیں ۔۔۔ یا محمد کہنے کا مسئلہ =
۔۔۔ جبرئیل امین نے مرحبا یا محمد آ جبرئیل
ابوالعباس مرسی فرماتے ہیں صبح ہیں ۔۔۔ اشارہ ستغیث من الرسول -

Memo No ________
Date / /

M | T | W | T | F | S | S

ذیشان رسول - انا ارسلنک شاھدا ـــــــ امت کی خاطر اللہ کی بارگاہ میں دعا۔
(سوال ۲) یزید کے افعال اپنے دور میں ـــــــ مدینہ پر حملہ - امام حسین کو
عراق میں شہید کر دیا ـــــــ یزید کے بارے میں احادیث - جو میرے مدینہ والوں
خوفزدہ کرے گا ـــــــ لعنت ہے۔ نیز اس کے فوراً مشغول ہو جائے گا۔

بدھ

Abbas

۱۲ — ۷ — ۳:۴۰
۱۴ — ۱۰ — ۱۴۳۸
۶ — ۹۵ — ۱۵ — PM

QARI ..UHAMMAD ABBAS
Naqashbandi Ch..shti Qadri Suharverdi
12 JUL 2017
Chak 265/E.B Burewala District Vehari
Mob:0234-7632...

علامہ محمد اشرف سیالوی

۱۹۹

M T W T F S S — Memo No — Date / /

بیٹے نبی کے والدین کا مقام - جس حافظ کے والدین کو تاج پہنائے جائیں گے - تو نبی پاک کے

والدین —— حشر میں قرآن کا سایہ ہوگا —— بارگاہ رسالت میں عرض کیا

کہ حیاں ہے تیز گا وہ یہاں سے قرآن کی آواز —— انسان کو افضل

بنایا - ساری کائنات سے - لیکن انسان کھانے پینے کے لیے پاکو دے ——

جانور بھی جھکتے ہیں مگر انسان کو اپنے سامنے جھکایا ہے —— جو انسان

سرکار کی غلامی میں آجائے - پھر شریعت پر عمل کرے - پھر اس کو مقام ملتا -

تمل ان کی شکل تمہاری طرف —— میں تو اس کے اعمال یا برے ہیں کو نہیں دیکھتا - میں تو

یہ دیکھتا ہوں کہ میرا عبد ہے یا نہیں —— اللہ انسان کو عظمت عطا فرماتا ہے - یہ انسان

کو محبوب بناتا ہے خود اس کا محب بنتا ہے —— فرمایا میرے حبیب کے پاس آجا - میں کرسی

عطا فرماؤں گا - ہم شکر کیسے —— انسان کے اندر خون ہے پیشاب ہے -

براز ہے - وغیرہ وغیرہ - جب باہر نکلتے ہیں تو ناپاک ہے - جب اللہ ان چیزوں کو

نہیں دیکھتا —— کونین کی بادشاہی اس کے پاؤں میں آجاتی ہے ——

حضرت علی نے جب تک سلام نہیں پڑھا سورج نہیں اترا —— جب اللہ بندے

کو اپنا حبیب بناتا ہے تو اللہ جبرائیل سے فرماتا ہے

حضرت سفینہ اور شیر —— شیر اور شیر کا مقابلہ - ان کے پاس کمان نہیں

ہے پتہ نہیں چلتا کس سے ہے کوئی عالم نہیں گیا تھا کہ اس کو کلمہ پڑھا گیا - راستے دکھا کا

کوئی تبلیغ نہ کیا تھا —— ہر شئے نے محبوب کو تسلیم کیا —— اونٹ

کا بارگاہ میں سجدہ کیا —— صحابہ کرام نے دیکھا —— سرکار اور صدیق پیارے ہیں تشریف

—— صدیق و فاروق - عثمان ہے - ٹھہر جا —— وہ خوشی کا سے جھوم اٹھا -

شیر پہ سوار کا سانپ کا عصا —— اللہ کے ولیوں کا مقام

جب اللہ کے قرآن پر جب کوئی محبوب پاکو کہے گا —— تو کہا اللہ چاہے گا کہ یہ چیز بھی

جا چکے - وہ بے نیاز ہے —— اولیاء کرام کو دیکھو —— ان کا نام لیکر

پورے ہندوستان پر ایک عرصہ حکومت کی اس نے - وہ خواجہ غریب نواز - پھر بھی حکومت

M	T	W	T	F	S	S

Memo No ....
Date / /

وہ بھی حکمت ہے۔ یہ حکمت اللہ عطا فرماتا ہے ——— دنیا کی زندگی کے لیے بھی کوشش کرتا ہے

مگر۔ آخرت کیلئے زیادہ کوشش کرتا ———

Abbas

بدھ

۱۲ — ۷ — ۲۰۱۷

۱۷ — ۱۰ — ۱۴۳۸

۸ — ۵۹ — ۳۸ pm

QARI MUHAMMAD ABBAS
Naqashbandi Chishti Qadri Soharverdi
12 JUL 2017
Chak 365/E.B Burewala District Vehari
Mob:0334-7632365

محمد رسول اللہ ﷺ ، نبی پاک کی صورت اور سیرت۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ دلیل ہے۔ اور اسی لیے
نبی کریم علیہ السلام نے اپنی زندگی پاک کے چالیس سالہ طویل دور کو کفار و مشرکین
کے سامنے۔ بطور نمونہ پیش کیا۔ اور فرمایا فقد لبثت فیکم عمرا۔ میں عمر کا بہت بڑا حصہ
تمہارے اندر گزار چکا ہوں۔ کیا تم میں عقل نہیں ہے۔ کہ تم سوچ سکو وہ جب مخلوق کے سامنے
جھوٹ نہیں بول سکے؟ تو کیا اللہ تعالیٰ کے سامنے جھوٹ کیسے بول سکتے ہیں۔

نبی پاک ﷺ نے اپنی صداقت و پاکدامنی۔ اللہ تعالیٰ کی حفظ و امان میں اپنے والی اس
صفت کاملہ کو ان کے سامنے بطور دلیل پیش فرمائی — کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے تو میں
یہ اعلان کر رہا ہوں — کوئی حکم نہ دیتا تو میں کبھی اعلان تمہارے سامنے نہ کرتا۔

ہر نبی اور رسول اللہ تعالیٰ کی توحید کا پرچار کرتے تھے — اپنے اقوال سے بھی
اور اپنے افعال و کردار سے بھی — اللہ تعالیٰ کی واحدنیت کو اجاگر کیا۔ مشرکین مکہ نے
نبی پاک کے سامنے یہ۔ مصالحت کی ایک صورت سامنے رکھی — کہ ایک سال تم ہمارے
معبودان باطل کی عبادت کرو۔ ان کو خدا مانو۔ اور ایک سال ہم تمہارے خالق و مالک کی
عبادت کریں گے۔ اور اس کو اپنے حاجات کا پورا کرنے کا حل کرنے والا سمجھیں گے —

تو محبوب پاک ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے انہیں صاف جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔
لا اعبد ما تعبدون — کافرو۔ جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ میں ان کی کبھی پوجا
نہیں کروں گا — اور نہ ہی تم میرے معبود کی پوجا کر سکتے ہو۔ ولا انا عابد ما اعبد۔
ولی دین — تم اپنی راہ پہ چلو میں اپنی راہ پہ چلتا ہوں — تو نبی پاک ﷺ نے اس قسم کی
پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ اور اپنے رب کی توحید کو اعلانیہ بیان فرمایا — آپ کی سرپرستی
جناب ابو طالب کیا کرتے تھے۔ تو انہوں نے جا کر نبی ان کے سامنے یہ مطالبہ پیش کیا۔
اور ان کو مجبور کیا۔ کہ آپ اپنے بھتیجے کو سمجھائیں۔ کہ وہ ہمارے خداؤں کے خلاف باتیں
نہ کریں۔ ہمارے معبودان باطل کی توہین و تذلیل نہ کریں۔ بلکہ ہمارے ساتھ موافقت کے ساتھ کام
لیں — تو نبی پاک نے اتنے بڑے شفیق اور خدمت گزار چچا کو جو اپنے جان و مال سے آپ
مدد و حمایت کر رہے تھے۔ صاف جواب دیا کہ چچا سورج کو میرے داہنی ہاتھ پہ رکھ

M T W T F S S　　Memo No　　Date / /

رکھ دیں چاند تارے کے میرے بائیں ہاتھ پر رکھ دیں۔ تو میں کبھی بھی ان کے جھوٹے خداؤں کی جو تنقیص و
تذلیل ہے وہ بند نہیں کروں گا۔ تو میں ان کے ساتھ کوئی سازگاری نہیں کر سکتا۔
اپنے اقوال کے ساتھ تو ان کے جھوٹے خداؤں کی تذلیل فرمائی ۔۔۔ اور ان کا عجز اور ان کی بے بسی
اس حد تک بیان کر دی ۔۔۔ کہ تم اپنے خداؤں کو بھی ساتھ ملا لو۔ میرے قرآن کی سورتوں
جیسی سورتیں بنا کے لے آؤ؟ ۔۔۔ وادعوا من استطعتم من دون اللہ ۔ اللہ کے علاوہ جن
کو تم ساتھ ملا سکتے ہو ملا لو ۔۔۔ لیکن تم سورتیں نہیں بنا سکو گے۔ ساتھ ہی
اعلان کرا دیا۔ ولن تفعلوا۔ تم ہرگز نہ بنا سکو گے۔ اس طرح ان کے جھوٹے خداؤں کو
چیلنج کرتے رہے ہیں۔ کہ انہوں نے دھمکیاں دیں کہ ہم قتل کر دیں گے۔ ہم مٹا دیں گے۔
نبی پاک کا اعلان کیا تھا۔ وادعوا شہداءکم من دون اللہ ۔ تم اپنے خداؤں کو جمع کر لو۔
میرے ساتھ جو مکر کر سکتے ہو کر لو مجھے مہلت نہ دو۔ میں نہ تمہارے خداؤں سے ڈرتا
ہوں۔ نہ تم سے ڈرتا ہوں ۔۔۔ تو اللہ تعالیٰ ذات پر اعتماد۔ اس کی مدد پر بھروسہ
اس قدر کامل ہے۔ کہ محبوب کریم علیہ السلام اکیلے۔ ان کو بھی چیلنج کر رہے ہیں۔
اور ان کے جھوٹے خداؤں کو بھی چیلنج کر رہے ہیں۔ کہ تم میرے ساتھ مکر کر لو۔

چنانچہ ابو طالب کی وفات کے بعد حالات بڑے سنگین ہو گئے۔ ظاہری اسباب
کے تحت جو آپ کی امداد ہو رہی تھی۔ بس یہ سپورٹ ہو رہی تھی۔ وہ ختم ہو گئی۔ تو اب کافروں نے
آپ کو بہت ستانا شروع کیا ۔۔۔ آپ کو شہید کرنے کا جلا وطن کرنے
کا۔ قید کر دینے کا منصوبہ بن رہا تھا۔ کفار قریش دار الندوہ میں اکٹھے ہیں۔ اس
موضوع پر اظہار خیال ہو رہا ہے۔ کہ شیطان بھی شیخ نجدی کی صورت میں وہاں پہنچ
گیا۔ اور وہ بھی ان آراء پر تبصرہ کرنا لگ گیا۔ بعض نے کہا کہ ان کو نکال دیا جائے۔
جلا وطن کر دیا جائے۔ تو شیطان نے کہا۔ کہ تم اپنے علاقے سے تو بچاتے ہو۔ اللہ کے
علاقوں کے اندر اپنا عقیدہ پھیلانے کی ان کو کھلی چھٹی دے رہے ہو۔ یہ کوئی اتنی عقلمندی کا ہے کہ
کسی نے کہا کہ ان کو جیل میں کر دیتے ہیں۔ کمرے میں بند کر دیتے ہیں۔ تو اس نے کہا
کہ یہ بھی طریقہ غلط ہے ۔۔۔ کہ ان کے جو خادم ہیں۔ مخلص ہیں۔ وہ چھڑا لیں گے۔ نکال

KHURRAM PAPER PRODUCTS

ہیں گے۔ بہترین صورت کہا ہے ابوجہل بولا کہ ہر قبیلے کا ایک ایک آدمی جوان ہو جائے۔
وہ یکبارگی حملہ کر کے ان کو شہید کر دیں۔ بنو ہاشم بنو عبدالمطلب کا لڑنا ناممکن
ہو گا۔ وہ دیت پر راضی ہو جائیں گے۔ وہ بدلہ دلا لیں گے۔ اس طرح بغیر کسی جانی نقصان
کے ان سے چھٹکارہ حاصل کر سکتے ہیں۔ شیخ نجدی نے اس کو بڑا پسند کیا۔
لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی ان تجاویز کو توڑ کر محبوب کو باخبر کر دیا۔

اور آپ حضرت صدیق کی معیت میں۔ ہجرت فرما گئے۔ غار کی طرف چلے
گئے۔ تین دن تین راتیں آپ موجود رہے۔ کھوج نکال کے غار تک پہنچ گئے۔ لیکن اللہ
تعالیٰ کی قدرت کا معاملہ ہے۔ کہ آنکھوں کے باوجود اللہ نے اُن کو اندھا کر دیا۔
وہ دیکھ ہی نہ سکے کہ غار کے اندر کون کون سی ہستی موجود ہے۔ صرف یہ دیکھا کہ انڈے
ہیں کبوتر ہیں۔ کیونکہ یہ ہے کہ کوئی جاتا یہاں کہ گھونسلہ ٹوٹ جاتا۔ انڈے ٹوٹ جاتے۔
یہ جنگلی جانور اڑ جاتے۔ یہ قیاس آرائیاں کرتے رہے۔ اندر اندر نہ جھانک سکے۔
کہ یہاں حضرت صدیق اکبر اور نبی پاک کی ذات پاک موجود ہے۔ اس طرح
اللہ تعالیٰ کی حفاظت نبی پاک کے شامل حال رہی۔

جب حضرت صدیق پریشان ہوئے تو صدیق کے سر پر دشمن پہنچ گئے۔
اب کیا ہو گا تو محبوب کبریا نے اللہ تعالیٰ کی امداد پر اعتماد کامل کا اظہار کرتے ہوئے کہا فرمایا۔
اے صدیق ان دو کے علاوہ تو تیسری اللہ کی ذات بھی موجود ہے۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ کچھ لوگوں کے ذہن میں یہ بات آتی ہے۔ اگر نبی کوئی
طاقت رکھتا۔ کوئی چادر رکھتا۔ رات کی تاریکی میں بھاگنے کی کیا ضرورت تھا۔ غاروں
میں چھپنے کی کیا ضرورت تھی۔ پتہ چلا کوئی طاقت نہیں۔

اب اللہ تعالیٰ نے اپنے قرآن مجید میں بیان فرمایا۔ اذ یقول لصاحبہ معنا۔
کسی وقت ہم اپنے محبوب کا ساتھ نہیں چھوڑتا۔ مصلحت فرمایا
کہ اس موقع میں اپنے ہو کے محبوب کی خاطر ہم اپنا قدرت کا معاملہ استعمال کر دیں۔
تو سر چلے والدین کر دیا کرو۔ تو یک میں اپنا سے ہو گئیں۔ بس تھا غار میں سا لوگ

M T W T F S S

Memo No
Date / /

تو بہتر چلکر رستا تو وہاں ہی تھا۔ سانپ تھا یہاں میں ہیں یہ۔ بس تو ہمیشہ کیلئے ہیں کسی وقت بھی
۔۔ نبی پاکؐ کا ساتھ نہ چھوڑنا ہیں۔ لیکن اس میں حکمت یہ کارفرما تھی۔ کہ محبوب
اگر مکے میں رہتے ہوں گے۔ تمہاری حفاظت کی خاطر میں اپنی قدرت کا پورا استعمال
کروں۔ تو پھر مکے والوں کو تباہ کرنا پڑے گا۔ تمہاری رحمۃ اللعالمینی کی چادر پر داغ لگ جائے گا۔
کہ اگلے بھی آئے تو مخالف بھی تباہ ہو گئے۔ یہ بھی آئے تو بھی تباہ ہو گئے۔ پھر یہ کون سی رحمۃ
للعالمینی رہ گئی۔ آپ مورچہ تبدیل کر لو۔ آپ مدینہ پاک چلے جاؤ۔ توحید کی
اشاعت وہاں سے شروع کر دو۔ چند دن گزریں گے کہ مکے والے تمہارے قدموں
میں ہوں گے۔ تمہاری غلامی کا طوق گلے میں ڈال لیں گے۔ اور دین اسلام کو چار چاند
لگا دیں گے۔ اس حکمت کے پیش نظر اللہ تبارک و تعالیٰ نے نبی پاکؐ کو ہجرت
فرمانے کا حکم دیا۔ تو آپ ہجرت کر رہے تھے۔ تو اللہ کے حکم سے۔ اگر اللہ عاجز
نہیں تو نبی پاکؐ بھی عاجز نہیں۔ اگر اللہ اس لئے نہ رہا تھا۔ کہ اس میں حکمت تھی۔
لہذا ہجرت کرنا بہتر ہے۔ تو نبی پاکؐ اپنی طاقت اس لئے نہیں استعمال کر رہے
تھے۔ کہ اس میں حکمت تھی۔ تو نبی پاک نے اس حکمت کے پیش نظر قدم
اٹھوایا۔ کہ مکہ پاک کو چھوڑ کر مدینے پاک میں جا کے ڈیرا لگا لیا۔

تو مدینہ پاک کی طرف جاتے ہوئے رستے میں کئی مشکل مراحل آئے ہر مقام
پر۔ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال رہی۔ تو کافر تعاقب میں ہیں۔ اور اس کے
باوجود بے سر و سامانی کی حالت ہے۔ اور نبی پاکؐ نے بحفاظت مدینے پاک
پہنچ جاتے ہیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ایک نمونہ ہیں۔ اور نبی پاکؐ کے ساتھ اللہ تعالیٰ
کی امداد شامل حال تھی۔ پھر اس کا ایک عظیم نمونہ ہے۔ سراقہ ابن مالک مسلح
ہو کر گھوڑے پر سوار ہو کر تعاقب میں نکلا۔ ابوجہل کے انعامات کے لالچ میں حضرت صدیق
نے دیکھا کہ سراقہ قریب پہنچ رہا ہے۔ عرض کیا یا رسول اللہ دشمن تو پہنچ گیا۔ تو
نبی پاکؐ قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہوئے سفر کر رہے تھے۔ آپ خاموش رہے۔ حضرت
صدیق نے عرض کیا۔ وہ تو بالکل ہمارے قریب پہنچ گیا ہے۔ تو آپ نے زمین کو حکم دیا

M T W T F S S　Memo No ______ Date / /

کہ اس کو پکڑ لے۔ تو اس کا گھوڑا گھٹنوں تک زمین میں دھنس گیا۔ سراقہ نے سوچا کہ انہیں کی بددعا کا نتیجہ ہے۔ ورنہ اس سنگلاخ پتھریلی زمین میں گھوڑے کے پاؤں دھنسنے کا کوئی مطلب ہی نہیں ہو سکتا۔ تو منت کی کہ تم دعا کرو۔ میرے گھوڑے کو خلاصی مل جائے۔ میں تمہارا تعاقب نہیں کروں گا۔ جب آپ نے دعا فرمائی گھوڑا رہا ہو گیا۔ اس کے پاؤں آزاد ہو گئے۔ اس نے سوچا کہ اتفاق بھی تو ہو سکتا ہے کہ اتفاقاً پاؤں دھنس گئے ہوں گے۔ تو پھر بدنیتی کے تحت تعاقب شروع کیا۔ تو آپ نے پھر اس کے خلاف زمین کو حکم دیا کہ پکڑ لے۔ گھوڑا سینے تک نیچے اتر گیا۔ اس وقت اسے یقین ہو گیا۔ کہ ان کے پکڑنے میں میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ تو منت کی نبی پاک ﷺ سے معذرت کی۔ اور نبی پاک ﷺ نے ان کو بشارت دی۔ کہ سراقہ ایک وقت آئے گا۔ تو ہمارا غلام ہو گا۔ امتی ہو گا۔ اور کسریٰ کے کنگن تیرے ہاتھوں کی زینت بنیں گے۔

جب حضرت فاروق اعظم کے دور خلافت میں۔ ایران کے بہت سے علاقے فتح ہو گئے۔ کسریٰ مدائن سے بھاگا۔ اور اپنے لباس۔ تاج۔ کنگن وغیرہ۔ وہیں چھوڑ کے جان لے کے دوڑا۔ تو آپ کے پاس کنگن تاج لباس اس کا مدینہ پاک میں پہنچا۔ آپ نے حضرت سراقہ کو بلایا۔ کہاں ہیں سراقہ بن مالک۔ حضور حاضر۔ فرمایا یہ کنگن تم پہن لو۔ عرض کی یہ سونا ہے۔ مردوں کے لیے نبی پاک ﷺ نے حرام ٹھہرایا ہے۔ میں کس طرح اسے استعمال کر سکتا ہوں۔ فرمایا باقی ساری امت کے مردوں کے لیے حرام ہے تیرے لیے حلال ہے۔ کیونکہ میرے آقا ﷺ نے فرمایا ہے کہ ایک وقت آئے گا۔ کہ اے سراقہ تیرے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن ہوں گے۔ سیدنا فاروق نے پہنائے اور میرے نبی کی غیبی خبر کو سچا کر دیا۔ بدر کی جنگ کا ذکر فرما رہے ہیں۔ مدینہ پاک میں بھی آرام سکون سے بتا دیتے ہیں۔ وہاں بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اعجاز ظاہر ہوتا ہے۔ اور نبی پاک ﷺ کو کمال فتح حاصل ہوتی ہے۔ اور یقیناً نبی پاک ﷺ کی سچائی کی دلیل ہے۔ آپ کی نبوت کی بھی سچائی کی دلیل ہے۔ اور جس صلح کا آپ ذکر فرما رہے ہیں۔ اس کی بھی سچائی کی دلیل ہے۔

M T W T F S S

(بدلہ لینا)

Memo No
Date / /

۳۱۳ اکثر نہتے ایسے تھے کہ جن کے بدن پر کپڑا بھی پورا نہیں تھا۔ ان کے مقابل ہزار آدمی جو لوہے میں غرق ہیں۔ مکمل طور پر مسلح ہیں۔ ظاہری اسباب کے تحت کون باور کر سکتا ہے۔ وہ ۳۱۳ جن کے پاس کچھ کے قریب تلواریں ہوں۔ دو چار زرہیں ہوں گی۔ کئی وہ ہیں کہ جن کے ہاتھوں میں چھڑی بھی نہیں۔ کئی وہ ہیں کہ جن کے بدن پر کرتا بھی نہیں۔ حضرت عکاشہ حاضر خدمت ہوتے ہیں یا رسول اللہ ﷺ۔ لڑنا بھی آتا ہے۔ ہاتھوں میں زور بھی ہے۔ مگر ہتھیار کوئی نہیں مہربانی کر کے ہتھیار دو۔ تو میں آپ کو لڑ کر دکھاتا۔ نبی پاک علیہ السلام کے ہاتھوں میں وہ چھڑی تھی آپ نے وہ چھڑی ان کے حوالے کر دی۔ جب تک وہ آپ کے ہاتھوں میں رہی وہ کھجور کی چھڑی تھی۔ جب حضرت عکاشہ کے ہاتھوں میں گئی تو وہ فولادی تلوار بنی۔ ساری زندگی وہی تلوار اس کے کام آتی رہی۔ زندگی میں انہیں تبدیل کرنے کی ضرورت پیش نہ آئی۔

حضرت سواد صف میں کھڑے تھے سینہ آگے نکلا ہوا تھا۔ نبی پاک علیہ السلام نے ان کے سینے پر چھڑی بھی ماری اور فرمایا۔ اور سیدھا ہو۔ صف برابر کر۔ انہوں نے عرض کر دی حضور آپ زبانی فرما دیتے تو میں سیدھا ہو جاتا۔ آپ نے چھڑی ماری ہے تو کافی زور سے لگی ہے زیادتی ہوئی ہے۔ مجھے اس کا بدلہ ملنا چاہیئے۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں انصاف نہ کروں تو کون انصاف کرے گا۔ اس لئے چھڑی تو لے لے۔ اور مجھ سے بدلہ لے لے۔ عرض کیا حضور اس طرح تو بدلہ نہیں لیا جا سکتا۔ میرے بدن پر تو کرتا ہی کوئی نہیں۔ آپ کے بدن پہ کرتا ہے۔ اوپر چادر ہے۔ تو آپ کے بدن کے اوپر سے چھڑی لگے گی۔ تو کیا تکلیف ہو گی۔ مجھے تو ننگے بدن پہ لگی ہے ننگے جسم پر چھڑی لگے تو کتنی تکلیف ہوتی ہے۔ نبی پاک ﷺ نے چادر اور کرتا ہٹا دی۔ کرتا ہٹا دیا۔ فرمایا اب بدلہ لے لے۔

انہوں نے چھڑی رکھ دی۔ معانقہ کر لیا۔ کبھی ادھر سے بوسہ لیتے ہیں کبھی ادھر سے بوسہ لیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا تو بدلہ لے تو یہ کیا کر رہا ہے۔ عرض کی حضور جاں نثار سے نام پر وارنے کے لئے میدانِ جنگ میں حاضر ہوں۔ میں کون ہوں جو بدلہ لینے والا۔ سوچا یہ ہے کہ کہیں زندگی کے آخری لمحات نہ ہوں۔ میں اپنے بدن کو تمہارے بدن سے ٹکرا لوں

KHURRAM PAPER PRODUCTS

۲۰۷

M T W T F S S — Memo No ____ Date / /

اور اپنے آپ کو جنت کے لائق و حقدار بنا لوں ـــــ تو عرض کرنے کا مقصد یہ ہے - کہ بدر میں ہر لحاظ سے پورا
نہیں تھے - اس حال میں کہ جوتے بھی پاؤں میں نہیں تھے - فرمایا خدایا یہ بھوکے ہیں ان کو سیر فرما
یہ ننگے ہیں ان کو لباس عطا فرما ـــ یہ پیدل ہیں ان کو سواریاں عطا فرما کھجوریں بھی مل گئے -
کھانے کو بھی بہت سامان مل گیا - واپس آرہے تھے تو دو دو اونٹ حصے میں آ چکے تھے -
تو نبی پاک صلی اللہ علیہ السلام نے آج اعلان کر دیا ہے - سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ -
یہ جمع لشکر بڑے طمطراق سے جو میدان جنگ میں اترا ہے - اور توحید کی شمع کو گل کرنے
کے مذموم ارادہ سے - یہ شکست کھا جائیں گے اور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے - تو قرآن کی
تصدیق کر رہی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے - یہ اعلان فرمایا تھا - یہ جمعیت یہ اکٹھی ہو جائے گی یہ
لشکر شکست کھا جائے گا - یہ پیٹھ پھیر کے بھاگ جائیں گے - اور اگلے دن وہی ہوا جو نبی پاک
کی زبان اقدس سے جاری ہوا تھا - نبی پاک ﷺ سے سیدنا عمر فاروق روایت
کرتے ہیں - کہ جنگ اگلے دن ہونی تھی - لیکن آپ ﷺ نبی پاک ﷺ نے ہر کافر کے بارے میں نشاندہی
کر دی تھی - کہ فلاں کافر قتل ہو کے یہاں گرے گا - ــــ ان کے مکان بھی متعین کر دیئے
اور وقت بھی متعین کر دیا کہ کل یہ قتل ہو کے یہاں گریں گے -

سننے کو تو کہتے رہتے ہیں کہ کل کون مرے گا کسی کو پتہ ہے - اللہ فرماتا ہے کہ آنکھ
مجھ سے گویا پتہ لگا کر کوئی نہیں جانتا کہ کل کون کیا کرے گا - لیکن ان اللہ علیم خبیر - اللہ خود
جاننے والا بھی ہے - اور اپنے پیاروں کو اس کی خبر دینے والا بھی ہے - علیم خبیر دونوں اسم
ہم معنی ہیں - لیکن علماء حضرات جانتے ہیں کہ تخصیص سے مقدم ہوتی ہے
تو نئے معنی پر عمل کرنا - زیادہ بہتر ہوتا ہے بنسبت دوسرے کے پہلے کا ہم معنی ٹھہرانے
کے - تو علیم کا مطلب ہے خود جاننے والا - اور خبیر کا مطلب ہے دوسروں کو خبر دینے والا
کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ اعلان ہے - کہ میں ہر شخص کو غیب کی اطلاع نہیں دیتا - ولکن
یجتبی من رسلہ من یشاء - اطلاع کے لیے اپنے پیاروں کا انتخاب کرتا ہوں -
تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو آگاہ فرما دیا ہے - اور آپ نے ﷺ یہ بھی بتلا دیا کہ جنگ کل
ہوگا - کون کون قتل ہوگا - کل قتل ہو جائے گا - کس جگہ قتل ہو کے گریں گے

تو ظاہر ہے ایک روایت ہے۔ لیکن اس میں 140 خبر غیب کی نبی پاک ﷺ نے اس قدر دیکھ
مشرک بندوں کی ہلاکت والی جگہ متعین کرنا۔ یہ تو غیبی خبر ہو گئی۔ کہ ان کا قتل ہونا کے ان
کے قتل کا وقت متعین کر دینا۔ یہ بھی غیبی خبر ہو گئی —— تو نبی پاک ﷺ کی حدیث پاک
میں ایک سو چالیس خبر جو ہے وہ موجود ہے۔

تو اگلے دن آیا جو نبی پاک ﷺ نے فرمایا تھا۔ وہ حرف بحرف پورا ہوا —— حضرت عمرؓ نے فرما
فرماتے ہیں۔ قسم بخدا —— کہ جیسا نبی ﷺ نے فرمایا اس خط والی جگہ سے ادھر ادھر نہیں
گرا —— جو نبی پاک ﷺ نے ان کے لئے متعین فرمائے ہیں۔

اسی طرح خندق کی جنگ بغیر لڑے۔ حالانکہ سارا قبائل امڈ کے آئے تھے۔ لیکن بغیر
لڑے مہینے سے زیادہ عرصہ وہاں ٹھہرے رہے —— خالی ہاتھ ذلیل خوار ہو کر ہر چیز آندھی
کے ہاتھوں برباد کر کے —— چلے گئے۔ اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ آج کے بعد کافر ہم پر حملہ آور نہیں ہوں گے۔
ہم ان کے خلاف حملہ آور ہوں گے۔ یہ بات بھی حرف بحرف پوری ہوئی —— اور عمر بھر کبھی
اپنے سپاہ ساتھ لے کر حملہ آور ہوتے رہے۔ ان میں جرات نہ ہو سکی۔ تو پانچ ہزار کے قریب
کافر تھے۔ اور ایک ہزار کے قریب مسلم فوج تھی —— جبکہ یہودی مدینے کے ان کے ساتھ
مل چکے تھے۔ اور سارے عہد و پیمان وہ توڑ چکے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد سے کامیاب ہوئے۔
کیوں کہ اللہ کا وعدہ ہے۔ میں یہ فیصلہ کر چکا ہوں۔ میں غالب رہوں گا۔ اور میرے رسول
غالب رہیں گے —— تو اللہ تعالیٰ نے نبی پاک ﷺ کی سچی صداقت رسالت کو بھی ظاہر فرمایا۔
اور ساتھ ہی نبی پاک ﷺ کا دعویٰ تھا وہ بھی ظاہر فرمایا ——

بدر کے میدان میں نبی پاک ﷺ نے مٹھی بھر مٹی اٹھائی۔ اور کافروں کی طرف پھینکی۔
ہزار کافر کی آنکھوں میں پڑی۔ وہ بزدل ہو گئے بزدل ہو کے۔ اور میدان جنگ سے دور بھاگے۔
یہ بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ایک معجزہ ہے۔ اور نبی پاک ﷺ کی جو خارق العادت ہے۔
اس کا ایک معجزہ ہے۔ کہ مٹھی بھر مٹی ہو۔ وہ کتنے آدمیوں تک جا سکتی ہے۔ لیکن یہاں ہزار
کافر کی آنکھوں میں پڑ رہی ہے۔ اور وہ بزدل ہو رہے ہیں۔ اور بدر کے میدان میں جس طرح
ہوا —— یہودیوں کی جنگ میں ہوا۔ یہی صداقت حال جو ہے وہ پیش آئی —— وہاں مسلمان

پسپا ہونے لگے۔ صفیں تتر بتر ہونے لگیں ۔ نبی پاک ﷺ نے جب صورت حال دیکھی تو
فرمایا انا النبی لا کذب انا ابن عبدالمطلب ۔ میں سچا نبی ہوں جھوٹا نہیں ہوں۔
فرمایا عبدالمطلب جیسے بہادر کا بیٹا ہوں ۔ لہذا ہم جیسے بیٹے کو نہیں شیار ۔ ہم
آگے بڑھیں گے ۔ آپ نے خچر کو آگے بڑھانا شروع کیا۔ حضرت سفیان ابن حارث جو
جو آپ کے چچا زاد بھائی تھے ۔ انہوں نے آپ کی سواری کو روکا ۔ تو آپ نے مٹھی بھر
مٹی لی ۔ اور قبیلہ بنو ہوازن کی طرف پھینکی ــــ وہ بزدل ہو کر بھاگ گئے ــــ تو
مٹھی بھر مٹی کے ساتھ ان مخالفین کو نبی پاک ﷺ نے میدان جنگ سے بھگا دیا۔ تو نبی
پاک ﷺ کی رسالت کی حقانیت اور اللہ کی مدد آپ کے شامل حال ہونے
کی دلیل ہے ۔ اور آپ کا جو دعوٰی تھا صدق تھا ۔ اور اس کی یہ دلیل ہے ۔ اور حقانیت
کا ثبوت ہے ۔ اور اسی چیز کو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ــــ وما رمیت اذ رمیت
ولکن اللہ رمی ــــ جبکہ تم مار رہے تھے تو تم نے نہیں مارا تھا ــــ وہ ہیں **اللہ نے مارا تھا**

اب یہ میں بات واضح کرنا چاہوں گا ۔ کہ دنیا میں دو طرح کی طاقتیں ہیں ۔
ایک حزب الشیطان ہے ۔ ایک حزب الرحمان ہے ۔ یہ فرق کرنا ہے کہ حزب اللہ حزب الرحمان
کون ہے ۔ حزب الشیطان کون ہے ۔ اللہ کن کے ساتھ ہے ۔ اور اللہ کن کے خلاف ہے۔ تو اللہ
تبارک و تعالیٰ نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ۔ ومن یتول اللہ ورسولہ ــــ
ھم الغالبون ــــ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوستی رکھے اس کے رسول مقبول ﷺ کے ساتھ
دوستی رکھے ۔ اور ایمان والوں کے ساتھ دوستی رکھے ۔ وہ اللہ تعالیٰ کی حزب اللہ تعالیٰ کی جماعت
ہے ۔ اور اللہ کی جماعت ہی غالب ہے ــــ تو اللہ رسول اور مومنین یہ ایک طرف ہو گئے ۔
اور یہ سب مل کے حزب اللہ ہو گیا ۔

اور جو لوگ اللہ کی یاد سے غافل شیطان کی کام کرنے والے اور بت پرستی کرنے والے برائیاں
کرنے والے ۔ شراب پینے والے ۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے گریزاں یہ شیطانی جماعت ہے
اسی طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ۔ لا یومنون باللہ الاخر ۔ آپ نہیں پاؤ گے ایسی قوم کو جو اللہ اور آخرت
پر ایمان رکھتے ہیں ۔ کہ وہ محبت کریں ان لوگوں کے ساتھ ۔ جو اللہ کے دشمن ہوں اللہ کے رسول

کے دشمن ہوں۔ ولو کانوا اباءھم — خواہ وہ دشمنی رکھنے والے ان کے باپ کیوں نہ ہوں۔ ان کے بیٹے بھائی۔ قبیلے دار کیوں نہ ہوں۔ ان کے ساتھ کبھی دوستی نہیں رکھ سکتے۔ اولئک کتب فی قلوبھم الایمان — ان لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کو راسخ کر دیا — اور اللہ تعالیٰ نے اپنی پیدا کردہ خاص روحوں کے ساتھ۔ ان کی تائید فرمائی ہے۔ یہ لوگ اللہ کی جماعت ہیں۔ اور اللہ کی جماعت کامیاب ہے۔ تو شیطان کی جماعت وہ ہے جو اللہ کی مخالفت کرے۔ رسولوں کی مخالفت کرے۔ ایمان والوں کی مخالفت کرے۔ اور جو اللہ رسول کی خدمت کرتا ہے۔ اطاعت کرتا ہے وہ حزب اللہ ہے۔ اللہ ان کی کامیابی ان کی فلاح اور ان کی فتح اور ان کی کامیابی کی ضمانت دیتا ہے۔ تو جب حزب اللہ میں آنے والے عام مومن ہیں تو ان کے دل میں فلاح کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضمانت ہے۔

رسول گرامی ﷺ کو اللہ کے مقابل کھڑا کرے۔ عجز اور بے بسی کو ثابت کرنا۔ من دون اللہ میں داخل کرنا۔ یہ آیات ثابت کرنا۔ کہ وہ مکھی نہیں بنا سکتے۔ مکھی کوئی چیز ان سے لے کر اڑ جائے۔ وہ واپس نہیں لے سکتے ہیں۔ یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ وہ حزب الشیطان کے بارے میں۔ اللہ تعالیٰ کا اعلان ہے۔ کہ جو بتوں کے پجاری ہیں۔ شیطان کی تعلیم و ترغیب شریعت کے مطابق عمل پیرا ہیں۔ اور اللہ رسول اور اہل ایمان کی مخالفت کرنے والے ہیں وہ خود بھی کمزور ہیں۔ ان کے بت بھی کمزور ہیں۔ یہ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ناکر معبودان کرام کے بارے میں۔ اللہ کا ارشاد ہوتا ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ معبودان باطل کی بابت ارشاد فرمایا جا رہا ہے لہذا کان لگا کے سنو — کہ اے مشرکو — اللہ کے سوا۔ ان کی تم پوجا کرتے ہو — وہ ایک مکھی کو بھی پیدا نہیں کر سکتے ہیں۔ اگرچہ سارے کے سارے اکٹھے کیوں نہ ہو جائیں — معبود بھی کمزور ہے اور عابد بھی کمزور ہے۔ بت معبود ہے یہ کمزور ہے مشرک عابد ہے یہ کمزور ہے۔ لیکن مومن طاقتور ہے — رسول گرامی طاقتور ہے۔ کیونکہ یہ حزب اللہ ہے۔ الا ان حزب اللہ ھم المفلحون — ان کو حزب الشیطان پر قیاس کرنا۔ یہ کوئی اچھی سوچ کا نقطہ نہیں ہے۔ سمجھ آ رہی ہے کہ اللہ نے بھی رسول اللہ کی دل سوزی

M T W T F S S — Memo No — Date / /

طاقت سے چیزیں پیدا کرتے تھے۔ عیسیٰ علیہ السلام کا دعویٰ کیا ہے۔ قرآن کا دعویٰ کیا
ہے۔ انی اخلق لکم ——— میں مٹی کا مجسمہ تمہارے سامنے بنا کر اس میں پھونک
مارتا ہوں۔ وہ اڑتا ہوا پرندہ بن جاتا ہے۔ کیا کوئی شئے پیدا نہیں کی۔ کہ کوئی مکھی پیدا
کر سکتے۔ وہ چمگادڑ جیسا جانور پیدا کر رہے ہیں۔ مکھی سے اتنا بڑا جانور پیدا
کر رہے ہیں۔ اعلان کر رہا ہیں۔ ذوالفقار یہ نبیوں کی بابت بیان نہیں ہو رہی۔
وہ بتوں اور معبودوں کی بے بسی بیان کی جا رہی ہے۔ مکھی کوئی چیز لے کر اڑ جائے تو
چھین نہیں سکتے ہیں۔ حضرت آصف بن برخیا نے بلقیس کے تخت کو جس
پر ہزار جن لگا پہرے دار ہیں۔ ہزاروں سپاہی انسان بھی پہرے دار ہیں۔ ان کی آنکھوں کے
سامنے سے یہاں حضرت سلیمان کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے اس تخت کو اٹھا لیا
ہے کہ ان سے چھین لیا ہے۔ اور آنکھ جھپکنے کی دیر میں۔ قدموں میں حاضر کر دیا ہے کہ
میں پوچھتا ہوں وہ کون سی مکھی ہے۔ ایسی ہستی سے کوئی چیز چھین کے لے جائے
وہ اس سے واپس نہ لے سکیں۔
علماء نے فرمایا۔ وہ تخت ۸۰ گز لمبا۔ ۴۰ گز چوڑا۔ بیس گز اونچا تھا۔
اور اس پہ کمرے بنے ہوئے تھے۔ جن میں بلقیس آرام کیا کرتی تھی۔ سونے چاندی کا ہیرے
جواہرات سے جڑا ہوا تھا۔ سات کمروں کے اندر مقفل تھا۔ ادھر جنات
اسی لوگوں کا پہرہ تھا۔ لیکن حضرت آصف بن برخیا نے یہاں سے زمین
میں دھنسا دیا۔ اور زمین کے اندر سے اٹھا کے زمین کے اس کے اندر سے
کھینچ کے حضرت سلیمان کے قدموں میں رکھ دیا۔
نہ ہوا پہ اڑ کے لے آئے تھے۔ نہ پانی پہ تیرا کے لے آئے تھے۔ بلکہ زمین کی اتنی لمبی مسافت
کو چیر کے اس کے جگر کو چیر کے اس کے اندر سے اتنے بڑے تخت کو کھینچ کے آپ
وہاں لے آئے۔ کون سی مکھی ہے جو ان ہستیوں کا مقابلہ کرے۔ اس لئے یہ کہنا کہ
نبی ولی سے کوئی چیز مکھی چھین کے لے جائے۔ تو اس سے واپس نہیں لے سکتے
ہیں۔ یہ بڑی دھاندلا اور زیادتی ہے۔ ——— حضرت موسیٰ علیہ السلام ———

M T W T F S S
Memo No
Date / /

علما کا استعمال ہوں۔ اس ارادے پہ ہیں کہ یہ سانپ بنے۔ پھر وہ سانپ بنا کر رہتے ہیں۔
اس سانپ کو ارادے کے اس سے پیدا کیا تو گیا ـــ اور وہ کتنا بڑا سانپ
بن گیا۔ کہ سینکڑوں ہزار ڈنڈا سا ہے۔ جو بظاہر لوگوں کو چلتے پھرتے ہیں پھر ان میں محسوس
ہو رہا ہے۔ فریب نظر کی بنا پر اس کی ان سب کو نگل گیا ـــ نہ کوئی لکڑی کی اور رسی
کی تار باہر نکلی ـــ ہر چیز اندر ہضم ہو گئی ـــ اور پھر اس کو پکڑا تو وہی ڈنڈا کا سا
ڈنڈا ہے۔ تو پتہ چلا کہ ان کے ارادے۔ اللہ تعالیٰ کے کن کے ترجمان ہوتے ہیں۔
جس طرح اس کی شان ہے کہ انما امرہ اذا اراد ـــ تو اللہ تعالیٰ کے
یہ مقبولان بارگاہ ہیں۔ اپنے ارادے کا تعلق کسی چیز کے ساتھ کرتے ہیں۔ تو جس طرح یہ
چاہتے ہیں۔ اسی رنگ میں وہ ڈھل جاتی ہے۔ اور موجود ہو جاتی ہے۔

یہی بات حضور سیدنا غوث پاک رض کے خطوبات کی کتاب فتوح الغیب کے
اندر موجود ہے۔ اللہ نے اپنی پہلی کتابوں میں اعلان فرمایا۔ کہ اے آدم کے بیٹے۔ میں اللہ
معبود برحق ہوں۔ اور میں جس معدوم کو کہوں کہ ہو جا۔ وہ موجود ہو جاتا ہے۔ تو میری اطاعت
کرتا چلا آ ـــ میں تجھے بھی اس مقام پر پہنچا دوں گا۔ کہ تو جس معدوم کو کہے گا۔ موجود ہو جا
وہ چیز موجود ہو جاتی ہے۔ اور آپ ان زمانوں میں یہ صرف امکان نہیں بیان کر رہا ـــ
کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بہت سے اولیاء کو۔ یہ منصب عملی طور پر عطا فرمایا کہ ان
کے کن کہنے سے۔ معدوم کو موجود فرما دیا۔

تو لہذا یہ حزب اللہ ہے کہ یہ غالب ہیں۔ اور جو یہ چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان
کی زبان پر اپنا پیغام جاری کرتا ہے۔ کیونکہ اللہ کا ارشاد حدیث قدسی کے الفاظ
میں موجود ہے۔ جو لسانہ الذی یتکلم بہ۔ بندہ محبوب کی زبان میں ہوتا ہوں جس سے
وہ کلام کرتا ہے۔ تو جب یہ کن کہتے ہیں۔ تو وہ کن بظاہر ان کی زبان سے نکل رہا ہے۔ اور دراصل
وہ اللہ کی طرف سے صادر ہو رہا ہے۔ اور اس پر وہی اثر مرتب ہوتا جو اللہ تعالیٰ کے ازل
پر مرتب ہوتا ہے۔

حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ نے اشعۃ اللمعات میں نقل کیا ان کا ایک بسم اللہ

KHURRAM PAPER PRODUCTS

کی شکل میں ہی فرماتے ہیں۔ کہ عارف کی زبان سے بسم اللہ نکلے تو وہی اثر رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ
کی طرف سے کن کا کلمہ اثر رکھتا ہے۔ ان کی بسم اللہ بھی وہی اثر رکھتی ہے۔ تو معلوم ہوا ان کی عجز
رلہ سے ان کی یہ بات سے یہ حزب الشیطان کے لحاظ سے ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔
قل أرأیتم ان اخذ اللہ … یا تشکیم یہ … اگر تمہارا کان لے لے۔ قوت سماعت
ختم کر دے۔ تمہاری آنکھیں لے لے۔ دیکھنے کی صلاحیت ختم کر دے۔ تمہارے دلوں پہ مہر لگا دے۔
سوچنے سمجھنے کی صلاحیتیں ختم کر دے۔ تو کون خدا ہے جو تمہیں یہ طاقتیں عطا کرے۔
یہ اسباب وسائل علم ادراک کے تمہیں پھر عطا کرے۔ یہ تمہیں فرمایا کہ کون رسول ہے
جو تمہیں طاقت دے۔ کون ولی ہیں جو تمہیں طاقت دیں۔ من الہ غیر اللہ یاتیکم
اللہ کے علاوہ کون الہ ہے جو تمہیں یہ چیزیں عطا کرے گا۔ لیکن پیغمبر تو حزب اللہ ہے
اس کی طاقت اللہ والی طاقت ہے۔ اس لئے اگر عیسیٰ علیہ السلام مادر زاد
اندھوں کے چہرے پہ ہاتھ پھیر کر انہیں روشن آنکھیں عطا کر دیتے ہیں تو یہ اللہ کے مقابلے میں نہیں۔
بلکہ اللہ کی دی ہوئی طاقت سے کر رہے ہیں۔ تو ان کی خداداد طاقت کی مثال
نفس ہے کی سے حضرت یوسف علیہ السلام کو بھائیوں نے بتلایا۔ کہ تم یہاں
بادشاہ بنے بیٹھے ہو۔ تخت پہ تشریف فرما ہو۔ تاج سر پہ سروں پہ سجائے
ہوئے ہو۔ اور خلق خدا تمہارے سامنے دست بستہ عذر حاضر ہے۔ اور ابا جی تمہارے
فراق میں رو رو کے آنکھیں گنوا چکے ہیں یا کمزور ہو چکے ہیں۔ فرمایا کوئی بات نہیں
اذھبوا بقمیصی ھذا میرا کرتا لے جاؤ۔ ابا جان کے چہرے پر ڈالو بینائی فوراً بحال
ہو جائے گی۔ ادھر اللہ چیلنج کر رہا ہے کہ کون ہے خدا تمہارا جو تمہیں آنکھیں لوٹا
تو تمہیں آنکھیں دے سکے۔ اور ادھر اللہ کے پیاروں کی شان کیا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ خود
ہی بیان کر رہا ہے۔ کہ میرے اس پیارے کی شان کیا ہے۔ کہ کرتا دیا۔ اور جیسے کرتا
حضرت یعقوب کے چہرے پر ڈالا گیا۔ تو فوراً وہ بینا ہو گئے۔
تو ان بستیوں کے بدن سے جو کپڑے مس ہو جاتے ہیں وہ بھی آگے۔
اندھی آنکھوں کو بینا کر سکتے ہیں۔ کمزور آنکھوں کو طاقتور بنا سکتے ہیں۔ تو معلوم ہوا

Memo No
M T W T F S S
Date / /

چیلنج ان کو نہیں کیا جا رہا ہے۔ وہ حزب الشیطان کو چیلنج کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ارءیتم ان جعل اللہ ——— اگر میں ہمیشہ رات ہی رات
بنا دوں۔ دن نہ چڑھے۔ تو کون ہے اللہ کے علاوہ الہ ——— جو تمہیں روشنی مہیا کرے۔
تمہیں دن چڑھا دے گا۔ سورج طلوع کرا دے گا۔ کون ہے۔ اگر میں ہمیشہ
کے لئے دن بنا دوں۔ رات نام کی کوئی شے پیدا ہی نہ ہونے دوں۔ کون ہے علاوہ
الہ۔ جو تمہیں رات مہیا کرے۔ اس میں تم پرسکون نیند حاصل کر سکو۔
یہ چیلنج جب جھوٹے خدا بنا لئے گئے تھے۔ ان کو کیا جا رہا ہے۔ ورنہ معجزے تو ہم
ہوں۔ یا دوسرے انبیاء کرام ہوں۔ وہ لمبا کرنا چاہیں دن تو لمبا ہو سکتا ہے۔ راتیں
لمبی کرانا چاہیں تو راتیں لمبی ہو سکتی ہیں۔ چھوٹے کرانا چاہیں تو چھوٹے ہو سکتے ہیں
ان کیلئے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ حضرت یوشع علیہ السلام۔ بیت المقدس فتح
کرنے کیلئے جنگ لڑ رہے تھے۔ فتح قریب تھی مگر سورج بھی ڈوبنے کے قریب تھا۔ جمعے کا دن
تھا اگر ڈوب جاتا تو سنیچر شروع ہو جاتا۔ جنگ حرام تھی۔ تو اس لئے فرمایا سورج
مامور تو بھی ہے۔ مامور میں بھی ہوں۔ لیکن اگر تو ڈوب گیا۔ تو یہ لوگ جنگ سے فرصت
پا گئے۔ مہلت مل گئی انہیں۔ طاقت پکڑ لیں گے تو پھر مغلوب نہ ہو سکیں گے۔ تو پھر
قیامت کے دن جواب دہ تو ہو گا میں نہیں ہوں گا۔ وہ سورج ٹھہر گیا۔ جب تک آپ
نے فتح نہیں کی۔ سورج غروب نہیں ہو سکا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم معراج سے واپس تشریف لائے۔ لوگوں نے راستے کی
علامات پوچھیں۔ تمہارا فلاں قافلہ مجھے فلاں جگہ ملا تھا۔ سورج طلوع ہوتا دیکھ وہ
یہاں پہنچ جائے گا۔ اب اسے راستے میں دیر ہو گئی۔ حسب معمول وہ چلتا آتا تو پھر
پہنچ جاتا۔ لیکن دیر ہو گئی۔ تو سورج چڑھ جاتا۔ کافی وقت گزر جاتا پھر وہ پہنچتا۔ لیکن
نبی پاک کی بات پہ پھر اعتراض ہوتا۔ تمہاری بات غلط نکلی۔ وہ تمہارا فرمان پورا ہوتا نہ ہوا۔
اس لئے نبی پاک کی خاطر اللہ تعالیٰ نے اس رات کو لمبا کر دیا۔ صبح میں تاخیر کر دی۔
لوگ انتظار میں بیٹھے تھے۔ کہا دیکھو وہ سورج چڑھ گیا۔ جب انہوں نے دیکھا قافلہ آ گیا تمہارا

KHURRAM PAPER PRODUCTS

وہ اونٹ سے اتر آرہے ہیں۔ ان ہستیوں کی خاطر تو کوئی مسئلہ ہی نہیں ہوتا۔ دن لمبے کرنا
چاہیں تو وہ لمبے ہو سکتے ہیں۔ راتیں لمبی کرنا چاہیں تو وہ ہو سکتی ہیں۔ انبیاء کی بات
تو بہت اونچی ہے۔ علماء کی بات ہو رہی ہے۔

حضرت شاہ نصیر الدین چراغ دہلوی۔ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر کے پوتے
خلیفہ حضرت محبوب الٰہی کے براہ راست خلیفہ۔ وہ بادشاہ کی خدمت کیا
کرتے تھے۔ نہلانا۔ کپڑے تبدیل کرانا۔ بادشاہ نے دیر کر دی۔ ان کی نماز کا وقت جا رہا
تھا۔ تو سورج کی طرف منہ کر کے فرمایا اے سورج بادشاہ کو تو خیال نہیں آرہا۔ میری نماز کا
خیال نہیں تو تجھے بھی خیال نہیں ہے۔ رک جا جب تک نصیر الدین نماز پڑھ لے تو آگے نہیں
جا سکتا۔ رک گیا سورج۔ بڑا [illegible] نہلا کے کپڑے پہنا کے فارغ ہوئے۔ تو خیال میں آئے۔
کہ میری نماز اس نے خراب کرنے کی کوشش کی ہے۔ تو فرمایا

کپڑے بادشاہ کو پہنانے میں نہیں۔ اور پیچھے جو اتار رہا تھا اس کو غسل دینے والا
بد دعا دی ہے۔ جب وضو کیا نماز پڑھی۔ اس وقت تک سورج ٹھہرا رہا۔ دیکھتا رہا
کہ نصیر الدین نے نماز کو شروع کیا یا نہ کیا۔ جب وضو ہو گیا۔ نماز شروع ہو گئی۔ اختتام
پہ پہنچ گئے۔ اس وقت سورج نے قدم آگے چلایا۔ اور بادشاہ گھوڑے پہ سوار ہوا۔
گھوڑا اچھلا۔ سر کے بل وہ گرا۔ گردن ٹوٹ گئی۔ اور وہیں لباس جو پہنا ہوا تھا انسان نے
اتار لیا ——— تو اللہ تعالیٰ کے جو مقبول ہیں حزب اللہ ہیں۔ حزب اللہ کے بارے میں اللہ کا اعلان
ہے کہ وہ غالب ہیں۔ ان کی عزت اللہ کی عزت ہے۔ ان کی جو حقارت کرے گا وہ اللہ
کی حقارت کرے گا۔ وہ پھر اللہ تعالیٰ کی ذات پر داغ بن جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی
عزت کی بحالی کا۔ اور ہر مقام پر ان کو باعزت با آبرو۔ اور کامیاب رکھنے کا عہد کر رکھا ہے۔
میں لکھ چکا ہوں کہ میں غالب رہوں گا اور میرے رسول ——— تو ایک وقت تھا نبی کریم
علیہ السلام رات کی تاریکی میں نکلے ہجرت کر کے چھپ چھپا کے نکل رہے ہیں۔ لیکن
ایک وہ وقت ہے کہ آٹھ ہزار کا لشکر لے کر مکے میں آئے کہ جو مکے والوں کے سر پر پہنچے
اور مکے والوں کے گھٹنے ٹیک دیے۔ ہم جائیں تو کدھر جائیں۔ اب ہم کریں تو کیا کریں

Memo No

M | T | W | T | F | S | S   Date   /   /

حدیبیہ کے موقعہ پر کافر رکاوٹ ڈال رہے تھے۔ کہ ہم عمرہ نہیں کرنے دیں گے کہ ہمیں پوچھے کیوں
نہیں آئے۔ نبی پاک ﷺ کو کہا کہ اگلے سال آنا۔ اس سال واپس چلے جاؤ۔ ہماری بےعزتی نہ ہو۔ یہ تم سے
پوچھے بغیر عمرہ کر کے چلے گئے۔ آپ نے معاہدہ کر لیا۔ اللہ نے فرمایا انا فتحنا لک — مبین فتح
ہمیں کی راہیں ہم نے آپ کے لیے ہموار کر دی ہیں۔ یہ شکست نہیں کامیابی ہے۔ یہ ان
کی فتح نہیں ہے ان کی شکست ہے۔ خیبر فتح ہو گیا۔ آس پاس کے علاقے فتح ہو گئے۔ مکے
والے اکیلے رہ گئے۔ اس وقت مکے والوں پر حملہ کر دیا۔ انہوں نے گھٹنے ٹیک دیے۔ تو جس کو
وہ اپنی کامیابی سمجھ رہے تھے۔ وہ دراصل نبی پاک ﷺ کی کامیابی تھی۔ اور اس مکے کو نبی پاک ﷺ نے
اپنی خداداد طاقت کے ذریعے فتح کیا۔ مشرکین کو اپنے رحم و کرم پر چھوڑا۔ بتلاؤ مکے والو۔ کیا سلوک
کروں تمہارے ساتھ۔ کہا جو کہ بھائی اپنے بھائیوں کے ساتھ سلوک کرتا ہے۔ ہم آپ سے اسی کی
توقع کر سکتے ہیں۔ تو فرمایا اگر یوسف علیہ السلام اپنے ساتھ ظلم اور زیادتی کرنے والے بھائیوں کو کہہ سکتے
ہیں۔ لا تثریب علیکم الیوم۔ یاد کرو بھائیو میں نے تم کو معاف کیا۔ میں تم سے کوئی بدلہ نہیں لیتا۔
مواخذہ نہیں کرتا۔ اگر یوسف علیہ السلام اتنی دریا دلی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔ میں احمد
کا ثناء سے ہوں۔ میں بھی یہ مظاہرہ کرتے ہوئے کہتا ہوں۔ لا تثریب — مکے والو میں تم سے
کوئی مواخذہ نہیں کرتا۔ تو اللہ تعالیٰ کے یہ وعدے پورے ہو گئے۔ اور نبی پاک ﷺ کی سلطنت
قائم ہوئی اور آپ کا جو دین تھا۔ وہ غالب ہوا اور اللہ کا یہ اعلان ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ
— کفیٰ باللہ شہیدا۔ حرف حرف پورا ہوا۔ کہ میں خدا ہوں جس نے اپنا رسول بھیجا۔ دین حق
دے کر۔ تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب کر دے۔ تو یہودیت کا صفایا ہو گیا۔ عیسائیت و مشرکین
کا صفایا ہو گیا — بت توڑ توڑ کے کعبے سے باہر پھینک دیے گئے۔ کعبے کو پاک کر دیا گیا۔
اور کعبے نے جو نعرہ ٦١ سال پہلے سرکار کی ولادت پر لگایا تھا۔ اللہ اکبر — مجھے اب نجاست
سے میرے رب نے میلے پلید بتوں سے پاک کر دیا۔ ٦١ سال بعد۔ نعرہ کعبہ کا نبی پاک نے سچا
کر دیا —

(1) حضرت یعقوب علیہ السلام بھی اللہ کے نبی تھے۔ اور یوسف علیہ السلام کے باپ بھی تھے۔ تو حضرت
یعقوب کی بینائی قمیص یوسف سے کیوں درست ہوئی اور اپنے ہاتھ سے ہی ٹھیک ہو سکتی

KHURRAM PAPER PRODUCTS

سکتی ہے۔ تو اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ جب اللہ کوئی ذہنی طاقت عطا کرتے۔ وہی ہے۔ ہمیشہ
نہیں ہوتی ہے۔ وہاں ایک معجزات تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس معجزات
کو پورا فرمایا ہے۔ اور کسی جگہ معجزات ہوتی تو آپ پورا کر سکیں گے۔ تو تم کہہ سکتے ہو
کہ طاقت نہ تھی۔ تو اور جب ایسی کوئی معجزات نہیں پیش آتی تو ظاہر ہے کہ اس کا
کا نہ ہو سکا۔ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس ستر ستر ہزار مریض روز آتے تھے۔ اندھے بینائی
لینے کے لیے۔ برص کے داغوں والے۔ اور آپ سارا کا پیٹ تک جاتے تھے۔ انہیں شفا ملتی جاتی تھی۔
اور آپ کا اعلان کیا ہے۔ ابری الاکمہ۔ باذن اللہ کے۔ ابری۔ یہ مضارع
کا صیغہ ہے۔ دوام تجدد پر دلالت کرتا ہے۔ کہ میں ہمیشہ کے لیے۔ تمام اوقات کے اندر
میں اندھوں کو روشن آنکھیں دیتا رہتا ہوں۔ کوڑھیوں کے کوڑھ دور کرتا رہتا ہوں۔
غیب کی خبریں دیتا رہتا ہوں۔ جو کھا کے آؤ۔ بتلاتا رہتا ہوں۔ جو گھروں میں چھپا کے
آؤ ان اس کی خبر دیتا رہتا ہوں۔ یہ روز کا معمول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قرآن
مجید میں ہے۔ یہ کہنا کہ ذہنی طاقت ہوتی ہے آگے پیچھے نہیں ہوتی ہے۔ یہ نہیں پر دلیل کہاں سے
آ گئی۔ حضرت یعقوب علیہ السلام اگر آپ دعا کرتے۔ آپ اپنی آنکھوں کو دم کرتے۔ تو یہ ظاہر
نہ ہوتا۔ اس پر کیا دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ولیوں کے لیے۔ عندہ میں انبیاء کے۔ اطاعت گزار
انبیاء کے۔ ان کے بارے میں اعلان ہے۔ وان سالنی لاعطینہ۔ بندہ محبوب مجھ سے جو بھی
مانگے گا۔ میں اس سے ضرور عطا کروں گا۔

بخاری شریف میں موجود ہے۔ اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں۔ کہ جو ان کی زبان سے
نکلتی ہے وہ تقدیر قضا بن کے نکلتا ہے۔ جو کچھ وہ کہہ دیں۔ اللہ اسی کے مطابق کرتا ہے۔ کیونکہ اگر
وہ بات پوری نہ ہو۔ تو لوگوں میں بے اعتبار بن جائے گا۔ لوگوں کے اندر اس کا احترام باقی
نہیں رہے گا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ ان کی زبان سے نکلنے والے الفاظ کو تقدیر قضا بنا دیتا
ہے۔ پھر یہ مبتلا نامعقول تھا۔ یوسف علیہ السلام بیٹے ہیں۔ یعقوب بڑے ہیں۔ باپ ہیں
نبی بڑا ہو یا چھوٹا ہو۔ ہر ایک اللہ کا محبوب اور پیارا ہے۔ جس ارادے پر وہ لفظ زبان سے نکالتا
ہے۔ اللہ اس کے ارادے کو پورا کر دیتا ہے۔ یہ نہیں کہ بڑا ہے اگر جب لازمی ہو تو اس کی بات

Memo No

M T W T F S S　　Date / /

مانی جاتی ہے۔ اور جو نیا نیا نبی بنے تو اس کی نہیں مانی جاتی — تو اس کا بھی وضاحت
کرنا مقصود ہے۔ کہ وہ بیٹا ہے آپ باپ ہیں۔ لیکن باپ نے جرأت نہیں کی۔ کہ جیسے
کیا حضرت ہے بیٹے سے مدد لینے کی۔ میں کیوں ان کا کرتہ کو ان کی آنکھوں پر ڈالوں۔
تو نبی اپنے بیٹے نبی کے کرتے سے مدد حاصل کر رہا ہے۔ تو یہ ہمارے لئے اس میں عبرت
کا سامان ہے کہ وہ نبی ہیں۔ باپ ہیں۔ وہ ان کے کرتے سے مدد لے سکتے ہیں
اور ہم نہیں کہ ہم نبی کی ذات سے بھی مدد نہیں لے سکتے۔ تو ہم اپنے آپ کو کیا سمجھے
ہیں۔ ہماری حیثیت کیا ہے۔ نبی بھی ہو۔ اور عمر رسیدہ بھی ہو۔ باپ بھی ہو۔ وہ بیٹے کے کرتے
سے مدد لے رہا ہے۔ تو پتہ چلا کہ صرف ان کی ذاتوں سے نہیں۔ ان کے ساتھ تعلق رکھنے
والے جو چیزیں ہوتی ہیں۔ ان سے مدد لینا بھی جائز ہے۔ برکات و فیوضات حاصل
کرنا بھی جائز ہے۔ نبی اس لئے مدد لے رہا ہے۔ تاکہ آنے والے لوگوں کے لئے عبرت کا سامان
ہو۔ تو پتہ چلے کہ ان کو کمتر نہیں سمجھنا چاہیئے۔ پھر ان کے کرتوں کی بات نہیں ہے۔ تو ان
کی ذاتوں کی شان کیا ہو گی

(۲) گنج شکر کے پوتے کا واقعہ کس کتاب کا لکھا ہے۔ یہ میر عبدالواحد بلگرامی کی سبع سنابل
میں یہ واقعہ موجود ہے۔

(۳) نبی پاک نے کیا وراثت چھوڑی ہے۔ اس وراثت کے وارث کون ہیں۔ اگر کوئی شخص
کہے کہ نبی پاک نے تین وراثتیں چھوڑی ہیں۔ سیاسی وراثت۔ سیاسی وراثت
میں ابوبکر صدیق۔ بلا فصل خلیفہ ہیں۔ ولایت کی وراثت میں حضرت علی بلا فصل ہیں۔
علمی ادبی میں دیگر صحابہ۔ جس مال کو لیتا ہے وہ مال والی وراثت ہے۔ نبی پاک نے فرمایا
کہ کوئی وراثت نہیں چھوڑتا۔ انبیاء کسی کو درہم دینار کا وارث نہیں بنائے۔
وہ وارث بناتے ہیں تو علم کا۔ جو دین کا علم حاصل کرتا ہے۔ وہ انبیاء کی میراث
حاصل کرتا ہے۔ رہ گیا یہ کہ تینوں وراثتوں میں ایک سیاسی وراثت ہے کہ صدیق اکبر
کے پاس ہے۔ کیا ولایت حضرت صدیق کے پاس نہ تھا۔ یہ نقشبندی سلسلہ جو ہے
وہ براہ راست صدیق اکبر سے جاری ہوا ہے۔ تو ولایت کوئی نہیں۔ پہلے خلفائے اربعہ

KHURRAM PAPER PRODUCTS

پاک ﷺ کے بعد۔ پہلے غوث اعظم حضرت صدیق اکبر رضہ۔ بعد حضرت سیدنا عمر فاروق رضہ پھر حضرت
سیدنا عثمان رضہ۔ چوتھے مولائے مرتضیٰ حضرت علی شیر خدا رضہ۔ یہ کہنا کہ وہ ولایت کے وارث تھے نہیں
ہیں یہ سیاست کے وارث ہیں۔ یہ بات غلط ہے۔ بعد اسلام میں سیاست اور دین
ولایت کی چیزیں الگ الگ نہیں ہیں۔ نبی پاک ﷺ میں نبوت و حکومت اکٹھی ہو گئی ہے تو بعد
والے حضرات میں ولایت اور حکومت اکٹھی نہیں ہو سکتی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام میں
نبوت اور حکومت اکٹھی ہوئی یا نہیں — اور حکومت بھی بے مثال۔ لا ینبغی لاحد —
بعدی۔ پھر کسی کو ایسی حکومت ملی نہ ملے گی۔ جو حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملی۔ نبی بھی ہیں
اور حاکم بھی ہیں۔ اس لئے یہ تقسیم کرنا۔ الگ بات ہے۔ ہر صحابی اپنی اپنی شان کے مطابق نبی
پاک ﷺ کے کمالات کا آپ کے فیوضات کا۔ امین ہے اصحابی کالنجوم —
میرے صحابہ تاروں کی مانند ہیں۔ جس کے آگے جھولی پھیلاؤ گے۔ انوار و تجلیات سے تمہاری جھولیاں
بھر دیں گے۔ مولائے مرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔ بے شک ولایت کے لحاظ سے آپ ولی بلافصل
ہیں۔ لیکن ہر صحابی جن میں یہ صلاحیتیں موجود تھیں۔ وہ سارے ہی خلیفہ بلافصل ہیں۔ ان
میں بالفصل کونسا ہے سارے ہی بلافصل ہیں۔ اور یاد رکھو صحابی کے قدموں کی جو دھول ہے
بعد والے اولیاء غوث و قطب ہوں تو وہ تو اس دھول کو بھی نہیں پہنچ سکتے
پتہ چلا کہ صحابی کے برابر ہونا۔ حضرت عمر ابن عبدالعزیز رضہ جنہوں نے ملوکیت کو پھر خلافت
کو تبدیل کیا تھا۔ ان کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مبارک سے پوچھا گیا۔ جن کا نام لے کر
بارش کی دعا کرو۔ تو اللہ دعا کو قبول فرماتا ہے۔ عظیم محدث ہیں۔ ان سے پوچھا گیا کہ عمر
ابن عبدالعزیز افضل ہیں۔ یا امیر معاویہ افضل ہیں۔ انہوں نے فرمایا۔ امیر معاویہ رضہ
کہ جو حضور ﷺ کی معیت میں جہاد کیلئے جنگیں لڑیں۔ اور ان کی ناک میں جو گرد و غبار گئی ہے۔
عمر بن عبدالعزیز جیسے سینکڑوں ملک کے [illegible] کی ناک میں پڑنے والی خاک کی برابری
نہیں کر سکتے۔ اس لئے باقی ولی اور غوث قطب جو ہیں۔ ان کی حیثیت بھی کوئی نہیں۔
مرتبے اور منصب کے مقابل سے کہ نبی پاک ﷺ کے دیدار کی خاطر۔ جو صحابہ کرام رضہ کو نصیب ہوا ہے۔
(3) یہ لوگ ملکی کو [illegible] نہیں سکتے۔ یہ مرحلہ لوگوں کے بارے میں ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ ہیں

۔۔۔ تو مردوں کو زندہ کرتے ہیں ۔ یہ ہمیں ایک بنیادی غلطی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ لوگ فرقوں
میں تقسیم ہوتے چلے جا رہے ہیں ۔ مرتا کون ہے ۔ پہلے یہ سوچنا چاہئے ۔ بدن مرتا ہے
یا روح مرتی ہے۔ روح مرنے کے لئے پیدا ہی نہیں ہوئی ہمیشہ زندہ رہنے کے لئے پیدا
ہوئی ہے ۔ اور اصل کمالات کمالات روحی ہوتے ہیں ۔ روح بدن میں نہیں آیا
تھا۔ تو بدن کی کیا حیثیت تھی ۔ اور روح جب نکل جاتا ہے۔ تو بدن کی کیا حیثیت رہ
جاتی ہے۔ پھر اصل چیز انسان میں روح ہے ۔ اس کا ایک لباس یہ بدن ہے ۔ جو اس لباس
اور پھر مستوی ہو گیا ۔ یہ لباس ہیں اس کے ۔ اصل روح ہے ۔ تو جب اصل وہ ہے ۔ جو زندہ بھی ہے
طاقتور بھی ہے ۔ پہلے کی نسبت زیادہ طاقتیں موجود ہیں ۔ پھر یہ دلیل کیا کہ ہم کیا نہیں اٹھا
سکتے ۔ مکھی سے کوئی چیز نہیں لے سکتے ۔ یہ کتنی بڑی جہالت کا مظاہرہ ہوا
یا تو سمجھو کہ انسان صرف اس ڈھانچے کا نام ہے، ہڈیاں میں گوشت پوست ہے ۔ چمڑا کا ہے ۔
انسان اس کا نام ہے ۔ جب یہ انسان نہیں ہے ۔ تو اللہ نے فرشتوں کو حکم کب دیا تھا ۔
واذا نفخت من روحی ۔ تو آدم علیہ السلام میں کمال جسم نہیں تھا ۔ کمال وہ روح
تھی ۔ جو اللہ کا پیدا کردہ ۔ پھونکی گئی تب اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ۔ اصلی انسان وہ روح
ہے کہ جس بدن کے لباس میں ہے ۔ اور موت کا مطلب کیا ہے ۔ وہ پہلے مکان میں پابند تھی ۔
اب اسے آزادی مل گئی ہے ۔ یہ عجیب بات ہے کہ روح جب مکان میں پابند ہو یا ہر
مقید ہو ۔ پھر تو وہ کار آمد ہے ۔ اور مکھیاں اڑا سکتی ہے ۔ اور مکھیوں سے کوئی چیز بھی لے سکتی
ہے ۔ جب روح ان کی آزاد ہو جائے تو اس کی طاقتیں بحال ہو جائیں ۔ تو کچھ بھی نہیں کر سکتے ۔
تو جن کی روح زندہ ہے اور وہ کارنامے سر انجام دے رہی ہے ۔ تو یہ کیا کہیں گے ۔ کہ بندہ
نہیں کام کر رہا کوئی اور کر رہا ہے ۔ اگر ایک بندہ کسی کو تھپڑ مار رہا ہے ۔ اس کے وارث تو کہے
جا رہے ہیں ۔ وہ کہے گا میں نے تو نہیں مارا ۔ [illegible] لگا ہے لیکن میں نے تو کچھ نہیں کیا ۔ تو یہ جواب
ٹھیک ہو گا ۔ حضرت رہبر کریم شاہ کی معیت میں ہم ایک جگہ تقریر کرنے کے لئے گئے ۔
مسجد بھی ان کی امام خطیب بھی ان کا ۔ ہم نے تقریر کی اجازت لے لی ۔ مسجد کے دروازے
پر بیٹھ کے مولوی صاحب کوئی سوال شروع کر دیتے ۔ میں تقریر کر رہا تھا ۔ میں نے کہا حضرت جی

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M | T | W | T | F | S | S

Memo No ______
Date / /

خلاف ادب ہے۔ تم ٹکڑے بھیج دو میں جواب دے دوں گا۔ ٹکڑے بھیجا تو میں پڑھنے لگا تو
میرا بول پڑے۔ خود پیر صاحب کا خادم بیٹھا تھا اس نے دیا تھپڑ مارا۔ مولوی صاحب کا سر
نیچے ٹانگیں اوپر ہو گئیں۔ بڑا تماشا بن گیا۔ پیر صاحب نے اسے گلہ دیا۔ بے وقوف
تو نے کیا کیا۔ بشیر ان کا۔ مسجد ان کی۔ امام ان کا۔ اس نے کہا خدا کی قسم میں نے نہیں مارا۔
ہاتھ میرا ضرور تھا پھر مارا میں نے کوئی نہیں ہے۔ تو کسی کی روح قدرت کو مار رہی ہے۔
زندہ کر رہی ہو۔ تو تم سمجھو اس کی روح کر رہی ہے۔ آپ کوئی نہیں کر رہا۔ عقل ہونا
چاہیے۔ بندے کو اتنا سوچنا چاہیے۔ روح بھی تو انسان کی ہے نا۔ تو وہ جب
وہ کارنامے سرانجام دے رہی ہے۔ تو وہ کیسے کہیں گے کہ وہ امداد نہیں کر سکتے۔
وہ ملکی سے کوئی چیز نہیں چھین سکتے۔
ابن قیم بھی یہ کہتا ہے۔ روح بدن میں ہو تو اس کی طاقت پوری طرح
ظاہر نہیں ہوتی۔ اور موت کی صورت میں اس روح کو رہائی مل جاتی ہے۔
اب روح کی طاقت پوری طرح اجاگر ہوتی ہے۔ اور ایک دو روحیں اگر میدان جنگ
میں مسلمانوں کی امداد کریں۔ ان کے میدان کا جو نقشہ ہے۔ وہ تبدیل کر کے رکھ
دیتے ہیں۔ کتنی جگہ میدان جنگ میں دیکھا گیا۔ مسلمان کمزور ہو رہے تھے۔ بے سروسامان تھے۔
کافر زیادہ تھے۔ کسی بزرگ کی روح مدد کو آگئی۔ صدیق دنیا والوں کی آگئی۔ مومنین
کی مدد کی تو جنگ کا پانسہ بدل گیا۔ فوت شدہ کی روح آزاد ہوتی ہے۔ اس کی طاقت
زیادہ ہوتی ہے۔ وہ امداد زیادہ کر سکتا ہے۔
حضرت شیخ ظہوری رحمۃ اللہ علیہ سے شیخ صوبیات نے پوچھا۔ زندہ کی امداد قوی
ہے یا فوت شدہ کی۔ لوگ تو کہتے ہیں زندہ کی قوی ہے۔ میرے نزدیک فوت شدہ کی قوی
ہے۔ انہوں نے زبانی طور پر ٹھیک کہا ہے۔ تو جب نیک بندے اللہ سے کام کروا سکتا ہے
وہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کے عرض کرے کہ اے اللہ۔ تو اللہ کیوں نہ کرے گا
تو آج لوگ بہادری کہتے تھے کہ فوت شدہ کی امداد زیادہ موثر ہے۔ یہ نہیں کہ
کہ جو زندہ ہے وہ مدد دے سکتا ہے۔ فوت شدہ مدد دے ہی نہیں سکتا۔ یہ بات یاد

M | T | W | T | F | S | S
Memo No ______
Date / /

کہ جب ولی فوت ہوتے ہیں۔ تو اس دنیا سے انتقال کرتے ہیں۔ جو دو ہستیاں ان کے
جبرائیل میکائیل اسرافیل کی لگا رکھی ہیں۔ اسی طرح اولیاء کے ساتھ ان ہستیوں کو بھی شامل
کر کے۔ کائنات کا نظام ان کو سپرد کر دیا جاتا ہے۔ فالمدبرات امرا۔ اللہ فرماتا ہے کہ مجھے
قسم ہے ان پاک روحوں کی۔ جو میری کائنات کا نظام چلاتے ہیں۔ اب شیخ
اسماعیل حقی نے روح البیان میں لکھا ہے کہ زندگی میں اتنے وسیع اختیارات نہیں دیئے جاتے
جتنے کہ وفات کے بعد دیئے جاتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ روح بدن
کے اندر رہے۔ تو جتنے بھی مجاہدے کرے ریاضتیں کرے۔ فرائض پڑھے نوافل پڑھے۔ نفلی نماز
پڑھ لے۔ نفلی روزے رکھے۔ نفلی صدقے کرے۔ نفلی حج کرے عمرے کرے۔ بدن پھر بھی کچھ نہ کچھ حجاب
بنا رہتا ہے۔ پردہ رکاوٹ بنا رہتا ہے۔ لیکن جب موت کی صورت میں جب یہ مکمل
طور پر حجاب ہٹ جاتا ہے۔ اب روح کی طاقت پوری طرح ظاہر ہوتی ہے۔ اور اس کی
حقیقت وہ ہے۔ جو جبرائیل میکائیل کی حقیقت ہے۔ اس لئے اب جو کام وہ کر سکتے ہیں
وہی کام یہ کر سکتا ہے۔ اس کی ایک مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا۔ سورج دوپہر کا ہو۔ بارش کا موسم
ہو۔ اتنا چمکتا۔ اتنی تپش حرارت اس کی۔ لیکن بار ایک سفید بدلی آ جائے۔ تو تپش
نہ حرارت۔ نہ وہ شعاعیں۔ نہ وہ دھوپ۔ نہ روشنی۔ لیکن جونہی بدلی ہٹے گی۔ پھر وہ
آب و تاب سے چمکے۔ روح بھی کا ولی کا سورج سے بھی زیادہ پاورفل ہے۔ لیکن ظاہراً
حجاب جسم بنا رہتا ہے۔ لیکن کچھ نہ کچھ۔ موت کی صورت میں جب حجاب ہٹتا ہے
اصل روح کی طاقت اس وقت ظاہر ہوتی ہے۔ تو جب اصل طاقت روح کی ہے۔
مرنے کے بعد غائب ہے۔ روح پہلے کی نسبت زیادہ طاقتور ہے۔ تو پھر وہ کیوں نہیں عملاً
کام کرا سکتے۔ فوراً سے کوئی چیز دے کیوں نہیں دے سکتے۔ یہ بات یاد رکھیے۔
طاقت استعمال کرنا اور چیز ہے۔ طاقت ہونا اور چیز ہے۔ اللہ اگر طاقت استعمال کرے
تو سب کافروں کو مومن بنا سکتا ہے یا نہیں۔ طاقت ہے مگر استعمال نہیں کرتا۔ اگر جبراً میں
سب کو مومن بنا دوں تو۔ خوشی سے مومن بننے والے۔ اور جبراً گمراہ سے مومن بننے والے کا فرق کیا
رہے گا۔ اس نے راستہ واضح کر دیا۔ دلائل بیان کر دیئے۔ جبر کرتا نہیں ہے۔ طاقت ہونا اور

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No — Date / /

یہ چیز ہے یہ علامت کا استعمال کرنا ہو اور چیز ہے۔
ان الساعۃ اٰتیۃ اکاد اخفیھا ۔۔۔۔ قیامت آنے والی ہے۔ قریب ہے کہ میں اس کو چھپا دوں
آیا کہ تو فرما سکیں کہ کیسے ہو سکتا ہے۔ کہ اللہ تو قیامت کا علم چھپانا چاہتا ہے۔ اللہ ہم دعوی کریں
کہ اللہ نے آنے والے۔ کل کا یعنی قیامت کا علم دے دیا ہے۔
اللہ اگر چھپانا چاہتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ قیامت قائم ہی نہ ہوگی۔ اب جو یہ علیحدہ الگ۔
کہ قیامت قائم ہی نہ ہوگی۔ یہ کہ اب ایمان ہے یا نہیں۔ جب یہ علیحدہ ہے تو اس کا مطلب
ہے۔ کہ اللہ چھپانا چاہتا ہے۔ یہ تو نہ ہوا۔ بلکہ اللہ لانا چاہتا ہے۔ ان الساعۃ لاٰتیۃ۔ یہ قرآن
میں بیس جگہ ہے کہ قیامت آنے والی ہے۔ لہذا یہ دعوی کرنا۔ کہ اللہ قیامت کو چھپانا چاہتا
ہے۔ یہ بات غلط ہے۔ ہاں چھپانا چاہتا ہے غیب کی چیزیں ان سے جو اس قابل
نہیں ہوتے۔ جن کو غیب کی باتیں بتلائی جائیں۔ آپ کو پتہ چل جائے کہ یہ میری بھینس
کل مر جائے گی۔ آپ آج سودا کر دو گے۔ میرے تو ان کے پاس جا کر۔ مجھے پیسے مل جائیں۔
اس لیے آپ جیسے لوگوں کو غیب کی باتیں نہیں بتلائی جاتی۔ جو راز نہ پڑھنا نہ الہی ہوں۔
یہ باتیں انہیں کو بتلائی جاتی ہیں۔ نبی پاک ﷺ سے سوال کیے گئے کہ میری اونٹنی کے
پیٹ میں کیا ہے۔ میں بیج بو رہا ہوں بارش ہوگی یا نہیں۔ میں تجارت جا رہا ہوں نقصان
ہوگا یا نفع۔ وغیرہ وغیرہ۔ آپ چپ ہو گئے۔ یہ راز کی چیزیں ہیں۔ آپ لوگوں
کے سامنے بیان کرنا درست نہیں ہے۔ یہ اور بگڑ کے جوش میں آگئے دیکھو ہم نے نبی کو
لاجواب کر دیا۔ نبی کو بند کر دیا۔ کہ ہمارے سوالوں کا جواب نہیں دے سکے۔
اللہ نے اجازت دے دی۔ کہ محبوب میں اپنے رازوں کی حفاظت میں آپ کراؤں گا۔ مگر
تمہاری ذات کو تنگ نہ ہونا کہ میں اپنے رازوں کی حفاظت کرنے کو تیار نہیں ہوں۔
تم مکمل کر کے اعلان کر دو کہ جس نے جو پوچھنا ہے پوچھ لو۔ نبی پاک ﷺ منبر پر تشریف
لائے۔ آپ نے اعلان فرمایا۔ جن لوگوں نے میرے علم پر اعتراض کیا ہے۔ ان کا برا
حال ہوگا۔ واللہ لا تسئلونی عن شیء۔ خدا کی قسم اب سے لیکر قیامت تک
جتنا چاہو پوچھو میں بیان کروں گا بتلاتا ہوں۔ یہ روایت بخاری مسلم میں کم از کم بیس دفعہ

M | T | W | T | F | S | S

Memo No ______
Date / /

جگہ پر موجود ہے۔ اگر یہ صحیح نہیں تو بخاری مسلم کو سمندر میں غرق کر دو۔ وہ قابل اعتبار کتابیں
نہیں ہیں۔ تو نبی پاک ﷺ چشم اٹھا کر مسجد میں داخل ہو کر اعلان کر رہے ہیں کہ اب سے لیکر
قیامت تک جو چاہو پوچھو۔ میں بتلاتا ہوں۔ تو میں دو لفظوں میں یہ پوچھنا چاہوں گا۔ تو آپ کو
علم نہیں تھا۔ تو اعلان جھوٹا ہو گیا ــــ جو مسجد میں بیٹھ کے چشم اٹھا کے۔ جھوٹے ہو بتا سکتا
ہے۔ اعلان سچا نہیں تو کلمہ چھوڑ دو۔ اعلان سچا ہے تو میرے نبی کے علم پر اعتراض چھوڑ دو۔
ایک عام آدمی پر یہ الزام ہو۔ کہ بیماری پیسہ چرائی ہے۔ گو وہ ثبوت کوئی نہ ہو۔ وہ وضو کر کے مسجد
میں۔ مصلے پہ جا کے چشم دے دے تو لوگ کہتے ہیں۔ کہ بس حق پہنچ چکا ہے۔ کیونکہ یہ تو بری بات ہے
ہم تو اس سے مطالبہ نہیں کرتے۔ ظلم کی بھی حد ہے۔ کہ نبی کو مسجد میں داخل ہو کے مسجد میں نبی
نے چشم اٹھا کے بھی امت کو آج تک اعتبار نہیں آ رہا ہے کس امت نے یہیں
سمجھ نہیں آتی ــــ اس امت کے کوئی امتی ہونے کا کوئی مطلب ہے ــــ وہ
نبی پاک ﷺ کے امتی ہیں یا شیطان کے امتی ہیں۔ تو آپ نے قیامت کا نام لے کر پکارا۔ پھر نہ
فرمایا کہ قیامت تک پوچھو۔ مہربانی کرنا۔ قیامت کے علاوہ جو پوچھنا ہے پوچھ لینا ــــ اب سے
لے کر قیامت تک جو پوچھو میں بتلاتا ہوں گا۔ اب بات یہ پوچھنا تو ان کا مقصود ہے نبی پاک ﷺ نے جو چشم
اٹھا کے اعلان کر دیا ہے۔ اور یقیناً آپ کو پتہ تھا۔ تو آپ نے یہ اعلان کیا ہے کہ اللہ ہدایت
نصیب ہو جائے۔ معتبر لوگوں بارگاہ کا ادب نصیب ہو جائے۔

M Abbas

١٧ — ٧ — ٢٠١٧ پیر
٢٢ — ١٠ — ١٤٣٨
١٢ — ٣٦ — ٤٠ PM

— ٥ —

(بیان علامہ اشرف سیالوی کا خطاب مکمل)

QARI MUHAMMAD ABBAS
Naqashbandi Chishti Qadri Suharverdi
17 JUL 2017
Chak 265/E.B Burewala District Vehari
Mob: [illegible]

ابتدائے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہ حسن ہے بے مثل صورت لاجواب — میں فدا تم آپ ہو اپنا
جواب۔ حضور علیہ السلام بے مثل ہیں۔ حضرت عبد اللہ بن سلام۔ چہرہ کو دیکھ کر
سرکار کا کلمہ۔ منہ سے موتی جھڑنا — سرکار فرمان سنا رہے تھے۔ کہ آپس
میں سلام پھیلاؤ — صلہ رحمی فرماؤ۔ کھانا کھلاؤ — نماز پڑھا کرو جب لوگ سو رہے ہوں —
ہم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہوگے — یہی کلام سن کر مسلمان ہوا —
انبیاء کرام کے چہرے حسین۔ حضور کا تو جواب نہیں — انبیاء کو حسین ہوتا ہیں
دشمن لعنة ولرسولہ۔ جیل میں رہنے کے لائق حاکم — بخت نصر کا خواب۔ تعبیر والوں
سے پوچھا — قید میں کیوں رکھا ہے۔ اس کو آزاد کرو۔ بڑی عزت کے ساتھ رہا کر دو۔
درباں تو بادشاہ کو سجدہ کرو۔ دنیا میں بادشاہ کو سجدہ نہیں کر سکتا۔ ورنہ میں
جیل میں جا رہا ہوں۔ اللہ والے اللہ کے سامنے جھکتے ہیں مگر بادشاہوں اور بڑے لوگوں کے
سامنے اکڑتے ہیں — تبلیغ کرنے کا حق عالم کو ہے۔ جب حکیم حکمت کرتا ہے۔ ڈاکٹر
وہ جو دوسروں کا علاج کرتا ہے۔ جو سند یافتہ نہیں وہ علاج کیسے کر سکتا ہے۔ اس
طرح جو عالم نہیں وہ تبلیغ کیسے کر سکتا ہے ۔

(B) نبی کا معنیٰ ہے غیب کی خبر دینے والا — ابوجہل کنکریاں لے کر آیا — (خصائص کبریٰ)
ابوجہل بھی جانتا تھا کہ جو نبی ہوتا ہے وہ غیب کی خبر جانتا ہے۔ اگر تو رسول ہے تو بتا میری
مٹھی میں کیا ہے۔ مٹھی میں ہے وہ بتائے کہ ہم کون ہیں — چھ (6) کنکریاں ہیں —
مٹھی کے اندر سنگریزوں نے کلمہ پڑھا — زمین پر پھینک دیا۔
سیدنا غوث کے علم و فضل کے جلال نے بند کر دیا۔ چور رہا تھا مگر اس کی قسمت جاگ
رہی تھی — قرآن کی تعلیم سب سے بہتر ہے — دنیا میں کوئی اولاد دیکھا دیا گا
تو قبر میں بھی مادر زاد ہوگا — حضور کی نعت، قرآن عبادت ہے — مولانا جامی فرماتے
ہیں میں ابتدا ہی نعت نہیں رکھتا۔ اللہ تعالیٰ بھی اپنے محبوب کی ثنا کرتا ہے — ہم والدین کیلئے
سر جاتے ہیں — یا ایہا النبی انا ارسلناک شاہدا ومبشرا —
حضور کی شان تو وہ بیان کرے جو جانتا ہوں۔ حضور کی شان تو کما حقہ جبرائیل بھی نہیں

Memo No
Date / /
M T W T F S S

جانتا ہے۔ معراج کی رات سدرۃ پر جبرائیل نے عرض کیا۔ کہ میں آگے نہیں جا سکتا۔

ہے بشر کی کیا بیاں انتہا ہے۔ ہماری ابتدا ہو رہی کہاں ہے۔ حضور کی شان تو اللہ ہی

جانتا ہے۔ صدیق اکبر کو سرکار نے فرمایا۔ بے شک قسم ہے اس ذات کی میرے رب کے سوا

یا ابا بکر والذی بعثنی بالحق لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی۔

نہ حلیہ بھیس ہے کملہ پہ ہے — نہ مکان میں چون و چرا ہے یہ

تو خدا سے پوچھ وہ کون تھے جو شہر کی بکریاں جو چرا گئے۔

حضور کی شان جو بیان کرتا ہے۔ وہ خود عظمت و شان والا بن جاتا ہے۔ حسان بن

ثابت نے فرمایا۔ مسجد میں منبر بچھوائے۔ اللہ حمد و ثنا اور اپنی نعت سنتے ہیں

ہم جو کچھ بیان کرتے ہیں ہم ہدیۂ عقیدت پیش کرتے ہیں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس اوصاف حمیدہ بیان فرمائے ہیں۔ گلدستہ

میں رنگ برنگ کے پھول ہیں — یا ایھا النبی امام اہلسنت نے فرمایا۔ اے غیب

کی خبر دینے والے محبوب۔ مگر کسی نے نبی کا ترجمہ نہ کیا — امام اہلسنت کا ترجمہ

پڑھنے سے بد عقیدگی قریب بھی نہیں آتی — علماء لغات فرماتے ہیں۔ المنجد مصباح

النبی المخبر عن الغیب — نبی فعیل کا وزن ہے —

نبی وہ ہوتا ہے جو خالق کی خبر دے — اللہ غیب ہے تو اس کی خبر بھی غیب غیب کی

خبر نبی ہی دے گا — خبر وہی دے سکتا ہے جو خود غیب کی خبر رکھتا ہے۔

سرکار اللہ کی خبر رکھتے ہیں — وما ھو علی الغیب بضنین۔ بخل نہیں کرتا۔

شبیر احمد عثمانی نے لکھا۔ یعنی یہ پیغمبر ہر قسم کے غیوب کی خبر دیتا ہے —

اور کوئی غیب تم سے کیا نہاں ہو بھلا

جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

اللہ کی عطا سے جانتے ہیں — نبی پاک والدہ کے شکم میں ہیں۔ والد کا وصال۔

چھ سال کی والدہ۔ آٹھ سال کے دادا۔ چچا ابو طالب نے بکریاں — جنگل۔

نبی پاک نے دنیا والوں سے نہ پڑھا۔ جو کچھ قیامت تک ہونے والا تھا۔ سب کچھ بیان۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

227

M	T	W	T	F	S	S

Memo No ______
Date / /

بن غیب سے نوازے جاتے ہیں ۔ بنی اسرائیل میں بہت سے انبیاء کو بھیجا
دانیال علیہ السلام ۔ ذوالقرنین نے حکومت کی ۔۔۔۔ سو بادشاہ مسلمان ہوئے ۔
دو کافر ہوئے ۔ فرعون ۔ نمرود ۔ بخت نصر ۔ دانیال کا زمانہ ہے ۔ :
نبیوں کے چہرے بڑے نرالے ہوتے ہیں بڑی روحانیت ہوتی ہے ۔ ہمارے علاقے میں کوئی نبی نہیں
ہوا ۔ ایک ہوا وہ بھی جھوٹا ہی ہوا ہے ۔ وہ بھی دجال و کذاب ہوا ہے ۔
اللہ والوں کے چہرے بڑے نورانی ہوتے ہیں ۔ اللہ والے چہرے پہچان جاتے ہیں ۔
حضرت عبداللہ بن سلام نے چہرہ دیکھا ۔۔۔۔ عبداللہ بن رواحہ فرماتے ہیں اگر حضور
کا کوئی بھی معجزہ میں ظاہر نہ ہوتا ۔ حضور کا چہرہ ہی کافی تھا ۔ کہ لوگ دیکھ کر کلمہ پڑھ لیا
جاتے ۔

[signature]

پیر
۱۲ - ۲ - ۱۲ ۔ ۱۴۴۸ ۔ ۴۲ - PM
۱۲ - ۱۰ - ۶
۲۳ - ۱۰

QARI MUHAMMAD ABBAS
Naqashbandi Chishti Qadri Suharverdi
17 JUL 2017
Chak 365/E.B Burewala District Vehari
Mob:0334-7632384

۱۸۷ الذین امنو وھاجرو وجاھدو ـــ !! مکہ میں نبوت کا دعویٰ ـــ کیا۔ جو ایمان
لائے ان پر اذیت کی تکالیف۔ مکہ ـــ سے ہجرت ـــ مدینہ میں گئے۔ مہاجرین۔
مدینہ میں رہنے والے انصار ہیں ـــ (۱) سابقون الاولون ہیں ـــ جنہوں نے پہل کی ـــ
پیروی کرنے والوں کو والسابقون من المھاجرین ـــ سب سے اللہ فرماتا ہے۔
راضی ہو گئے ـــ جنت کا وعدہ دے دیا۔ بڑی کامیابی ہے۔ اللہ سب سے
فرماتا ہے۔ رضی ماضی کا صیغہ ہے۔ اللہ ان ـــ سے راضی ہو گیا ـــ دنیا میں اپنی
رضا کی سند عطا کر دی ہے۔ کوئی ناراض ہو تو ان کا کیا نقصان ہے۔ اللہ کی مخالفت
کی ان ـــ سے ناراض ہو کر ـــ جو اللہ کی رضا چاہتا ہے۔ وہ ان ـــ سے خوش ہو جاتا۔
اللہ ان کے جنتی ہونے کی خبر دے رہا ہے۔ قطعی جنتی ہیں ـــ ان کی خبر کوئی مولوی نہیں
دیگا ـــ مہاجرین اور انصار ـــ سے درجہ کس کا ہے ـــ مہاجرین نے جہاد کیا مال
و جان ـــ سے۔ اللہ کے نزدیک بہت بڑا درجہ ہے۔
صحابہ پر تکالیف مکے والوں نے دی ـــ انصار نے ہجرت نہ کی ـــ انہوں نے ہجرت
کی ہے۔ سید المہاجرین ابوبکر صدیق ہیں ـــ رضوان مل جائے یہ اللہ کی بہت بڑی
نعمت ہے ـــ جو ایمان لائے ـــ
ایک اونٹ پر ہجرت کرتا ہے۔ حضور رسول کو کندھے پر بٹھا کر ہجرت کرتا ہے
ـــ لوگ کافر مکان کا محاصرہ کر کے کھڑے ہوئے۔ دشمن قتل کرنے کی کوشش۔
اور لوگوں کی امانتیں آپ کے پاس ہیں ـــ مٹھی بھر سب چپکے سے نکل جانا۔ قرآن
پڑھتا ہوا نکل ـــ رسالت کا ذکر کرتا ہوا نکل۔ سورۃ یٰسین ـــ تاکہ لوگ یونہیں
بنے ڈر کے گیا ـــ خاک لوگوں نے نہ پھینکی ـــ ولکن اللہ رمیٰ ـــ اللہ اکبر
ـــ دست احمد عین دست ذوالجلال۔ آمدہ در بیعت الذر حمال
جاتو اس ـــ سے نکل رہا ہے جو نہ جانا رسول اللہ کا اعلان تھا ـــ رسول اللہ چلے جا رہے ہوئے۔ علی حضرت ابوبکر
صدیق کی طرف جانا ہی جدا کو مسئلہ ہے ـــ صدیق جاگ رہے ہوئے۔ دروازہ کھٹکھٹایا
آپ نے اندر بلا لیا تھا ـــ جس دن سے آپ نے فرمایا تھا۔ اس دن سے ابوبکر رات

M | T | W | T | F | S | S

Memo No

Date / /

کوئی نہ سو پایا — میرے نبی کو دیر لگ جائے۔ جبل نور کی طرف جا رہی ہے —
صدیق اکبر نے کندھوں پر اٹھا کر چڑھے پیش میں چڑھے — نبوت کا بوجھ — اللہ نبی
کا جسم پسینے سے تر ہو گیا رہے۔ اور منزل دور رہی ہے
دیکھئے تو غار کا منظر کون ہے بیٹھا
یار کے نام پہ مرنے والا — سب کچھ قربان کرنے والا —
منزلِ صدق کا رہبر — رضی اللہ تعالیٰ عنہ —
خدمت کی — جان قربان کی — صلہ دیا۔ فرمایا وہیں بیٹھ۔ تو جنت میں میرے ساتھ غار
میں بھر بنا کے میں ساتھ تیرے لئے مزار — مزار میں تو لے کے سو پایا۔ مزار میں میں لے کے سو گیا
کعبے میں علی کا پیدا ہونا شان والا ہے — مگر صدیق و فاروق کا گنبد خضرا میں ایسا۔
پہلو نظر نہیں آتا — یہ شرف علی — سے بھی افضل ہے۔ قیامت تک سرکار
کے ساتھ — علی نے وارد تھے — قیامت کے دن سب سے پہلے میں اٹھوں گا۔
دائیں طرف صدیق اکبر بائیں طرف عمر فاروق — نیکی کا حکم کرنے والوں کو بھی ثواب
ملتا ہے۔

منگل
۱۸ — ۷ — ۲۰۱۷
۲۴ — ۱۰ — ۱۴۳۸
۱۱ — ۴۵ — ۹ AM

QARI ... Burewala District Vehari

بیان والسابقون الاولون — در حضرت امام الائمہ۔ سراج الامۃ۔ کاشف الغمہ
ان کا نام کیا تھا — ہمیں نام نہیں پتا۔ (بخاری طحاوی شریف) حنفیوں کو مسلم
امام بخاری کے درس میں امام طحاوی کی بخاری کے مقابلے میں طحاوی کا شریف لکھی — ہم تمام
حدیثوں کو دل و جان سے مانتے ہیں — ہم حنفی ہیں ہم مقلد ہیں ان کا احترام کیا تھا۔
آیت — خدا میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے — والسابقون الاولون — کی پیروی
کرے — دو جماعتوں کا ذکر۔ مہاجرین کی — انصار — پیروی کی —
تابعین نے کی تھی — مصداق ہیں آیت کا قیامت تک جو لوگ بھلائی کے ساتھ
پیروی کریں گے — امام اعظم تابعی ہیں۔ صحابی کو دیکھنے والا ایمان سے — صحابی کون
ہے۔ اسم گرامی نعمان — ابو حنیفہ کنیت ہے۔ ثابت۔ دادا زوطی —
عجمی ہیں فارسی النسل ہیں۔ قوم کے رئیس تھے۔ مسلمان ہوئے تو دادا کا نام نعمان۔
ثابت کو امیر علیؓ کی خدمت میں لائے گود میں لیا۔ دعا کے طور پر — ثابت کے
گھر میاں نعمان پیدا ہوئے — ۸۰ ہجری میں پیدا ہوئے۔ وصال ہے ۷۰ سال بعد۔
چند صحابہ کرام کو دیکھا — ان سے روایت بھی کی ہے۔ امام جلال الدین سیوطی۔
شافعی المذہب ہیں۔ لیکن بڑے کامل ہیں۔ انہوں نے امام اعظم کی شان میں پوری کتاب
لکھی — تبییض الصحیفہ فی مناقب الامام ابی حنیفہ۔ اسی طرح امام ابن حجر شافعی مکی نے
رسالہ لکھا۔ الخیرات الحسان — سیدی امام عبدالوہاب شعرانی جو شافعی المذہب ہیں
مہ ائمے مسلمات ہیں۔ کہ آپ ان کی تصانیف پڑھا کر دیکھیں۔

آپ کے تابعی ہونے کے امام دارقطنی جو صاحب سنن ہیں۔ حدیث کی کتاب کا
مانا ہیں — امام ابن سعد جن کی کتاب طبقات ابن سعد — خطیب بغدادی علامہ ابن
ذہبی — ملا علی قاری — امام یافعی۔ ان سب نے اپنی کتابوں میں تصریح فرمائی ہے۔
کہ حضرت امام ابو حنیفہ تابعی ہیں —

ابو معشر امام عبدالکریم الصمد طبری یہ بہت شافعی ہیں۔ وہ اپنی کتاب میں ائمہ کا ذکر
کرتے ہیں جہاں — انہوں نے امام ابو حنیفہ کا ذکر کیا وہاں لکھا — وہ فرماتے ہیں کہ خود امام ابو حنیفہ نے

M T W T F S S　　Memo No ____ Date / /

بیان فرمایا کہ میں نبی کریم ؐ کے اصحاب سے ملا ۔ انس بن مالک ۔ عبداللہ بن انیس ۔ عبداللہ
بن جزء الزبیدی) جابر بن عبداللہ انصاری ، معقل بن یسار
واثلہ بن الاسقع ، حضرت عائشہ بنت عجرد رضی ۔ ملاقات فرمائی ہے
انس بن مالک سے تین حدیثیں (1) جو نیکی کا راستہ بتائے اس کو اتنا ہی ثواب
ملتا ہے ۔ جتنا نیکی کرنے والے کو ثواب ملتا ہے ۔ (انس بن مالک سے امام ابوحنیفہ)
(2) طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم ۔ (3) کوئی غم زدہ آدمی اس کی فریاد رسی کرنا ۔ اللہ کو
محبوب ہے ۔ ہمارے امام نے انس بن مالک سے روایت
(4) حضرت واثلہ سے حدیث کو سنا ۔ جو چیز تجھے شک میں ڈالے ۔ اس کو چھوڑ دے ۔
اس چیز کی طرف آجا جو تجھے شک میں نہ ڈالے ۔
ہمارے امام کوفہ میں پیدا ہوئے ۔ چودہ سال کی عمر کوفہ میں عبداللہ بن انس کو ملا ۔
کسی چیز کی محبت جو ہوتی ہے محبوب کا عیب دیکھنے سے اندھا کر دیتی ہے
۔ محبوب کے چہرے پر چیچک کے داغ ۔ لوگوں نے کہا ۔ اس نے کہا میرے محبوب
کا چہرہ چاند ہے ۔ چیچک کے دانے ستاروں کی مانند ہیں (B) بعض لوگ حضور کے
اندر عیب تلاش کرتے ہیں ۔ مگر محبت کا دعویٰ کرتے ہیں ۔
ہمارے زمانہ کے لوگ ۔ تابعی ہیں ۔ امام اعظم پر نظر کرے
بخاری اور مسلم میں حدیث پاک موجود ابوہریرہ روایت کرتے ہیں اگر علم ثریا
آسمان کے آخری کنارے پر لٹکا ہوا ۔ فارس میں پیدا ہونے والے چند مرد اس
تک پہنچ سکیں گے اگر علم ثریا پر لٹکا ہو ۔ وہاں پر جا کر اس کو لے آئیں گے ۔ لو کان
الایمان ۔ ایمان کو بھی پالیں گے ۔ اور علم اس کا مفید ہوتا ہے جو صاحب ایمان
ہو ۔ بے ایمان کے پاس جتنا بھی علم ہو وہ مفید نہیں ۔ علم ہو اور وہ حق کا راستہ
نہ بتائے وہ جاہل ہے ۔ شیطان سے بڑا عالم کون ہوگا ۔ فرشتوں کا استاد
لاکھوں سال تک اس نے نمازیں پڑھیں ۔ وہ تو سجدہ کا قائل تھا ۔ آدم کی تعظیم نہ کی ۔
جس نے تمام آدم کو نہ سمجھا اس کا یہ حال ہوا ۔ تو پورے مقام مصطفیٰ کو نہ سمجھے

Memo No

M T W T F S S Date / /

بڑا عابد ہو، عالم ہو اللہ کو توحید کے دعوے کرتا ہو۔ وہ کبھی مقبول نہیں ہو سکتا۔ مقبول کا معیار یہ
ہے جو تمام مسلمان اس کو سمجھیں۔ صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے۔
اہلسنت نماز کے پابند نہیں۔ وہ لوگ نماز کے بڑے پابند ہیں ۔۔۔ نماز امتیوں کا فریضہ ہے۔ شیطان
ان کو نماز سے نہیں روکتا۔ ان کو روکتا ہے حضور کی تعظیم سے۔ وہ جانتا ہے کہ رجب
میں کیا چیز۔ اللہ کو سال کی کام نہیں آئی ان کی [illegible] سال کی کس کام آ سکتی ہے کہ
میں تمہیں نماز سے روکوں گا۔ بس تم تعظیم نہ کرنا ۔۔۔ اور سنیوں کو وہ دیکھتا ہے کہ یہ تعظیم نہیں
چھوڑتے۔ میں نے اللہ ہو کر زور لگا لیا ہے۔ جتنا میں زور لگاتا ہوں۔ اتنی یہ تعظیم زیادہ
کرتے ہیں۔ چلو نماز میں چھڑوا دوں ۔۔۔ وہ سنیوں کو روکتا ہے نمازوں سے اور ان
کو روکتا ہے حضور کی تعظیم سے۔ جس طرح تعظیم کے پیارے ہیں اسی طرح نماز کے پابند بن جاؤ گے
تم اللہ کے پیارے بن جاؤ، اللہ کے محبوب بن جاؤ۔ نماز کبھی بغیر عذر کے نہ چھوڑ کر۔
پیارے امام نے چالیس سال عشاء کے وضو سے فجر کی نماز باجماعت پڑھی ہے کہ
امام اعظم نے درس قرآن شروع کیا۔ فجر کے بعد۔ عشاء کے نماز کے بعد۔ رات
کیسے گزارتے ہیں۔ دو رکعت میں پورا قرآن پڑھتے۔ عثمان غنی ۔۔۔ تمیم داری۔
سعید بن جبیر ۔۔۔ جرجیج نے پورا قرآن ختم کیا۔ فجر کے بعد پھر قرآن کا درس۔
شروع دن دیکھا ۔۔۔ چالیس سال تک آپ نے [illegible] ہزار بار قرآن پڑھا۔
۔۔۔ رمضان میں اکسٹھ۔ تراویح خود پڑھا کرتے۔ یہ [illegible] کا معمول ہے۔
تجارت کرتے تھے۔ نقصان میں نقصان ۔۔۔ چالیس ہزار کو صدقہ کر دیا۔
امام کی شان نہیں [illegible] زمانہ ۔۔۔ مولوی بارک اللہ کی عمر چالیس سال کی
بندہ مدنی کو کفن میں مبتلا نہ ہوا ۔۔۔ حدیث ہے عنقریب ہر امت میں آ رہا
ہو گا۔ مولانا بارک اللہ کی کتاب۔ انواع الانوار۔ اس کے حاشیے پر چھاپا ہوا
ہیں ۔۔۔ تو مولوی بارک اللہ نے اس کتاب کے حاشیہ پر ایک جلیل القدر امام کا لکھا ہوا
رسالہ۔ انتصار الامام فی مناقب النعمان۔ اس رسالے کے اندر یہ حدیث لکھی ہے۔
اور کئی مسندوں نے لکھی ہے۔ اور امام کبیر لکھتا ہے کہ اس حدیث کو سب سے پہلے

KHURRAM PAPER PRODUCTS

تعصب کی وجہ سے ابن تیمیہ وغیرہ نے ضعیف اور موضوع قرار دیا ہے ۔ پہلے سارا زمانہ
کے نزدیک ۔ یہ حدیث مسلم تھی ۔ اور سب اس کو مانتے تھے ۔ حضور علیہ السلام نے
ارشاد فرمایا ۔ سَیَکُونُ فِی اُمَّتِی رَجُلٌ عنقریب میری امت میں ایک مرد ہوگا ۔
اِسْمُہٗ نُعْمَانُ وَ کُنْیَتُہٗ اَبُو حَنِیْفَۃ اس کا نام نعمان ہوگا ۔ اور اس کی کنیت ہوگی
ابو حنیفہ ۔ یُحْیِی اللّٰہُ بِیَدِہٖ سُنَّتِی ۔ اللہ اس کے ہاتھ پر میری سنت کو زندہ کرے گا ۔
میرے حضور نے ارشاد فرمایا ۔ وَ ھُوَ سِرَاجُ اُمَّتِی ۔ وہ میری امت کا آفتاب
ہوگا ۔ وہ روشن چراغ ہوگا ۔ سرکار کا یہ فرمان ثابت ہوا ۔ کہ دنیا کے کونے
کونے میں اس آفتاب کی روشنی پہنچی ہوئی ہے ۔

پنجاب میں اسلام پھیلانے والے حضرت سید علی ہجویری کا ہے جن کے قدموں میں بیٹھ
کر حضرت خواجہ خواجگان معین الدین چشتی نے چلہ کیا ۔ گنج بخش
حضرت داتا علی ہجویری سے پوچھا کہ حضرت آپ کا مذہب کون سا ہے ۔ کہتے ہیں
حنفی ۔ خواجہ غریب نواز 95 لاکھ کو مسلمان کر گئے ۔ فرمایا حنفی ۔
قطب الدین بابا فرید ۔ نظام الدین ۔ خواجہ محمد نصیر چراغ دہلوی ۔ پاکستان
ہندوستان کے تمام اولیاء سے پوچھا تو فرمایا حنفی ۔ افغانستان حنفی ۔ ترک
سے لے کر جہاں میں اس آفتاب کی روشنی پہنچی ہوئی ہے ۔

مزار ستر لیٹے ہیں اور ہر ایک میں پیار ہیں ۔ وہ حضور سراج امتی ۔ نبی پاک نے بشارت
دی ہے ۔ جس طرح آفتاب سے ستارے روشن ہوتے ہیں ۔ ہزار علماء ہیں کہ احناف
ہیں ۔ چار ہزار استاد جو تابعی ہیں ۔ آٹھ اساتذہ کرام سے علم حاصل کیا ۔
سیدنا امام ۔ لیکن نبی پاک تک تعلق اساتذہ میں سیدنا امام دیکھا صحابہ کرام کو ۔
تابعین نے صحابہ کرام سے ۔ صحابہ نے نبی پاک سے ۔ یہ حدیث کی کتابیں
کوئی اٹھا کر سو سال کے بعد ۔ کوئی تین سو سال کے بعد ۔ اس کی سند میں ضعف ہو سکتا ہے ۔
امام صاحب کی سند میں کوئی ضعف کا سوال ہی نہیں ۔

ابن ماجہ کی حدیث ہے امام کی قراءت مقتدی کی قراءت ہے ۔ سرکار کا فرمان

M T W T F S S

Memo No

Date / /

جو حدیث ہمارے امام نے بھی بیان فرمائی ہے۔ امام کرخیؒ اس کو نقل کیا ہے۔ ابن ماجہ میں بھی یہ حدیث ہے۔ بڑا لطیفہ ہے ذرا غور سے سنیں۔

ایک جگہ میں نے حدیث پڑھی تو ایک طالب علم آ گیا جو ہری پور خاص کا رہنے والا ہے۔ کہنے لگا۔ ابن ماجہ کی جو حدیث ہے۔ اس حدیث کی سند میں مدلس ہے۔ ایک راوی ضعیف ہے۔ میں نے کہا ابن ماجہ کب ہوئے ہیں؟ اس نے بتایا کہ 200 سے اوپر ہجری کے ہیں۔ میں نے کہا تو وہ حوالہ پیش کر رہا ہے۔ جو 200 ہجری کے بعد ہجری میں پیدا ہونے والے امام نے لکھا ہے اور میں اس کا حوالہ پیش کر رہا ہوں۔ جو نبی پاک کے وصال کے 80 برس بعد پیدا ہوا۔ اس وقت امام ابن ماجہ تو پیدا بھی نہ ہوئے تھے۔ تو تو تو ان کی کتاب کا حوالہ دے رہا ہے جو کتاب بھی سو سال بعد لکھی گئی ہے۔ اس کتاب میں جو روایت ہے اس کا سند میں ضعف ہو گا۔ مگر میں تو امام اعظم کی روایت پیش کر رہا ہوں۔ اور وہ تو اس وقت کے ہیں۔ امام ابن ماجہ ابھی پیدا بھی نہ ہوئے تھے۔ تو امام ابن ماجہ کی روایت کو لینے کے بعد میں تو امام اعظم کی روایت کو پیش کر رہا ہوں۔ اور امام اعظم تو 80 ہجری کے ہوئے ہیں۔ اور ابن ماجہ جو ہے وہ کئی سو سال بعد ہوا۔

تو حنفیو! اپنے مذہب میں بالکل شک نہ کرو۔ کیونکہ ہمارے امام کا جو مذہب ہے وہ تو یہ ہے۔ جو انہوں نے اپنی آنکھوں سے تابعین حضرات کو کرتے ہوئے دیکھا۔ اور تابعین نے صحابہ کو۔ اور صحابہ نے سرکار ﷺ کو۔ اس واسطے ہمارے مذہب میں کسی قسم کا ضعف نہیں ہے۔ یہ تو ظاہر روایت کو لیتے ہیں۔ یہ تو ظاہر حدیث کو لیتے ہیں۔ اور ہم کہتے ہیں کہ ہمارے امام کی روایت میں تو کسی قسم کا ضعف نہیں ہے۔ کیونکہ یہ نبی پاک ﷺ کے بعد پیدا ہوئے۔ چار امام ہوئے۔ امام مالک۔ امام شافعی۔ امام اعظم، احمد بن حنبل۔ ان چاروں میں سے ہمارے امام تابعی ہیں۔ باقی حضرات آئمہ تابعی نہیں ہیں۔ لیکن ہم ان سب کو مانتے ہیں۔ ہمارے نزدیک چاروں مذہب حق ہیں۔ لیکن ہم حنفی ہیں۔ کیونکہ ہمارے امام بڑے ہیں۔

امام شافعی بعد میں پیدا ہوئے۔ کسی نے امام مالک سے پوچھا۔ کہ آپ نے امام ابو حنیفہ کو دیکھا

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S

Memo No
Date / /

ہے۔ انہوں نے کہا ہاں دیکھا ہے۔ ان کے علم وفضل کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے۔ امام مالک نے فرمایا۔
امام ابو حنیفہ وہ عالم تھا۔ جو تو پتھر کا ستون کہے۔ اگر وہ کہہ دیں کہ یہ ستون سونے کا ہے۔ وہ اپنے دلائل سے اس کا
ثابت کر سکتا ہے کہ یہ سونے کا ہے۔ یہ اس کے علم وفضل کا حال ہے۔ امام شافعی سے
پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ سارے فقہہ امام کی اولاد کی نسبت ہیں۔ امام سارے فقہاء کے باپ ہیں۔
امیر المومنین فی الحدیث حضرت عبداللہ بن مبارک ۔ امام بخاری مسلم کے استادوں کے استاد۔
وہ فرمایا کرتے تھے کہ امام ابو حنیفہ کا قیاس نہ کہو۔ اجتہاد نہ کہو۔

امام شافعی جب امام صاحب کے روضے پر آتے تھے۔ اور فاتحہ پڑھتے تھے۔ کہ اس کے مزار پر حاضر
ہونے سے میری مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔ جب تک وہ یہاں رہتے اپنے اجتہاد پر عمل
نہ کرتے۔ امام صاحب کے فتوے پر عمل کرتے تھے۔ کسی نے پوچھا حضرت فتوای تو آپ کا یہ ہے۔
لیکن یہاں آکر آپ مذہب حنفی کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ ان لوگوں میں نفسانیت نہ تھی۔
خلوص ہی خلوص تھا۔ امام شافعی فرماتے۔ میں اس کے مزار پر آکر اگر اپنے مذہب
کو چھوڑ کر اس کے مذہب پر عمل کرتا ہوں تاکہ اس کی روح خوش ہو جائے۔

میں اپنے اجتہاد اور مذہب کو چھوڑ دیتا ہوں۔ ہمارا مسلک ہے کہ چاروں مذہب
حق ہیں۔ ہم چاروں آئمہ کا نام لے کر کہتے ہیں رضی اللہ عنہم۔ اس لئے کہ ان کا اختلاف فروعات
میں تھا۔ اصول میں نہیں تھا۔ اور ان میں کوئی وہابی نہیں تھا۔ بلکہ سب کے سب سارے
ماننے والے۔ ادب اور تعظیم کرنے والے تھے۔ بلکہ اتنا ادب وتعظیم کرتے تھے۔
سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ۔ ساری زندگی کبھی مدینے کی حد میں پیشاب نہ کیا۔ انہوں نے کہا شہر
کے اندر بول وبراز کرنا یہ ادب کے خلاف ہے۔ کبھی گھوڑے کی سواری نہ کی۔

Abbas منظور
18-7-2017
24-10-1438
9 — PM

QARI [illegible] ABBAS
Naqashbandi Soharverdi
[illegible] Vehari
Mob

ومن عمل صالحاً من ذکر او انثیٰ ——— جو عمل صالح کرے۔ وہ مرد ہو یا عورت۔
پاکیزہ زندگی کے ساتھ۔ اور اس پر غور کیا جائے تو معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ اس آیۃ کریمہ
میں۔ تین جہانوں کا ذکر ہوا ہے۔ ایک ہے عالمِ دنیا۔ اور ایک ہے عالمِ برزخ۔ اور ایک ہے عالم
آخرت ہے۔ اللہ فرماتا ہے ہم اس کو زندہ رکھیں گے۔ پاکیزہ زندگی کے ساتھ۔ اتنے حصے
کا تعلق ہے عالمِ برزخ کے ساتھ۔ اور ان کو بہت اچھا اجر و ثواب دیں گے۔ ان کے بہت
اچھے اعمال کا۔ اتنے حصے کا تعلق ہے آخرت کے ساتھ۔ معلوم ہوا۔ کہ جو اس دنیا میں۔
نیک عمل کرتے ہیں۔ نیکی کی زندگی گزارتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو زندہ رکھتا ہے۔ وہ وفات
پانے کے بعد بھی زندہ ہوتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے ہم ان کو زندہ رکھیں گے۔
اور ان کی زندگی دنیا جیسی زندگی نہیں ہوگی ——— بلکہ دنیا کی زندگی کے مقابلے میں بہت بلند
ارفع بہت اعلیٰ۔ اور پاکیزہ زندگی کے ساتھ ہم ان کو زندہ رکھیں گے ——— اور آخرت
میں بہت اچھے اعمال کا بدلہ بہت اچھے اجر و ثواب کی صورت میں عطا فرمائیں گے۔
قرآن سے ثابت ہوا کہ جو نیکی کی زندگی گزارتے ہیں۔ وہ وفات کے بعد بھی زندہ رہتے
ہیں اور اس زندگی کا نام ہے برزخی زندگی وہ اس زندگی سے بہت پاکیزہ۔ اور بہت بلند زندگی
ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا تقولوا ——— وہ بظاہر چلتے پھرتے نظر نہیں آتے
تم ہمارے فرمان پر یقین رکھو کہ وہ زندہ ہیں۔ جیسا کہ زندہ ہیں۔ وہ کھاتے پیتے بھی ہیں۔ ولا تحسبن
——— مردہ گمان ——— دل میں خیال بھی نہ کرنا ——— بل احیاء عند ربہم یرزقون۔
قرآن کریم کی ان دو آیات سے معلوم ہوا کہ شہدا زندہ ہیں۔ نہ زبان سے ان کو
مردہ کہنا چاہیے۔ اور نہ دل میں ان کو مردہ ———
کافروں کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے جان دے دینا۔ یہ جہاد اصغر ہے۔ اور نفس کے ساتھ جہاد
کرنا۔ نفس کی خواہشات کی مخالفت کرتے ہوئے۔ اللہ اور رسول کی اطاعت اور فرمانبرداری
پر قائم رہنا۔ یہ جہاد اکبر ہے ——— چنانچہ حضور پیارے آقا جب غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے
اور مسجد نبوی میں بیٹھے تو صحابہ بھی موجود تھے۔ تو سرکار نے فرمایا رجعنا من الجهاد الاصغر الی الجهاد
الاکبر۔ یعنی صحابہ ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف لوٹے ہیں۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ

M | T | W | T | F | S | S — Memo No ____ Date / /

اگر کافروں کے ساتھ جہاد کرنا چھوٹا جہاد ہے۔ تو وہ بڑا جہاد کون سا ہے جس کی طرف ہم لوٹے ہیں۔ تو حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتا ہو کے۔ نفس کے ساتھ لڑنا یہ جہاد اکبر ہے۔ نبی پاک کے ارشاد سے ثابت ہوا۔ جب جہاد اصغر کرنے والے زندہ ہیں۔ تو جہاد اکبر کرنے والے زندہ کیوں نہیں ہیں۔ وہ بھی زندہ ہیں اسی طرح مفسرین کرام نے فرمایا۔ کہ اولیاء کرام سبھی شہید ہوتے ہیں کیونکہ وہ جہاد اصغر کرتے ہوئے جان دیتے ہیں۔ تو یہ جہاد اکبر کرتے ہوئے جان دیتے ہیں واقعی نفس کے ساتھ جہاد کرنا یہ جہاد اکبر ہے۔ مثلاً کافروں کے ساتھ لڑنے کا موقعہ کبھی کبھی کسی کسی کو ملتا ہے۔ بعض اوقات سو سو برس تک جنگ نہیں ہوتی۔ اور اگر ہوتی ہے کافروں کے ساتھ جنگ۔ تو اس جنگ میں سب لوگ حصہ نہیں لے سکتے۔ وہ حصہ لیتے ہیں جنہوں نے جنگی ٹریننگ حاصل کی ہو۔ یا مالی طور پر مالداروں نے مال دے کر اس جنگ میں حصہ لیا ہو۔ تو جو مالدار بھی نہیں ہیں۔ اور میدان جنگ میں جا کر لڑنے کی صلاحیت بھی نہیں رکھتے۔ وہ تو حصہ نہیں لے سکتے۔ تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ کافروں کے ساتھ جو جنگ ہوتی ہے۔ اس میں کسی کسی کو حصہ لینے کا موقعہ ملتا ہے۔ اور بعض اوقات سو سو سال تک جنگ نہیں ہوتی۔ لیکن نفس کے ساتھ تو ۲۴ گھنٹے جنگ جاری رہتی ہے۔ ایک دشمن تو وہ ہے جس سے کبھی کبھی پالا پڑتا ہے۔ اور ایک دشمن وہ ہے جس سے ۲۴ گھنٹے ہی لڑائی ہوتی ہے۔ تو کون سا بڑا دشمن ہوا۔ اسی واسطے نفس کے ساتھ جہاد کرنا جہاد اکبر ہے۔

کافر جو ہے وہ ظاہری دشمن ہے۔ اور نفس جو ہے وہ باطنی دشمن ہے۔ ظاہری دشمن کو شکست دینا آسان ہوتا ہے۔ اور جو باطنی دشمن ہو۔ نظر بھی نہ آئے۔ اور شکست دینا بڑا مشکل ہوتا ہے۔ جو اوپر سے دوست ہو اندر سے دشمن ہو۔ اس کے دھوکے سے بچنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ تو یاد رکھیے کافر ظاہری دشمن ہے۔ اور نفس باطنی دشمن ہے وہ تو کھلا دشمن ہے۔ یہ اوپر سے دوست ہے اندر سے دشمن ہے۔ تو اس قسم کے دشمن کو شکست دینا۔ واقعی بڑی ہمت کی بات ہے بڑی مشکل بات ہے۔ اسی واسطے

Memo No ____
M T W T F S S   Date / /

نفس کے جہاد کو جہاد اکبر فرمایا گیا ہے۔ جہاد کس طرح کیا جاتا ہے۔ شاید کوئی اس پر عمل کرلے۔ تو اس کی زندگی پاکیزہ زندگی ہو جائے۔ اور مجھے بھی اللہ تعالیٰ کا ثواب عطا کر دے۔

ہم لوگ سوئے ہوئے ہوتے ہیں جب صبح کی اذان ہوتی ہے۔ موذن کہتا ہے حی علی الصلوٰۃ آؤ نماز کی طرف حی علی الفلاح آؤ فلاح کی طرف۔ الصلوٰۃ خیر من النوم۔ نماز نیند سے بہتر ہے۔ تو ایمان اور روحانیت کا تقاضا یہ ہے کہ آدمی اٹھے۔ نرم و گرم بستر کو آرام کو اپنی راحت کو چھوڑ دے۔ اور نفس کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ سویا رہے۔ آج دیر سے سوئے ہیں۔ اگر نیند پوری نہ ہوئی۔ تو کام اچھی طرح نہ ہو سکے گا۔ طبیعت بہتر نہ ہوگی۔ نفس کہتا ہے سویا رہے تو اگر ہم سوئے رہے۔ یہاں تک کہ جماعت ہوگئی یہاں تک کہ نماز کا وقت بھی نکل گیا۔ سورج نکل آیا۔ تو بتائیے کس کی فتح ہوئی۔ نفس کی۔

ایمان اور روحانیت کا تقاضا پامال ہوا۔ اور نفس کی خواہش وہ پوری ہوئی۔ تو یہ جہاد ہے۔ بتانا یہ ہے کہ نفس کے ساتھ جہاد کیسے کیا جاتا ہے۔ جب نفسانی خواہشات کی تکمیل ہوگئی۔ خواہشات نفسانی تو پوری ہوگئی لیکن ایمان اور روحانیت تقاضے پامال ہوگئے۔ تو فتح ہوگئی نفس کی۔ اور روحانیت کی شکست ہوگئی۔ اٹھے اٹھ کر گھر بار زندگی سے فارغ ہوئے۔ اب جانا ہے دفتر میں۔ یا جانا ہے اپنے کاروبار دکان میں۔ تو منہ پر ہاتھ پھیرا۔ بال نکلے ہوئے ہیں۔ خیال کیا کہ شیو کرنے والی ہوگئی ہے داڑھی مونڈنے والی ہوگئی ہے۔ اور آپ بیٹھ گئے شیو کی ریزر لے کر۔ یا حجام کو بلا لیا۔ اور داڑھی منڈوا دی۔ تو بتائیے یہ داڑھی منڈوانا اللہ رسول کا حکم ہے۔ ایمان اور روحانیت کا تقاضا ہے یا خواہش نفس ہے۔ ہمارا نفس یہ چاہتا ہے کہ ہم داڑھی صاف رکھیں۔ تو جس وقت ہم نے داڑھی منڈوا دی۔ تو ایمان اور روحانیت کی شکست ہوگئی۔ اور نفس کی خواہش کی تکمیل ہوگئی۔ پھر ہم ناشتہ کرکے باہر نکلے۔ آج کل زمانہ ہے عریانی کا۔ عورتیں بے پردہ پھرتی ہیں۔ تو نفس کہتا ہے دیکھ۔ ایمان کہتا ہے مت دیکھو۔ ایمان اور روحانیت کا تقاضا یہ ہے۔ بلکہ غیر محرم عورتوں کو مت دیکھو۔ نفسانی خواہش یہ ہے کہ دیکھو۔ تو جب ہم نے دیکھا۔ ایمانی روحانی تقاضا تو پامال ہوگیا۔ اس کی شکست ہوگئی۔ اور خواہشات

KHURRAM PAPER PRODUCTS

کی تکمیل ہو گئی۔ اسی طرح جھوٹ ہے، غیبت ہے، بیہودہ گوئی ہے، ملاوٹ ہے۔ جتنی بھی برائیاں ہیں۔ اگر ہم ان برائیوں کو کرتے رہیں۔ ایمانی روحانی تقاضوں کو پامال کرتے رہیں۔ تو نتیجہ کیا نکلے گا۔ کہ ہماری روحانیت پے در پے شکستیں کھا کھا کے کمزور ہو جائے گی۔ اور ایک دن آئے گا کہ یہ مردہ ہو جائے گی۔ کیونکہ جب روح کو روح کی غذا نہیں ملے گی۔ تو ظاہر ہے کہ وہ کمزور ہو جائے گی۔ اور ایک دن آئے گا کہ وہ مر جائے گی۔ تو جس کی روحانیت مر جاتی ہے۔ یا بہت زیادہ کمزور ہو جاتی ہے۔ اس کو دینی کاموں میں لذت نہیں آتی۔ لطف نہیں آتا۔ کیونکہ روحانیت مر گئی۔ روحانیت زندہ ہوتی تو اس کو روحانی ایمانی کاموں میں لطف آتا۔ اب ہماری یہ حالت ہوتی ہے۔ پہلے تو مسجد میں جانے کو جی ہی نہیں چاہتا۔ اور اگر چلے جائیں تو سوچتے ہیں کسی طرح جلدی نکلیں۔ اسی طرح قرآن پڑھنے بیٹھیں گے تو ایک دو صفحے پڑھیں گے تو نیند آنی شروع ہو جائے گی۔ یا طبیعت اکتا جائے گی۔ فلم لگی ہوئی ہو گی یا کوئی اور تماشا بیٹھی کا مسئلہ ہو گا۔ تو تین تین گھنٹے ہماری آنکھ نہ جھپکے گی۔ وجہ کیا ہے۔ پہلی بات تھی جس کا تعلق ہے روحانیت کے ساتھ۔ اور روحانیت مردہ ہو چکی ہے۔ دوسری بات کا تعلق ہے نفسانیت کے ساتھ۔ اور نفسانیت زندہ ہے۔ بلکہ بڑی قوی اور توانا ہو گئی ہے۔ لہٰذا اس کو نفسانی کاموں میں تو لذت آئے گی۔ لیکن روحانی کاموں میں لطف و لذت نہیں آئے گی۔ جس شخص کی روحانیت مردہ ہو جائے۔ بہت کمزور ہو جائے۔ اور اس کے اوپر نفسانیت کا غلبہ ہو جائے۔ پھر اس شخص کے خیالات بھی نفسانی۔ تقاضے بھی نفسانی۔ کام بھی نفسانی۔ ایسا شخص شکل و صورت کے اعتبار سے تو انسان ہی رہتا ہے۔ مگر حقیقت میں حیوان سے بھی بدتر ہے۔

اسی واسطے اللہ فرماتا ہے۔ اولئک کالانعام بل ھم اضل۔ یہ لوگ حیوان سے بھی بدتر ہیں۔ کیونکہ حیوان میں تو عقل نہیں ہے۔ وہ تو بے عقل و بے شعور ہے۔ اور اس طرح کی حرکتیں کرتا ہے۔ اور انسان کو تو اللہ نے عقل و شعور سے سرفراز کیا ہے۔ یہ باعقل اور باشعور ہو کر حیوانوں جیسے کام کرے۔ تو پھر حیوانوں سے بدتر ہوا یا نہیں۔

(درود شریف)

M T W T F S S

Memo No ________

Date / /

(۲) جو اللہ والے جو سوتے ہیں چاہے سردی ہو یا گرمی ہو۔ سفر ہو یا حضر ہو۔ سے

سو رات ہوئے تے سب درداں نوں سنیندا پیار نال آکھیا۔

درد منداں نوں یاد سجن دی ستیاں آن جگاوسا۔

ہو ساری باتیں لگن کی ہیں۔ محبت کی ہیں۔ جب محبت ہو جاتی ہے۔ تو محبت بڑے بڑے
مشکل کام بھی کروا لیتی ہے۔ اور محبت والے کے نزدیک بڑے مشکل کام بھی بڑے
آسان ہو جاتے ہیں۔

ادھر آدمی درود شریف پڑھتا ہے۔ اور لے جانے والے فرشتوں کی قطار لگ جاتی ہے۔ ہو یا یوں ہے
کہ ادھر ایک آدمی درود شریف پڑھنا شروع کرے گا۔ اور فرشتہ بیٹھا ہے کہ اٹھا کے تو میں
اٹھا کے جاؤں گا ـــــ فرشتہ حاضر ہوتا ہے کہ یا رسول اللہ آپ کے فلاں امتی نے فلاں جگہ پہ
رہنے والے نے آپ کی بارگاہ میں ان الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھا ہے۔

جس کا ذکر بادشاہ کے دربار میں ذکر ہو تو بڑا خوش ہوتا ہے۔ جس کا ذکر
نبی پاک کے دربار میں ہو ـــــ بادشاہ تو ان کے نام لینے والے ہیں
دربار میں لوری۔ فرشتے بھی لوری۔ جب ہمارا ذکر ہوتا ہے ـــــ

نبی کی جماعت کے بعد نماز استخارہ پڑھ لے تو عمرہ اور حج کا ثواب ملتا ہے۔ یہ کتنی
دولت ہے۔ یہ سارا دن گناہوں کی حفاظت کرتے ہیں آنکھوں۔ کانوں ہاتھوں
پاؤں ـــــ جب یہ اللہ والے نفس کی خواہشات کو کچلتے رہتے ہیں۔ ایک وقت
آتا ہے۔ کہ خواہشات ختم ہو جاتی ہے ـــــ وہ نفس امارہ جو برائی کی طرف کھینچنے والا
وہ مر جاتا ہے۔ اور روحانیت شروع ہو جاتی ہے۔ نفس مر گیا تو بتاؤ موت
کس چیز کو آتی ہے۔ کل نفس ذائقۃ الموت ـــــ جس نفس کو موت آنی تھی۔
اس کو تو انہوں نے پہلے ہی مار دیا ـــــ اور باقی روح رہ گئی ـــــ روح کو کیا موت آتی
ہی نہیں ـــــ لہذا اللہ والے ہمیشہ زندہ ہوتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جہاد کرو نفس کے ساتھ۔
اللہ رسول کی اطاعت کرو۔ اور نفس کی مخالفت کرو۔ جب نفس مر جائے گا تو ہم سراپا
روح بن جائیں گے۔ اور روح کو کبھی موت نہیں آتی ـــــ لہذا ہم زندہ رہیں گے۔ اور ہم نہیں

پاکیزہ زندگی کے ساتھ زندہ رکھیں گے۔ ثابت ہوا کہ یہ اولیاء اللہ جو نفس کا تزکیہ کیا کرتے ہوتے۔
اللہ اور رسول کی فرمانبرداری کیا کرتے ہوتے۔ اپنی جانیں دیتے ہیں۔ یہ زندہ ہوتے ہیں۔ یہ مرتے نہیں۔
بلکہ ایک مکان سے دوسرے مکان میں انتقال کرتے ہیں۔ اگر کوئی کراچی چھوڑ کر لاہور
چلا گیا تو نہیں کہتے کہ مر گیا ــــ تو اس دنیا کو یہ چھوڑ جاتے ہیں۔ لیکن دوسری
دنیا جس کو عالم برزخ کہتے ہیں۔ یعنی وہاں یہ زندہ ہوتے ہیں۔ بات صرف یہ ہے کہ یہ زندہ
ہوتے ہیں کھاتے پیتے ہیں۔ مگر ہمیں شعور نہیں ہوتا ــ چونکہ پردے میں ہوتے ہیں۔ اس
واسطے اس برزخی زندگی کو پردے کی زندگی کہا جاتا ہے۔

بعض لوگ اس کو نہیں مانتے جو نہیں مانتے وہ بھی سچے ہیں کیونکہ ان میں اس درجے کا
کوئی نہیں ہوتا ــ ان میں کوئی ولی اللہ نہیں ہوتا۔ کہ جس کو یہ زندگی نصیب ہو۔ وہ
بھی سچے۔ اور ہم بھی سچے کیونکہ جتنے اولیاء اللہ ہوئے ہیں۔ وہ سب ہم میں ہوئے ہیں۔ تو
یہاں گھر والوں کی بات گھر والوں سے پوچھی جاتی ہے۔ بات ہو گھر والوں کی پوچھنے
پھرو باہر والوں سے۔ دوسروں کو کیا خبر ہے۔ گھر والوں کی بات گھر والوں سے پوچھو۔
اولیاء اللہ کی بات ان سے پوچھو۔ جن میں اولیاء اللہ ہوئے ہیں۔

معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ زندہ ہیں ــ اب جو لوگ مخالف ہیں۔ یہ تو ٹھیک ہے۔
کہ یہ بڑے درجے والے ہیں۔ اللہ کے دوست ہیں انہوں نے بڑی عبادت کی۔ اللہ کو راضی
کر لیا۔ جنت کے حقدار بن گئے۔ مگر یہ جو تم ان کو پکارتے ہو۔ مدد مانگتے ہو۔ تم تو
بیٹھے ہو کراچی میں۔ اور وہ ہیں لاہور میں۔ بغداد میں۔ اجمیر۔ پاکپتن۔ جتنے بھی
اولیاء اللہ ہیں بڑے بڑے وہ سب تو ہیں ــ وہ تو قبروں میں پڑے ہوئے ہیں۔ قبروں
سے نکل کر تمہاری مدد کیسے کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو بندہ ہمارا محبوب بن جاتا ہے۔ تو کیسے محبوب بنتا ہے وہ ہمارے مقام پر آکے کر۔
اس کو یہ درجہ حاصل ہو جاتا ہے۔ اللہ فرماتا ہے اس کا دیکھنا ہمارا دیکھنا ہو جاتا ہے۔ سننا۔
بولنا۔ تصرف۔ آنکھ اس کی ہوتی ہے دیکھنا اللہ کا ہوتا ــ وہ خدا نہیں بن جاتا بلکہ
خدا کی صفتوں کا مظہر بن جاتا ہے۔ اس کا معنی ہے ظاہر ہونے کی جگہ۔ اب میں اس

M T W T F S S
Memo No
Date / /

درشتا لیں دیتا ہوں ۔ اس لوہے کے اندر ذاتی طور پر جلانے کی صفت نہیں ہے ۔
لیکن اس لوہے کو آپ اگر آگ کے اندر رکھ دیں ۔ اور یہ لوہا اپنی ذات کو آگ کی
نذر کر دے ۔ آگ میں فنا کر دے ۔ تو پھر کیا ہوگا آگ اس کو اپنے رنگ میں رنگ لے گی ۔
یہ سرخ ہو جائے گا ۔ یہ پھر زبان حال سے کہے گا انا النار ۔ میں آگ ہوں مجھے
ہاتھ نہ لگانا ۔ ورنہ جلا دوں گا ۔ تو بتائیے اس لوہے کے اندر جو آگ کی صفت پیدا
ہوگئی ۔ وہ کیسے ہوگئی ۔ وہ صفت اس کی اپنی ذاتی صفت نہ تھی ۔ جب اس نے اپنی
ہستی کو آگ کی نذر کیا ۔ تو آگ نے اس کو اپنے رنگ میں رنگ لیا ۔ آگ نے اپنی صفت
کو اس کی صفت پر غالب کر دیا ۔ اب یہ بھی آگ بن گیا ۔ جو صفت آگ کی ہے
وہ اس کے اندر اب ظاہر ہو رہی ہے ۔ یہ بھی جلا دے گا ۔

اسی طرح اللہ والے اپنی ہستی کو رب کی ذات میں فنا کر دیتے ہیں ۔ اور فنا فی اللہ کے
درجے پر پہنچ جاتے ہیں ۔ تو اللہ تعالیٰ پھر ان کو اپنے رنگ میں رنگ لیتا ہے ۔
صبغۃ اللہ و من احسن من اللہ ۔ اللہ تعالیٰ ان کی بشری اوصاف
کو مغلوب کر دیتا ہے ۔ اور اپنے اوصاف کو غالب کر دیتا ہے ۔ پھر شکل و صورت
کے اعتبار سے تو وہ بندہ ہی رہتا ہے ۔ مگر اس کے اندر خدا کی صفتوں کا جلوہ نظر
آتا ہے ۔

(2) بعض لوگوں پر جن کا اثر ہو جاتا ہے ۔ یہ ایک حقیقت ہے جس کا انکار کرنا جہالت ہے
کہ یہ حقیقت قرآن سے ثابت ہے ۔ حدیث سے ثابت ہے ۔ اور اب تو
اس کو یورپ نے بھی تسلیم کر لیا ۔ جب کسی پر جن کا اثر ہوتا ہے ۔ تو وہ بندہ بولتا
ہے ۔ تو منہ بندے کا ہوتا ہے ۔ زبان بندے کی ہوتی ہے ۔ آواز بندے کی ہوتی ہے ۔ لیکن جاننے
والے کہتے ہیں کہ جن بول رہا ہے ۔ تو کیا وہ بندہ جن بن جاتا ہے ۔ جنات اپنی نسب
سے نکل کر بندوں میں چلا جاتا ہے ۔ یا جن جو ہے وہ بندہ بن گیا ۔ نہیں جن تو جن
ہے ۔ بندہ بندہ ہے ۔ مگر ہوا کیا ۔ بندے کے اوپر جب جن کا اثر ہوا ۔ تو جن نے بندے
کے اوصاف مغلوب کر دیئے ۔ اور اپنے اوصاف اس کے اوصاف پر غالب کر دیئے

KHURRAM PAPER PRODUCTS

پھر اس بندے کا بولنا جن کا بولنا ۔ حالانکہ منہ بندے کا زبان بندے کی ۔ آواز بندے کی ۔
مولانا روم فرماتے ہیں ۔ کہ جن تو اللہ کی مخلوق ہے ۔ جب مخلوق کے اثر اور غلبے کا
یہ حال ہے ۔ تو خالق کے اثر اور غلبے کا کیا حال ہوگا ۔ جن بندوں پر خالق کا اثر اور غلبہ
ہو جاتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ ان کے بشر کی اوصاف کو مغلوب کر کے اپنے اوصاف کو غالب کر دیتا
ہے ۔ پھر ان کا سننا ۔ رب کا سننا ۔ دیکھنا ۔ بولنا ۔ وہ رب نہیں ہوتے رب کی صفتوں
کے مظہر بن جاتے ہیں ۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ ہر جگہ سنتا ہے یا نہیں ۔
ہر جگہ دیکھتا ہے یا نہیں ۔ تو یہ اللہ والے جب اللہ کی صفتوں کے مظہر ہو گئے ۔ ان کا دیکھنا
اللہ کا دیکھنا ہو گیا ۔ تو پھر یہ اللہ کی صفتوں کے مظہر بن کر ہر جگہ دیکھنے لگ جاتے ہیں ۔
یہ ہر جگہ کی آوازوں کو سننے لگ جاتے ہیں ۔ جو کچھ ان کی زبان سے نکلتا ہے وہ ہی
کچھ ہو جاتا ہے ۔ پھر ہاتھ ان کے ہوتے ہیں ۔ قوت خدا کی ہوتی ہے ۔

جیسا کہ جب حضرت علی شیر خدا نے جب قلعہ خیبر کا دروازہ اپنے ہاتھوں پر اٹھا لیا ۔
تو بعد میں چالیس آدمی اس دروازے کو اٹھاتے تھے تو وہ اٹھتا نہ تھا ۔ تو انہوں نے کہا
اے علی ہم سے تو اٹھتا نہیں ہے تو نے اکیلے کیسے اٹھا لیا ۔ تو حضرت علی نے فرمایا ۔
خدا کی قسم میں نے اس کو قوت جسمانی سے نہیں قوت روحانی سے اٹھایا ہے ۔
ہاتھ میرے تھے ۔ قوت خدا کی کام کر رہی تھی ۔ پھر یہ بغداد میں بیٹھے بیٹھے ڈوبتے
جہازوں کو پار لگا دیتے ہیں ۔ تو لوگ کہتے ہیں انہوں نے دیکھ کیسے لیا جہاز ۔ کہاں تھے
وہاں سے سن لی ۔ ہم کہتے ہیں اس میں کوئی تعجب نہیں ہے ۔ کہ ان کا دیکھنا رب کا
دیکھنا ہے ۔ ان کا سننا رب کا سننا ہے ۔ ہاتھ ان کے ہوتے ہیں قوت خدا کی کام
کرتی ہے ۔ تو وہ بغداد میں بیٹھے بیٹھے ڈوبتے ہوؤں کو پار لگا دیتے ہیں ۔ اللہ فرماتا ہے ،
تعجب نہ کرو ۔ ہاتھ ان کے تھے مگر قوت ہماری کام کر رہی تھی ۔

ہمارا جو عقیدہ ہے کہ سنتے ہیں ۔ دیکھتے ہیں ۔ اور تصرف کرتے ہیں ۔ یہ عقیدہ کوئی
بناوٹی نہیں ہے ۔ خود ساختہ نہیں بلکہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے ۔ اور تمام صوفیاء
کا اس پر اتفاق ہے ۔ سارے صوفیاء کرام سب کے حالات پڑھ کر دیکھو ۔ وہ اپنے

پیرو مرشدوں کے پاس جاتے تھے۔ نذر نیاز بھی کرتے ہیں۔ ختم درود بھی کرتے تھے۔ پھول بھی
کھللتے تھے۔ چادریں بھی چڑھاتے تھے۔ اور مصیبت کے وقت اپنے پیروں سے استمداد
بھی کرتے تھے۔ تو اگر یہ چیزیں شرک ہوتیں۔ تو شرک کرنے والا ظالم ہے۔ شرک کرنے
والے کی تو نجات نہیں۔ تو یہ باتیں شرک ہوں تو شرک کرنے والے اللہ کے پیارے
کیسے بن گئے۔ اللہ کے محبوب کیسے بن جاتے ہیں۔ تو جب یہ اللہ کے محبوب ہیں تو
ماننا پڑے گا۔ کہ یہ عقیدے اور باتیں شرک نہیں ہیں۔ چنانچہ ہمارا سلسلہ
نقشبندیہ مجددیہ ہے۔ اس سلسلے کے آفتاب و ماہتاب امام ربانی
امام مجدد الف ثانی — خود اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ مجدد فرماتے ہیں میری
ایک روحانی منزل اٹک گئی۔ میں نے بڑا مجاہدہ کیا۔ بڑی ریاضت کی۔ تو یہ منزل طے نہ ہوئی۔
آخر میں نے خواجۂ خواجگان۔ حضرت بہاء الدین نقشبند کی روح سے مدد مانگی
پھر میں نے حضرت غوث اعظم رح سے مدد مانگی۔ تو مجدد صاحب فرماتے ہیں
ان دونوں بزرگوں کی روحانی مدد سے میری منزل طے ہو گئی۔ تو معلوم ہوا یہ
سلسلہ ہم نے ایجاد نہ کیا۔ شروع سے چلا آرہا ہے۔ اللہ والے اپنے پیرو
مرشدوں سے مدد مانگتے ہیں۔ ان کی مدد ہوتا ہے۔ اللہ والے سنتے ہیں۔
مدد کرتے ہیں۔ سیدھے سادے بھولے بھالے لوگوں کو گمراہ کرنے کے لیے ایک
بات کرتے ہیں۔ کہ جب یہ لوگ زندہ تھے۔ اس وقت سنتے تھے۔ مر گئے اب نہیں
سنتے۔ یہ دور سے سن لینا۔ دور سے دیکھ لینا۔ دور تک تصرف
کر لینا۔ یہ جسمانی کمال ہے یا روحانی۔ جب روحانی کمال ہے تو روح تو مرتی
ہی نہیں۔ جب روح باقی ہے۔ تو ماننا پڑے گا۔ کہ روح کے کمالات بھی باقی ہیں۔
یہ نہیں ہو سکتا کہ روح تو زندہ ہو۔ اور روح کے کمالات مر جائیں۔ جب روح
باقی ہے۔ تو روح کے کمالات بھی باقی ہیں۔ روح جسم کے پنجرے کا اندازہ کر کے
تصرفات کرتی تھی۔ تو اب وہ جسم کے پنجرے سے آزاد ہو گئی۔ آزاد ہونے کے بعد اب اس
تصرفات میں۔ کمی نہ ہوگی۔ بلکہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ چنانچہ میں دلیل پیش کرتا ہوں۔

M T W T F S S
Memo No
Date / /

حدیث پاک میں آتا ہے کہ کوئی شخص اپنے بھائی کی قبر پر جا کر کہتا ہے۔ کہ السلام علیکم یا اہل القبر۔ یغفر اللہ لنا۔ ولکم۔ اے قبر والے تجھ پر سلام۔ اللہ ہمیں بھی بخشے اور تجھے بھی بخشے۔ انت سلفنا تو ہم سے پہلے آ گیا ہے۔ ہم بھی تجھے ملنے والے ہیں۔ حضور فرماتے ہیں کہ اگر کوئی اپنے بھائی کی قبر پر جا کر سلام کرے۔ تو وہ قبر والا سلام کو سنتا بھی ہے۔ دیکھتا بھی ہے پہچانتا بھی ہے۔ کہ یہ میرا بھائی ہے۔ وغیرہ۔ اور اگر کوئی تعلق نہ ہو تو جس طرح ہم لوگ ایک دوسرے کو سلام کہتے ہیں۔ لیکن ہمیں تعارف نہیں ہوتا۔ کہ کوئی ہمارا مسلمان بھائی ہے۔ اسی طرح وہ سمجھتے ہیں۔ تو مرنے کے بعد قبر والا سلام کہنے والے کو دیکھتا بھی ہے۔ اس کے کلام کو سنتا بھی ہے۔ اس کو پہچانتا بھی ہے۔ یہ عام مسلمان کی شان ہے۔

تجربہ کر کے دیکھ لو۔ ایک زندہ آدمی کو دفن کر دو پھر پوچھو کہ زندہ نہیں سنتا۔ حضور فرماتے ہیں۔ وفات پانے والا سنتا بھی ہے دیکھتا بھی ہے۔ پہچانتا بھی ہے۔ مرنے کے بعد سننے دیکھنے کے ادراک میں کمی نہیں ہوتی۔ بلکہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ جب عام مومنوں کی یہ شان ہے تو اولیاء اللہ کی کیا شان ہوگی

جب بھی کسی مزار پر جائیں تو یہ عقیدہ رکھو کہ یہ مزار والا مجھے دیکھ رہا ہے۔ میں جو سلام کہہ رہا ہوں وہ سن رہا ہے کیوں اس لیے یہ حضور کا فرمان ہے۔ کہ یہ قبروں والے دیکھتے اور سنتے ہیں۔

شریعت میں سلام کہنا اس کو جائز ہے۔ جو سنتا بھی ہو۔ اور جواب بھی دیتا ہے۔ جو سنتا نہ ہو جواب نہ دے سکتا ہو۔ اس کو سلام کہنا ہی جائز نہیں ہے۔ مجھے بتاؤ آپ جب اپنے گھر جاتے ہیں۔ تو سب سے پہلے گھر کا دروازہ آتا ہے۔ آپ نے کبھی کہا ہے کہ گیٹ صاحب السلام علیکم۔ کمرے میں سلام کیا جاتا ہے۔ کہ صوفہ صاحب السلام علیکم قالین صاحب السلام علیکم۔ کبھی آپ نے سلام نہ کیا۔ کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ یہ چیزیں سنتی نہیں ہیں۔ جواب نہیں دے سکتیں۔ لہذا ان کو سلام کہنا بھی جائز نہیں ہے اگر کوئی آدمی مزار پر بیٹھا ہو۔ یا گدی والے بیٹھے ہوں۔ تو آپ جا کر کہتے ہیں السلام علیکم

Memo No
Date / /
M T W T F S S

آج کل رواج ہو گیا ہے۔ کہ گھر والوں کو سلام نہیں کہتے کہ گھر والوں کو بھی سلام کہنا چاہیے۔ بیوی بیٹی ہو تو اس کو بھی اسلام کہنا چاہیے۔ آج کل میاں سلام نہیں کہتا میری عزت گھٹ جائے گی۔ اور بیوی آ گئے میاں بیٹھا ہو تو بیوی بھی سلام کرے۔ یعنی جو بھی گھر میں بیٹھا ہو۔ اللہ فرماتا ہے جب کبھی گھر میں داخل ہوئے۔ و تسلموا علی اھلھا تو گھر والوں کو سلام کرو۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ وہ سلام سنتے بھی ہیں جواب بھی دیتے ہیں۔ سونے والے کو سلام کہنا جائز ہے۔ سونے والا سنتا نہیں جو سنتا نہیں اس کو سلام کہنا جائز نہیں ہے۔ باتھ روم میں سلام نہیں کہنا کرنا چاہیے۔ نماز کے دوران کسی کو سلام کہنا۔ خاموش کو سلام کرنا جائز ہے۔ لہذا اسلام کہنا ہی جائز نہیں ہے۔ ان مثالوں سے آپ حضرات سمجھ جائیں گے۔ کہ شریعت میں اسلام میں۔ سلام کہنا ہی اس کو جائز ہے۔ جو سنتا بھی ہو۔ اور اس کا جواب بھی دیتا ہو۔ جو سنتا نہیں جواب نہیں دیتا اس کو سلام کہنا ہی جائز نہیں ہے۔ تو یہ جو ہم قبرستان میں جا کر کہتے ہیں۔ السلام علیکم۔ اگر وہ سنتے نہیں تو ہم کہتے کس کو ہیں۔ ماننا پڑے گا کہ وہ سنتے بھی ہیں اور جواب بھی دیتے ہیں۔ یہاں ایک مسئلہ اور بھی حل ہو گیا۔ آپ پانچوں وقت نماز میں کہتے ہیں السلام علیک ایہا النبی سلام ہو تجھ پر اے نبی اللہ کی رحمتیں اور برکتیں۔ اگر نبی کریم سنتے ہی نہیں تو سلام کہتے کس کو ہیں۔ اور جو سنتا نہ ہو۔ اس کو تو سلام کہنا ہی جائز نہیں ہے۔ یاد رکھو ہمارے نبی پاک ﷺ سنتے بھی ہیں اور اس کا جواب بھی ارشاد فرماتے ہیں۔ سنتے ہیں۔ کیونکہ یہ سننا روحانی صفت ہے۔ یہ تصرف کرنا روحانی تعلق ہے۔ روح کو موت نہیں آتی۔ یہ زندہ ہوتے ہیں۔ سنتے ہیں دیکھتے ہیں اور تصرف کرتے ہیں۔

اولیاء اللہ کے یوم وفات کو یوم عرس کہا جاتے ہیں۔ عرس کے معنی شادی کے ہیں۔ اسی واسطے دولہے اور دلہن کو بھی عروس کہتے ہیں۔ تو جس وقت یہ اللہ والے مومن۔ صالح انتقال کرتے ہیں۔ روح اس بندے کی لوٹا دی جاتی ہے۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

فرشتے انکار کر بیٹھا دیتے ہیں۔ قبر کے سوال ——— جونہی وہ سرکار کا نام لیتا ہے تو
قبر والے کی آنکھوں سے پردے ہٹ جاتے ہیں۔ کیونکہ سرکار سامنے نظر آتے ہیں۔ تو
فرشتے کہتے ہیں ما کنت تقول فی حق ھذا الرجل ۔ یہ مرد کامل جو تیرے سامنے جلوہ
افروز ہے۔ ان کو پہچانتا ہے۔ ان کے بارے میں کیا کہتا ہے ——— قبر کو کشادہ کر دیا جاتا ہے۔
نم کنومۃ العروس ——— کو دلہن کا دولہا ملتا ہے۔ جیسے اسی واسطے خوشی کا دن ہے
کیونکہ محبوب حقیقی کا وصال نصیب ہوتا ہے۔ آخرت کی منزل میں کامیاب
ہوتا ہے۔ اس کی قبر گلزار بن جاتی ہے، جب ہمارے آقا وصول کے واسطے خوشی کا
دن ہو۔ وہ مقدموں کے لیے خوشی کا دن ہوتا ہے۔

بادشاہ کے لیے خوشی کا دن ہو۔ آپ اس کے لیے جاتے ہیں یا نہیں ——— ہاں دشمنوں
کو اس دن خوشی نہ ہوگی۔ تو ہمارے آقا وصول ہیں۔ ہمیں ان سے محبت ہے ———
ان کے لیے جو خوشی کا دن ہوتا ہے وہ ہمارے لیے بھی خوشی کا دن ہوتا ہے۔

ان کے لیے یہ ہو گیا ہے آپ قرآن پڑھیں۔ ذکر اذکار کریں صدقہ خیرات کریں۔
اور ان کی روح کو ثواب ہدیہ کریں۔ ہمارے جتنے بھی معمولات ہیں یہ سارے
قرآن و حدیث سے ثابت ہیں ——— جو لوگ منع کرتے ہیں ان کا منع کرنا شریعت
و طریقت کے خلاف ہے۔

بیعت کا سلسلہ ہے۔ نماز پڑھنا۔ روزہ رکھنا۔ نیکی کا عمل کرنا۔ حضور ان کو وصیت
فرماتے تھے۔ ایک ہوتی ہے بیعت جہاد ——— بیعت کرتے ہیں کہ ہم لڑیں گے۔ جان
دے دیں گے پیچھے نہ ہٹیں گے۔ ایک ہے بیعت ارشاد۔ یعنی رشد و ہدایت کے واسطے
بیعت ہوتا ہے۔ کسی کامل پیر کے ہاتھ بیعت کرے۔ نیک بن جائیں۔ ان کے سہارے
ہمارا تعلق ہو جائے۔ اور ان کے ذریعے سے ہمارا رسول اللہ تک تعلق ہو جائے۔ ہمیں
رشد و ہدایت حاصل ہو۔ بیعت کا سلسلہ نبی کریم سے شروع ہوا۔
حضور علیہ السلام کا جب وصال ہوا۔ تو خلیفہ کون بنا۔ سیدنا ابوبکر صدیق۔
ان کا حضور کے ساتھ کیا رشتہ تھا۔ حالانکہ حضور کے چچا زاد بھائی حضرت علی موجود

Memo No ______
M T W T F S S Date / /

تھے۔ اور حضور نے ہی ان کو پالا تھا ۔ جب وہ بچے تھے۔ حضور ان کو اپنے گھر میں لے آئے تھے۔
کیونکہ حضرت ابو طالب کی مالی حالت کمزور تھی۔ حضرت جعفر نے بات کی کہ
ان کی مالی حالت کمزور ہے ایک بچہ تم لے لو۔ ایک میں لے لیتا ہوں۔ تو حضرت علی
کو نبی پاک نے لے لیا۔ حضور نے جب نبوت کا دعویٰ کیا۔ اس وقت ان کی عمر دس
سال کی تھی ۔۔۔ تو وصال کے وقت کتنی عمر ہے۔ ۳۱ سال۔ ۳۳ سال۔
ان کو حضور نے خلیفہ نہیں بنایا ۔۔۔ بلکہ ابو بکرؓ کو اپنی ظاہری حیات میں ہی اپنا
امام اپنی جگہ پر کھڑا کر کے مسلمانوں کا امام بنا دیا۔ نبی پاکؐ کے بعد حضرت ابو بکر خلیفہ
بنے۔ حضور کی برادری میں سے نہ تھے۔ حضور کی برادری تو بنی ہاشم ہے۔ اس وقت
امام حسنین بھی تھے۔ تو حضور نے خود ۔۔۔ کو بنایا کیا خلیفہ ۔۔۔
تو جب حسنین جب نواسے خلیفہ نہ بنے۔ تو آج اگر کوئی کہے کہ
کہ نواسے کا ہی حق ہے تو یہ کیسے ہو سکتا ہے۔
یہ اہلیت و صلاحیت کی بنا پر ہوتی ہے۔ کیا عمر فاروق ان کی اولاد میں
سے تھے ۔۔۔ ابو بکرؓ نے اپنے بیٹوں کو خلیفہ نہ بنایا ۔۔۔ آپ نے دیکھا کہ عمر اہلیت
رکھتے ہیں ۔۔۔ عمر نے عرض کیا اے ابو بکر مجھے خلافت کی ضرورت نہیں ہے۔ فرمایا
اے عمر مجھے خلافت کی ضرورت نہیں ہے۔ مگر خلافت کو تمہاری ضرورت
ہے۔ عثمان کو خلیفہ نہ بنایا ۔۔۔ عبداللہ بن عمر کو خلیفہ نہ بنایا۔ بڑے فاضل۔ بڑے
محدث ۔۔۔ حضرت علی نے اپنی اولاد میں سے کسی کو خلیفہ نہ بنایا۔ جن میں
صلاحیت ہو ۔۔۔ اللہ تعالیٰ فرماتا اہل امانت کے سپرد کرو۔ لہٰذا اس کو چلانا چاہیے۔
مولوی صاحب کشتی میں ۔۔۔ ملاح سے پوچھا ۔۔۔ ہر ایک فن کے لئے کچھ
لوگ۔ جو ماہر ہو اس کے سپرد کرنا چاہیے ۔۔۔

شیر ربانی حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ ۔ درجات

٢٠-٧-٢٠١٧
٢٦-١٠-١٤٣٨
٩-٠٥-٣٩-PM

KHURRAM PAPER PRODUCTS

249

۳۴۸

M T W T F S S

Memo No
Date / /

یا ایہا الناس قد جاءکم برھان من ربکم — اے لوگو - تحقیق آ گیا تمہارے پاس
تمہارے رب کی طرف سے برھان - وانزلنا الیکم نورا مبینا - اور اتارا ہم نے تمہاری طرف نور مبین - ایک برھان
اور نور مبین — علیہ السلام نبی علیہ السلام — برھان سے مراد نبی پاک ہیں - نور مبین سے مراد
قرآن مجید — روشن دلیل — یہودیوں اور عیسائیوں نے دعویٰ کیا۔ وقالوا لن
یدخل الجنۃ الا من کان ھودا او نصٰری — عیسائیوں کا دعویٰ - تلک امانیھم - قل ھاتوا برھانکم
— کوئی دلیل لاؤ — قرآن نے زبانی قیل و قال کے مقابلہ میں دلیل — خدا نے محبوب
کو دلیل بنا کر بھیجا — دلیل دعویٰ کی ہوتی ہے - مثال میں بہت بڑا عالم ہوں - اس
کی دلیل کیا ہے - تفسیر کو دیکھو - خطاب کو سنا — اللہ نے دعویٰ کیا ہے
میں اللہ ہوں — میرے سوا کوئی بادشاہ نہیں - میرے سوا کوئی الہ نہیں - اس کی دلیل کیا ہے
اس جہان رب کی دلیل - لا الہ الا اللہ دلیل ہے محمد رسول اللہ ہے - اللہ کا دعویٰ - اللہ علیم
— حلیم - کریم - رحیم - اللہ کے کمالات کا دعویٰ - محمد اس کی دلیل ہیں -
جو سرکار کے کمالات کو نہیں جانتے - رب کے کمالات کی دلیل سے عالم ہو گا
مجنوں کا نام سنا ہے۔ یہ کوئی فرضی کہانی نہیں ہے۔ اس کا نام تھا قیس۔ عامری قبیلے سے تعلق رکھتا تھا۔ حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا رشتہ دار ہوتا ہے۔ ان کی رشتہ داری نکلتی ہے۔ لیلیٰ کے پیچھے دیوانہ ہو گیا تھا۔ عربی میں دیوانے کو مجنوں کہتے ہیں۔ یہ مجنوں نے انگلیوں کو قلم بنایا ہوا تھا۔ ہوا میں لکھ رہا تھا لیلیٰ۔ زمین پر لکھ رہا تھا۔ آپ بس سارے ہی اپنی اپنی لیلیٰ کے مجنوں ہو۔ مجھے پتہ ہے۔ کوئی پوچھے آج دن کیا ہے کہتا ہے لیلیٰ۔ دیوانہ تھا نا۔ دیوانے کو کچھ اور یاد نہیں رہتا۔ کیا تم کیا ہوا ہے لیلیٰ۔ یہ راستہ کون سا ہے۔ لیلیٰ۔ جگہ کون سی ہے لیلیٰ۔ کوئی اور لفظ یاد نہیں ہے۔ جس کو مجازی عشق ہو جائے۔ جب دنیا میں محبوب کو اتنا یاد کرے۔ تم تو عشق حقیقی والے ہو۔ تمہاری زبان سے کسی اور کا نام کیوں نکلتا ہے۔ پوچھنے والے نے پوچھا مجنوں بیان کیا کر رہے ہو۔ کہنے لگا لیلیٰ کو خط لکھ رہا ہوں۔ کون سے لیٹر بکس میں ڈالو گے۔ کیسے جائے گا۔ اس نے کہا مجھے اس سے غرض نہیں ہے کہ اس کو پہنچے یا نہ پہنچے۔ میں تو اپنے دل کو تسلی دے رہا ہوں۔ وہ ذکر کرے یا نہ کرے مجھے تو خوشی ہو رہی ہے۔ اے مومن تو کیسا مومن ہے۔ اتنی بات سن کر تو سمجھا کیوں نہیں۔ تو نے نماز پڑھنی ہے روزہ رکھنا ہے۔ اگر صاحب نصاب ہے زکوٰۃ دینی ہے۔ صاحب استطاعت ہے حج کرنا ہے۔ یہ چیزیں لازم ہیں۔ اللہ قبول کرے نہ کرے۔ تم نے کرتے رہنا ہے۔ ہم مسلمان کہتے ہیں اس کو جس نے گردن جھکا لی ہے۔

ایک بزرگ نے احرام باندھ کر کہا لبیک میں حاضر ہوں۔ آواز آئی لا لبیک ولا سعدیک تیرے جیسے کوئی کی ضرورت نہیں ہے۔ اس نے پھر کہا لبیک۔ پھر آواز آئی لا لبیک۔ پاس کوئی سر پر بیٹھے تھے۔ حضرت جی آپ لبیک کہتے ہو۔ جواب میں لا لبیک آتا ہے۔ آپ پھر لبیک کہتے ہو۔ جب بار بار لا لبیک ہو رہی ہے پھر لبیک ہو کیا رہا ہے۔ پیر صاحب نے کہا فقیر کس کا نام تھا۔ نہ مانے نہ مانے ذکر نہ کرے۔ آپ کس کے در سے ہو جاؤں اور کون ہے جس کو پکاروں۔ میرا کام ہے اس کا نام لینا۔ وہ سنے نہ سنے۔ آواز آئی تیری حاضری بھی قبول ہے۔ تیری نیکی بھی قبول ہے۔ بزرگوار نے کہا۔ مجھے یہ لا لبیک سنا ہے۔ مجھے یہ لا لبیک سنتے ہو گئے۔ 70 برس ہو گئے۔ مجھے پھر بھی یہیں کہنا ہے کہ میں کہاں جاؤں

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S

Memo No

Date / /

چلیں کوئی اور دوسرا راستہ - ہم تم ذرا سوچیں - ذرا پاس نہیں ہوئے امتحان میں - دیکھو جی
میں نے نماز میں بھی پڑھی تھی - دعا بھی بڑی کی تھی - جی میں پاس ہی نہیں ہوا - میں نہیں پڑھتا
اب نماز سے جا کے میں نے منت بھی مانی تھی - بڑا کچھ کیا تھا - دعا کی تھی میرا کام
ہی نہیں ہوا - کیا ہے جی لیں آپ وہ بات ہی کرتا ہیں - میں نہیں کرتا - شکوہ
کرنے والے بندے کی حیثیت کیا ہے -

ایک عالم اللہ کی بارگاہ میں پیش ہو گئے - کوئی گناہ نہیں کیا تھا - اعمال نامہ نیکیاں ہی
نیکیاں - اس کو میرے فضل سے جنت میں لے جاؤ - کہنے لگا یا اللہ میں نے تو کوئی گناہ ہی
نہ کیا - فضل کا کیا سوال - عدل کی بات ہے - جب گناہ نہیں کیا تو تو نے جنت دینی ہی ہے -
اللہ نے فرمایا اس کو میرے عدل سے دوزخ میں لے جاؤ - اب وہ حیران یہ کیا معاملہ - فرمایا بول -
سر سے پاؤں تک کس چیز کا حق ادا کیا ہے - تو انگلی کے ایک جوڑ کا حق ادا نہیں کر سکتا -
یہ میرا فضل نہیں ہے تو اور کیا ہے - اسی لئے کسی کہنے والے نے سچ کہا -

جے عدل کریں تاں تھر تھر کنبن اچیاں شاناں والے
فضل کریں تاں بخشے جاون میں جیہے منہ کالے -

اس لئے جب اور آپ کو ضرورت ہے کہ ہم اپنے آپ کو پہچانیں - مولانا روم نے فرمایا
مولانا کا طریقہ بڑا پیارا ہے - پہلے کہانی لکھتے ہیں - مولانا کا اصل نتیجہ مقصد ہوتا ہے کہانی
سے بات سمجھانا آسان ہو جاتا ہے - یہ مثنوی کی پہلی حکایت - بادشاہ والی حکایت -
کنیز والا واقعہ - مسائل - جب دنیا سے تنگ آ گئے تو رب یاد آ گیا -
پانچ پیر آئیں تو کیفیت یہ ایک لاکھ کا وظیفہ نہیں پڑھ سکتا پڑھ گیا - جسم روتا اور اندھیرا کم ہو رہا -
یقین سے جو دعا مانگو - خواب میں اشارہ - حلیہ ہو گیا - ہے تو کا
اس کنیز کا علاج - ساری نعمتیں اللہ دیتا ہے - اللہ کہنے سے جان میں پیدا ہوں -
اللہ حافظ کہیں - خدا کہنا جائز ہے - جان کون نکالتا ہے - عزرائیل کا نام کیوں -
فرشتوں کی ڈیوٹی ہے - نبی ولی وسیلہ ہیں - یہ خود نہیں دے سکتے - یہ خود دیتے
ہیں تو کتنا مزا آتا ہے - دربار سے دعا - دل کیوں کر درد کرد - بینرز لگاتے

M T W T F S S — Memo No ______ Date / /

اللہ ہی دیتا ہے۔ مگر وسیلے سے دیتا ہے کہ اللہ والے کی عزت کرتا ہیں۔ تو رب ملتا ہے۔
بادشاہ نے سوال کیا —— جنت میں چاہئے نہیں —— نبض دیکھی۔ ڈاکٹر ہے تو ٹیسٹ کراتے —— کاروبار نہ بناؤ۔ خدمت کرو —— عراق پر نبض بری —

— مولانا کا مقصد بیان ہوا —— اپنے آپ کو پہچانو۔

نبی پاک ﷺ نے کعبے کے غلاف کو پکڑ کر فرمایا تو بہت پیارا ہے بس اللہ کے نزدیک تیری عزت بھی بہت ہے۔ مگر قسم ہے اس ذات کی۔ جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ مرد مومن کی عزت اللہ کے نزدیک کعبے سے زیادہ ہے۔ اعلیٰ حضرت نے

حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو۔ کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو۔

سب زمین کائنات کعبے کی زیارت کرتا ہے۔ کعبہ مدینے کی طرف منہ کرتا ہے —

حطیم کعبہ۔ وہ کعبے کا حصہ ہے۔ اوپر سے طواف پڑتا ہے —— اس کا منہ کدھر ہے مدینے کی طرف۔ پرنالہ — اس کا منہ بھی مدینے کی طرف ہے۔ جیسے گلی کے کونے پر تختی کا نشان لگا ہو — کہ مسجد ادھر ہے۔ وہ مسجد کا پتہ دے رہا ہے۔ اسی طرح رحمت کا پرنالہ ہے۔ جو کعبے پر لگا ہے۔ اس کا منہ بھی مدینے کی طرف ہے۔ وہ اشارہ کر رہا ہے میں رحمت کا پرنالہ ہوں۔ رحمت واللہ وہی ہے ——

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ تم حضور کو حد سے بڑھا دیتے ہو —— میں کہتا ہوں کہ ذمہ داری سے کہتا ہوں پوری دنیا کو چیلنج کرتا ہوں۔ کہ مجھے شان مصطفیٰ کی حد بتا دو۔ اگر اس کے بعد بڑھ جاؤں تو جو مرضی کرنا —— ان کی شان کی کوئی حد نہیں ہے۔
امام بوصیری کہتے ہیں۔ لیس لہ حد

وہ خدا نہیں بندہ ہیں وہ مگر خدا —— جدا نہیں۔

وہ نہیں کیا مگر وہ نہیں کیا نہیں۔ یہ عجب کی بات ہے۔

کہتے ہیں اگر وہ نور تھے تو کھاتے پیتے کیوں تھے۔ نور تو کھاتا پیتا نہیں ہے۔ وہ تو بشر تھے جو کھاتا پیتا ہے۔ انہوں نے کھایا۔ کھاتے تھے تمہارے لیے تاکہ تعلیم ہو جائے۔ پہلے تو دیکھو کہ نہیں کھایا۔ دیکھو اگر وہ نور تھے تو خون کیوں نکلا۔ احد میں کیونکہ نور کا خون نہیں نکلتا۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

میں نے کہا حضرت خون کا نکلنا دیکھا نہ نکلنا نہ دیکھا - چار مہر بڑا سینہ مبارک چاک کیا گیا -
دل باہر نکالا گیا خون کا ایک قطرہ بھی نہ نکلا ---- وہ نور ہی نور ہیں بشر بھی ہیں -
جیسے کیسے سے مومن کی عزت زیادہ ہے - تو جس کا کلمہ پڑھتے ہو - مومن بنتے ہیں -
اس نبی کی عزت کتنی ہوگی --- اے مسلمان پہچان اپنے آپ کو - جس دن
تو نے اپنے آپ کو پہچان لیا - کچھ اور ہو جائے گا ---- پہلے شاہ ذات ہیں -
میں کون ہوں کون تھا میں کون ہوں کدھر کو اڑ لیو
میں کون ہوں کہاں کو آیا - جس دن نال میں نہ ہو تھا - امیو ضرور ہوں گی -
میں کیا تھا - کہاں تھا - کیسے تھا - میں کیا ہو گیا - میں کون ہوں مجھے پہچاننا چاہیے ہو -
جس سے میری محبت لگ گئی ہے میں ویسا ہی ہو گیا ہوں ---- اللہ کے بندے
کہلاتے ہیں - نبی پاک سے اتنی محبت رکھتے ہیں - پھر اپنی پہچان نہ ہو - علامہ اقبال سے پوچھو -
کی محمد سے وفا تو نے -
جو مسلمان ہے وہ اللہ کا نبی کا نام سن کر اعتراض نہیں کرتا - چون و چرا کرتا نہیں -
مسلمان کی عزت زیادہ ہے - امیر کون ہے - جن کو کھانا نصیب نہیں - اصل میں
دیکھا جاتا ہے کہ عشق رسول میں زیادہ امیر کون ہے ---- دنیا دار کی دولت
یہاں ---- یہاں ---- مگر عشق مصطفیٰ کی دولت ساتھ جائے گی -
حشر میں چرچا اس کا ہوگا -
چون و چرا کون لوگ کرتے ہیں - ایک ہے علم کے معنی جاننا - ایک ہے فہم -
سمجھنا ---- ان دونوں میں اگر کمزور ہے اس میں نقص ہوگا اعتراض ہوگا - کسی کا
علم زیادہ ہے لیکن اتنی سمجھ نہیں - کسی کی سمجھ زیادہ مگر اتنا علم نہیں - کسی کمی
ہوگی اعتراض ہوگا - جتنا اعتراض کرتے ہیں سمجھ لینا کسی کا علم پورا نہیں - یا کسی
کی سمجھ پوری نہیں ہے - یہ خلاصہ بتا دیا - پوری دنیا کے مسئلے یہیں حل ہوں گے
ابن تیمیہ - بڑا مشہور عالم گزرا ہے - علما نے لکھا ہے اس کا علم اس کی سمجھ
سے زیادہ تھا - توازن نہیں رہا - بات بگڑ گئی - آج بھی جو لوگ اعتراض کرتے

M T W T F S S

Memo No

Date / /

ہیں۔ فلاں چیز جائز ہے نہیں — پہلے دیکھنا اس کا علم و فہم پورا ہے یا نہیں۔ اگر
پورا ہے تو اعتراض نہ ہوگا۔ جہاں اعتراض ہے وہاں دونوں میں سے کسی ایک میں کمی
ہوگی۔ مثال۔ میں کہوں کہ ایک پتھر میں بہت کمال ہے۔ جس کو علم نہیں ہوگا
کہہ دے گا پتھر میں کیا کمال ہے۔ کیونکہ علم پورا نہیں۔ آپ کو سیب نظر آتا ہے۔ یہ کمال
ہے۔ کہ کوئی کہتا ہے۔ ایک بندے کو صرف ایک سیب نظر آتا ہے۔ مگر ایک سمجھ آدمی ایک
سیب میں پورا درخت دیکھ لیتا ہے۔ اس سے زیادہ سمجھ پوری قدرت کے کارخانے کو
دیکھ لیتا ہے کہ یہ سیب کتنے مرحلوں سے گزر کے جہاں جہاں سے ہو کے آیا۔ ایک
بیج میں سارا کارخانہ کو دیکھ لیتا ہے۔ جتنا علم جتنا فہم ہوگا اس کے مطابق
بات ہوگی۔ عام لوگ سطحی دیکھتے ہیں کسی کو علم نہیں ہے کسی کو سمجھ نہیں ہے۔ لہٰذا یہ
نہیں دیکھو۔ اس میں نوازش ہماری کمال سے نہیں آتا یہ قدرت عطا کرتا ہے جس
کا سینہ رب کھول دے پھر وہاں سمندر ہو جاتا ہے۔ وہاں نور ہی نور ہو جاتا ہے۔
جس کو علم جس کو جاننے جس کو سمجھنے کی مدت اور آپ کے سینے سمندر بنے ہوئے
ہیں۔ اندازہ کر خود اس نبی کی شان کتنی ہوگی۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے قل میں نے ایک ترجمہ پڑھا ہے وہاں لکھا ہے۔
اے حبیب آپ فرما دیجئے — ایک اور ترجمہ وہاں لکھا ہے تم کہہ دو۔ کیا فرق ہے
یہ تعلق کی بات ہے۔ پنجابی میں بھی ایک مشہور کہاوت ہے جنا گڑ پا کے اتنا ہی مٹھا۔
پہلے گڑ ڈالا ہے۔ جنہوں نے گڑ ڈالا ہے دیکھوں خانقاہیں سجی ہوئی ہیں۔

قل کو سمجھیں۔ اے اللہ تو بے نیاز ہے تجھے کسی کی ضرورت نہیں ہے
حاجت نہیں ہے۔ تو کمزور نہیں ہے۔ تو بے پرواہ ہے۔ بغیر ضرورت کے ہے۔
تجھے کوئی معذوری نہیں۔ پھر قل کیوں فرما رہا ہے۔ اپنی بات خود کیوں بیان نہیں کرتا
اپنے حبیب سے ہی کہلواتا ہے۔ اس لئے اللہ کو ضرورت نہیں مگر بندے آپ
کو ضرورت ہے۔ روئی کی مثال۔ روئی آگ پکڑتی ہے۔ مگر درمیان میں توا
ہے — پکا تو آگ ہی رہی ہے — توا نہیں پکا رہا — درمیان میں توے کا سلسلہ

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S   Memo No ______ Date / /

کام کر رہا ہے۔ اگر اس کو نکالنا چاہیں تو آگ نہیں نکال رہی۔ پکا آگ رہا ہے مسئلہ آیا تو روٹی
پک رہی ہے۔ توے کے دو رخ ہیں ایک آگ کی طرف، ایک روٹی کی طرف۔ ایک طرف
سے آگ کی گرمی نکالے رکھا ہے۔ دوسری طرف ضرورت کے مطابق دے رکھا ہے۔ مسئلہ
سمجھ میں آگیا۔ بلا تشبیہ۔ اللہ ہی دیتا ہے۔ مگر وسیلے سے ملتا ہے۔ اللہ نے بہت کمزور رکھا ہے۔
وہ بہت طاقت والا ہے۔

ادھر اللہ ——— واصل ادھر مخلوق میں شامل۔

توا درمیان ——— سے نکلتا ہے روٹی پکتی نہیں۔ توے کو تعلق آگ سے نہ دیا تو نہیں۔
روٹی کا تعلق جوڑ لے گا تو کام بنے گا۔ روٹی رکھو گے تو تیار ہو گی۔ کسی دربار سے
جوڑو گے تو کام بنے گا۔ دامن پکڑو گے تو کام بنے گا۔ یہ بجلی آ رہی ہے پاور ہاؤس سے
ڈائریکٹ نہیں آ سکتی۔ وہاں بہت طاقت والی ہے۔ سمجھدار ادارے نے تاریں نکالیں۔
کھمبے لگائے۔ آپ کے قریب ترین کھمبے سے کنکشن ملتا ہے۔ تعلق جوڑ لو۔ پاور ہاؤس
سے فیض ملتا ہے۔ ملی کھمبے سے آ رہی ہے تو کھمبے سے۔ یہ انتظام انہوں نے
کہاں سے سیکھا ہے۔ بجلی والوں نے۔ اب رب کائنات رحمت کا پاور ہاؤس بنا دیا
مدینے میں۔ وہاں سے تاریں نکلی ہیں۔ کھمبے لگ رہے ہیں۔ کوئی کھمبا بغداد میں لگا۔
اجمیر۔ لاہور۔ پاکپتن میں۔ کوئی کشمیر میں۔ قریب ترین سے تعلق جوڑ لو۔
آ رہا ہے تو ادھر سے۔ اے اللہ تو دکھتا نہیں، اپنے حبیب سے یہ بات کہلوائی۔
لوگو تم میری آواز نہیں سن سکتے۔ میرے بنائے ہوئے سورج کو تم آنکھ ملا کے دیکھ نہیں
سکتے۔ تم مجھے کیسے دیکھو گے۔ میرا فیض لینا ہے تو رحمت کا نور جس نے مجھ سے لینا ہے۔
طریقہ بتا دیتا ہوں۔ میں نے اپنی ذات و صفات کا مظہر بنا کر اپنا حبیب کو بھیج
رہا ہوں۔ اس کو دیکھ لو اس سے تعلق جوڑ لو۔ جو اس کا ہو جائے گا میری رحمت
کو پا لے گا۔ (قل) بتا نہیں کیوں لوگ لڑتے ہیں۔ کیوں نہیں ہوتا۔
پڑھو تو سہی سمجھو۔ سب پڑھے لوگ ہیں اعتراض نہیں۔ موتی کیسے بنتا ہے۔ سیپ کا منہ
بند ہوتا ہے۔ اندر قطرہ گیا۔ موتی بن گیا۔ اگر کھلا رہے تو۔ موسم گزرتا ہے وقت گزر جاتا ہے

Memo No
M T W T F S S
Date / /

جب جا کے وہاں کا نظارہ معلوم بنتا ہے۔ تب جا کے پتا چلتا ہے جیسا سب کو دیکھو لوگ معلوم کیسے بنتے ہیں۔ کوئی بھی درگاہ والے ہیں ان سے پوچھو تو معلوم کیسے بن گئے ہیں۔ جو حروف الٹے لکھا کرتے ہیں ہم ان کے منہ کو دیکھ کر اندازہ کر لیتے ہیں خالی مٹکا ہے۔ خالی مٹکے کا کام آواز لگانا ہے۔

حضرت سید میراں بھیکھ شاہ جی۔ چشتیہ سلسلے کے بڑے مشہور بزرگ۔ نام تھا سید محمد سعید۔ سے

میراں بات اسم کی ہاتھی سنسن میں ناہ۔ جو جانے سو ٹاپ ہے پوچھے سو جانے ناہ۔

جو جانتے ہیں۔ ان سے پوچھو۔ سے

سے ان کی ہیبت نے دل کے بھیچے کھلا دیتے ہیں۔

سے جس راہ چل دیتے ہیں کوچے بسا دیتے ہیں۔

سید میراں بھیکھ ابھی بچپن کا وقت ہے تھوڑے سے بچے تھے۔ گاؤں میں پیر صاحب آگئے۔ مسئلہ کو نہیں جانتے۔ بڑے بڑے جبہ دستار پہنے ہوئے بال بڑھے ہوئے۔ میراں بڑا کو پہچان کر آدھا انچ میل ہوتا ہے۔ نماز روزہ سے دور ہو کر کی شریعت طریقت اور ہماری اندر خواہش باتیں کرتے ہیں کہے سلطان ہیں۔ جو شریعت و سنت کا پابند نہیں وہ ہوا میں اڑتے دکھا دے ہم ولی ماننے کو تیار نہیں ہیں۔ کرامت کوئی معیار نہیں ہے ولایت کا۔ ولایت کا معیار تھا ہر شام بیشتر قدم رہتا ہے۔ امام عالی مقام نے کربلا میں کرامت نہیں دکھائی کیونکہ جب امتحان ہوتا ہے وہاں کردار دکھایا جاتا ہے۔ کرامتیں نہیں دکھائی جاتی۔ وہ چاہتے تو ٹھوکر مار کے چشمہ نکال سکتے تھے۔ آندھی کو حکم دیتے یزید کا لشکر ہوا اڑا کے رکھ دیتا۔ مگر انہوں نے ثابت قدمی دکھا دی ہے کہ ایک بیٹھ کر چٹان ہل سکتی ہے۔ مگر فرزند رسول شریعت سے نہیں ہٹ سکتا۔ ہم پیر کو مانتے ہیں بس مسئلہ کو نہیں۔ جی رہا جا؟ دکھا دھاگا باندھو۔ تالے باندھو یہ کس عالم نے کہا ہے۔ آپ کو کس پیر نے سکھایا ایسی غلط باتوں کا اہلسنت سے کوئی تعلق نہیں ہے

مزاروں پہ چادر چڑھانا ہم جائز سمجھتے ہیں مگر ایک چادر سال میں دو چادریں جو باندھ چڑھائی ہے اس کا کپڑا کر بیچ کر کسی غریب کو دو۔ تو اب اس آسمان نے والے

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ____ Date / /

بن جاتا ہے کہ جو عمل یا بات لوگوں نے مشہور کی ہے یا ہم اہل سنت کا اس سے کوئی تعلق
نہیں ہے۔ نہ ہمارے کسی عالم نے لکھی ہیں نہ سکتا ہے کہ کوئی اس کو ثابت ہی نہیں
کر سکتا۔ پیر صاحب آتے ہیں گاؤں والے عزت کرتے تھے۔ گھروں سے نکل کر باہر قطار
بنا کر کھڑے ہو گئے۔ پیر صاحب کی زیارت کریں گے۔ کسی بخشش ہو گی کو دیکھ کر پوچھی
بابا جی سے کہہ رہا ہوں۔ ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں۔ وہ آنکھیں نہیں سڑیں گی۔
جنہوں نے اللہ کا نور دیکھا ہو گا۔ حضرت صاحب آتے ماں نے سکھایا بیٹا پیر صاحب
جب آئیں گے۔ تو آگے جا کر پیر صاحب کو سلام کرنا۔ اور کہنا پیر جی مجھے مرید بنا
لو۔ ماں نے سبق یاد کرا دیا۔ مصرعہ لگا یا نہیں لگایا تو دیا ہی پہنا ہی۔ حضرت آئے لوگ دو طرفہ
میں کھڑے ہوئے۔ سلام کر رہے ہیں حضرت صاحب گزر گئے جب بچہ نے دیکھا آگے ماں نے بلا
وہ دیکھ رہے جو پیچھے سے آ رہے ہیں نا۔ وہ پیر صاحب ہیں جاؤ۔ بچہ آگے گیا حضرت صاحب
کو دیکھا دل بیٹھ گیا۔ منہ سے جملہ الٹا نکل گیا۔ کہنا کیا تھا۔ پیر جی مجھے مرید بنا
لو۔ منہ سے نکل گیا مرید جی مجھے پیر بنا دو۔ حضرت صاحب نے گود میں اٹھا کر
پیار کیا فرمایا۔ جو اللہ نے تجھے دیا تھا۔ میں نے تجھے دیا۔ نہیں مطلب یہ ہے کہ انکار
کریں گے۔

تفسیر نعیمی۔ اللہ کا فرمان ہے۔ اللہ اپنے حبیب سے کہلوا رہا ہے۔ کیا مطلب نہیں
میری آواز پہنچے گی۔ میرا کلام میرے کا نہیں سے بلکہ سالوں پہنچے گا کہ میرے حبیب
پہنچ رہا ہے ان سے تعلق جوڑ لو۔ اعتراض نہ کرو۔ مان لو۔ اے میرے حبیب
آپ فرما دیجیے۔ یا ایھا الناس ناس پہ الف لام لگا ہوا ہے۔ اے تمام
انسانوں۔ اسکی نوع انسان سب کو پکارا جا رہا ہے۔ اے میرے حبیب
فرما دو کہ اے تمام لوگو۔ اے تمام انسانو۔ قرآن کو آج سے چودہ سو سال پہلے
حضور ﷺ اس وقت مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ آئے کس سے ذی تمام انسان تھے۔
اگر صرف حضور ان کے صحابہ کو صرف قرآن ان لوگوں کے لیے ہوگا۔ اور اگر قرآن تمام لوگوں کے لیے
ہے۔ تو سب نہیں تھے۔ مگر میرا نبی سب کو گویا کہہ کے پکار رہا ہے۔ یا ایھا الناس

اے تمام لوگو ۔ کتنے ماؤں کے پیٹ میں گئے۔ کتنے باپ کی پشت میں گئے۔ کتنے عالم ارواح
میں گئے۔ ابھی دنیا میں نہیں آئے۔ تمام انسانوں کو پکارا جا رہا ہے۔ معلوم ہوا جو سامنے نہ ہو۔
غائب ہو۔ اس کو یا کہہ کے پکارنا۔ غلط نہیں ہے۔

انی رسول اللہ ۔ جمیعا۔ بے شک میں تم سب کی طرف میں اللہ کا رسول ہوں۔
کیا مطلب اگر یہ کہیں کہ صرف مکہ والے مدینہ والے۔ عرب والے مراد۔ تو پھر نبی پاک
سب کی طرف نبی نہیں ہوں گے۔ اگر قیامت تک کے جاؤ۔ تو ماننا پڑے گا۔ نبی نے سب کو پکارا۔
قرآن سے پتہ چل گیا۔ جو ہمارے سامنے نہ ہو۔ ان کو یا کہہ کے پکارنا۔ غلط نہیں
ہے۔ قرآن سے ثبوت مل گیا۔ اب کوئی کہے ہوگا ہاں۔ ہوگا ہاں۔ ہم
یوں ہوتا ہو تو ہم مانتے۔ ہم قرآن کو مانتے ہیں۔ ہم حدیث مانتے ہیں۔ حضور ﷺ کو
یا کہہ کے پکارنے پر کچھ لوگ۔ اعتراض کرتے ہیں۔ آپ تو ان کو جانتے ہوں گے
کہتے ہیں یا کہہ کے ان کو پکارا جاتا ہے جو دور ہو۔ اور جو دور سے پکارنا صرف اللہ کو
چاہیے کسی اور کو نہیں۔

اس مسجد میں۔ ایک سوال۔ کہ اللہ کس سے دور ہے۔ جو دور سے سنتا
اس کی شان کدھر ہے۔ پہلے اس کا دور ہونا تو ثابت کرو۔ اللہ کس سے
دور نہیں۔ پھر یا اللہ کہہ کے پکارتے ہیں کیوں۔ کیا اس کو سنائی نہیں دیتا۔ دل میں
بغیر آواز پکارے تو کیا نہیں سنتا۔ انہ علیم بذات الصدور۔ قرآن میں ہے وہ تو دل کی
دھڑکنوں کو جانتا ہے۔ سینے میں جو کچھ ہے اس سے چھپا ہوا نہیں ہے۔ پھر اس کو
یا کہہ کے کیوں پکارتے ہیں۔ کہتے ہیں یا کہہ کے اس کو پکارا جائے جو دور ہو۔ اللہ تو دور
نہیں ہے۔ کہتے ہیں پھر دوسری کیا وجہ ہے یا کہہ کے پکارنے کی۔ کہ دور تو نہیں لیکن
اس کی توجہ چاہتے ہیں۔ اللہ کی توجہ کسی پہ نہیں ہے۔ یا کہہ کے پکارنا رحمت کی
توجہ کھینچتا ہے۔ کہ میرے جانب کی توجہ۔ تم نے بتا دیا کہ میرے جانب کا حامل بن کے کھینچا یا پکارا جاتا
ہے۔ توجہ کو اللہ نے رحمۃ للعالمین بنایا ہے۔ اب یا کہہ کے پکارنے کو کیسے منع کرو گے۔
اب یا کہہ کے پکارنا غلط نہیں ہے۔ جو اس کو غلط کہتا ہے وہ خود غلطی پر ہے۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S

Memo No ______
Date / /

میں حضرت آدم سے بتا دوں یا صحابیوں سے یا تابعین سے۔ سب کو چھوڑ کر
دو، میں انہیں سے شروع کر رہا ہوں۔ جناب حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی —
جن کو علمائے دیوبند اپنا پیر و مرشد کہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں
سے یا محمد مصطفیٰ فریاد ہے۔ پھر بعض صحیح کا یہ پکارا ہے۔ تو فتویٰ کا ان
پر بھی لگاؤ گے — اگر ادھر نہیں لگاتے تو پتہ چل گیا تمہارا فتویٰ اصول کا نہیں ہے، شرم کا
نہیں ہے — (اپنوں اور اپنوں) سے
چاہیے مفتی بیچ مسائل کے بتانے والے۔
مفتی یہ بھی ہیں مگر مفت کے کھانے والے۔
یا محمد مصطفیٰ فریاد ہے، اے حبیب کبریا فریاد ہے۔
سخت مشکل میں پھنسا ہوں آج کل، اے مرے مشکل کشا فریاد ہے۔
یا کر کے پکار رہے ہیں۔ مشکل کشا کہا — مسعود مانگ رہے ہیں۔ پھر چلا کر یا کہنا
غلط نہیں ہے۔ اگر غلط ہو۔ تو زندوں کو کہہ لو۔ مردوں کو نہیں۔ میں نے کہا
یہ زندے مردے کی تقسیم کہاں سے نکالی ہے کہ اردو میں ہے۔ انگلش میں آؤ۔
کہتے ہیں زندہ کو کہہ لو۔ میں نے کہا مرے ہوں گے تمہارے ہمارے تو زندہ ہیں۔
ہمیں کوئی شبہ نہیں ہے — آپ لوگ یہ رات امید بخشش کی رات ہے۔ یعنی شب
برات میں مزار پہ جاتے ہو۔ کہتے ہو۔ السلام علیکم یا اہل القبور۔ خود بھی کہہ رہے
ہیں یا نہیں — کدھر گیا فتویٰ — اگر ہم جائز کہیں کریں تو غلط ہے —
اب کوئی دینی معاملہ نہیں اصول تو سب کے لیے ایک ہے۔ لیکن تم نہیں مانتے ہو۔ اس کا
یہ مطلب نہیں — کہ تم میں ضد ہے۔ اس ضد کی ذلت ہوئی کہ چلنے کی جگہ ہوگی
ان منکروں نے یا شیخ کہا۔
مولانا جامی نے پکارا۔ فضائل درود کی کتابیں ہیں — زکریا نے جو تبلیغی جماعت کے بزرگ
تبلیغی نصاب لکھا۔ وہ کہتے ہیں جب بھی پڑھیں الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
جناب اشرف علی تھانوی نے کتاب کا نام نشر الطیب۔ یا شفیع العباد خذ بیدی۔

M | T | W | T | F | S | S

Memo No
Date / /

قصیدہ بردہ جس کو ساری دنیا پڑھتی ہے۔ اسی شعر الہیہ میں پورا اردو لکھا ہوا ہے۔ اس میں امام بوصیری
یا اکرم الخلق مالی من الوذ بہ — سے ساری امت پکارتی آتی ہے یا رسول اللہ پکارنا غلط
نہیں ہے (پیر کے لئے پکارو) میرے پیر و مرشد حضرت کرمانوالہ والا شریف۔
جو دل سے یا رسول اللہ ایک مرتبہ کہہ دے۔ جنت واجب ہو گی — نعرہ لگا دیں مصطفیٰ جانانہ
ہو — کسی نبی کو پکارو تو روحانی طور پر نبی کو حاضر ناظر سمجھ کر پکارو —

کتاب کا نام ہے البدایہ والنہایہ — لکھنے والے علامہ ابن کثیر۔ ابن تیمیہ کا شاگرد۔ ابن قیم
اس کے شاگرد۔ بڑا نام ہے ان کا دنیا میں۔ جب مسیلمہ بن کذاب۔ اس نے نبوت
کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔ صحابہ اس سے لڑنے چلے گئے۔ کہتے ہیں جنگ میں بہت مشکل ہو گئی۔
بڑا گھمسان کا رن پڑ گیا۔ اس دن ہمارا شعار کیا تھا۔ ہمارا طریقہ کیا تھا۔ پورا لشکر پکار
رہا تھا یا محمد یا رسول اللہ۔ یا محمداہ کہہ کے پکار رہے تھے۔ جس نام کے آگے ا - ادر
ھا لگ جائے۔ اس کا مطلب اپیل ہوتا ہے۔ اردو میں فریاد۔ یہ سب پکار رہے تھے۔
امام بخاری جنہوں نے بخاری شریف لکھی ہے۔ بخاری حدیث کی کتاب۔ انہوں نے ادب المفرد
میں لکھا۔ ایک صحابی کا پاؤں سن ہو گیا۔ کہا گیا اس کو یاد کرو جس سے تو محبت
کرتا ہے۔ تو صحابی نے زیادہ دیر نہیں لگائی۔ فوراً نبی کا نام پکارا۔ فوراً پاؤں
ٹھیک ہو گیا — اگر یا کہہ کے پکارنا غلط تو میرا سوال ہے۔ ان امت کے
سارے بڑوں کو کیا کہو گے۔ کیا دین صرف انہوں نے سمجھا ہے جس کو شرک
کہہ رہے ہیں۔ اگر یہ شرک ہیں ہمارے لئے تو یہ دینی شرک نہیں ہیں۔

جس نام پر قوم جمع ہو سکتی ہے وہ صرف میرے نبی کا نام ہے۔ ساری دنیا گول ہے۔
یہ دنیا گول کیوں بنائی ہے۔ پوری دنیا میں اذان وقفے سے ہو رہی ہے۔ ایک وقت میں
اذان پوری دنیا میں نہیں ہو رہی۔ صرف اس لئے میرے نبی کا نام گونجتا رہے۔ وہ
نام جس کو لیتے ہوئے دونوں ہونٹ جڑ جاتے ہیں۔ پہلے ہونٹ جوڑتے ہیں پھر نام
منہ سے نکلتا ہے۔ آؤ اس نام پر لوگوں کو جمع کر دیں۔ ہم یہی نعرہ لگاتے
پکارو یا رسول اللہ کہہ۔ جس جس نے پکارا اس کا بیڑا پار۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

پکارتے ہیں۔ اس سے اللہ کے سوا کسی کو پکارنے کا کیا مطلب ہے۔ ہم اللہ کے سوا کسی کو معبود
سمجھ کر نہیں پکارتے۔ وہ کہتے ہیں یا نبی یا رسول یا غوث پکارتے ہو۔ تو کیا اللہ پکارنا
چاہیے۔ اللہ کے سوا کسی کو معبود سمجھ کر پکارنا شرک ہوگا۔ ورنہ ہم سب پکارتے ہیں
یا ہاشم ــــــ اے چچا۔ اے ماموں۔ اے باپ وغیرہ پکارتے ہیں یا بس
اللہ کے سوا پکارنا شرک ہے۔ کیا ایسا فتویٰ ہو سکتا ہے۔ اللہ کے سوا
کسی کو معبود سمجھ کر پکارنا شرک ہوگا۔ محبوب پیارا سمجھ کر پکارنا شرک نہیں ہے۔
صحابہ نے پکارا۔ اولیاء نے پکارا۔ پکارتے آئے ہیں پکار رہے ہیں۔
یہ میں نے 16 سال پہلے کہا تھا۔ اب تک اس پہ قائم ہوں۔ یہ لوگ جو ہمارا
ان باتوں کو کفر و شرک کہتے ہیں۔ میں نے کہا تم آؤ میں تمہاری کتابوں سے ان کا صحیح
ہونا دکھاؤں گا۔ لڑائی نہ کرو۔ اکثر ہر طرف مدد نبی کا نام پکار کر چیخا کرو
یا رسول اللہ کے نعرے لگاؤ۔ امریکہ کو فتح کر لو۔
امریکہ میں امام زین العابدین کا جو تعزیہ نکلتا ہے جو اس وقت کا بڑا کھڑا
اس وجہ سے اس کا نام امریکہ ہے۔ مسلمانوں میں بسا ہوا ہے۔
کیا رنگو پہ چلے ہونا بدعت ہے۔ والد صاحب نے ایک آدمی کو کہا کہ تو اس زمانے
میں تھا۔ قیامت میں جو فتویٰ لے کر جانا بدعت کا۔ میں یہ عمل لے کر جاؤں گا
اعضاء بھی بولیں گے۔ یا تو میں اللہ کا ہے جو انسان سو دے تو کیا کر رہا تھا
یا تم کو اللہ کی کسی نے کھلایا ــــ تیری انگلیاں بولیں گی کہ تو حضور کا نام چومنا
بدعت کہتا تھا۔ اور میری انگلیاں بولیں گی کہ یہ نبی کا نام سن کے چومتا تھا
نبی کی محبت غلط نہیں۔ اگر تمہیں اس کا ثبوت نہیں تو چپ ہو جاؤ
ہم نے تمہیں کبھی نہ کہا کہ میلاد مناؤ۔ جو کھڑے ہو کے سلام پڑھو۔ تمہارا دل نہیں
کرتا نہ کرو۔ مگر جو کرتے ہیں ان پر فتوے نہ لگاؤ۔ ورنہ تمہاری کتابوں سے ثبوت
ملتا ہے۔ ان کے جائز ہونے کا۔ سن لو اب فتوؤں کا ہمیں کوئی پرواہ نہیں ہے۔
جب اللہ کے نزدیک ہم صحیح ہیں تو ان فتوؤں سے ہم غلط نہیں ہو سکتے

M T W T F S S　　Memo No ______ Date / /

مولانا مفتی شیخ الاسلام غلام علی اوکاڑوی فرماتے تھے۔ کہ یہ یہاں بھی ہاتھ ہم پکڑے رہتا ہیں حشر میں بھی
حشر میں بھی ہاتھ ہم پکڑے رہیں گے۔ اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں۔

سے مجھے ——— خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا ——— اس کا مطلب کیا ہے۔

صحابہ نے نبی پاک ﷺ سے پوچھا۔ لوگوں کا حساب قیامت میں کتنی دیر میں ہوگا۔
نبی پاک ﷺ نے یہ فرمایا جیسے تو پیتا ہے نہیں۔ بلکہ حضور ﷺ نے فرمایا بکری کی دیر میں ہو جائے گا۔
صحابہ نے عرض کی باقی ٹائم میں کیا ہوگا کیونکہ پچاس ہزار کے برابر ایک دن۔ فرمایا مجھے ڈھونڈ رہے
ہوں گے۔ میری الفت پکڑ رہے ہوں گے۔ اعلیٰ حضرت نے اس وقت کو یاد کر کے شعر کہا
ہیں۔ کہ جب وہ وقت آئے گا فرشتے مجھ سے ——— کہیں گے آ احمد رضا دنیا میں تو سلام
کہتا تھا۔ تو اب سنا تو ذرا کلام ہم کہیں گے مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام۔

ہم تو جنت میں کیا ہی کام کریں گے۔ جنت میں سیاست نہ ہوگی۔ کوئی وزیر اعظم
بنا وغیرہ۔ وہاں ایک ہی بات اللہ کی تعریف اور نبی کی نعت ہوگی۔ تو سنی وہاں
بھی کام میں لگیں گے سب ——— اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ——— دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی
ایک سوال پوچھا گیا کہ مولانا۔ کیا دونوں عالم حضور کی دلہن ہیں۔ میں نے کہا عالم اور عجم میں
تو ازل نہ ہو تو اعتراض ہوتا ہے۔ کبھی کسی بارات میں گئے ہو۔ بارات میں سب سے
اہم آدمی کون ہوتا ہے۔ دولہا ہو تو بارات شمار ہوگی۔ بغیر دولہا کے بارات ہے اب تو خدا
حشر دیکھا گیا ہوگا۔ سب کی نظر دولہے پر۔ اعلیٰ حضرت بھی فرماتے ہیں پوری کائنات
میں سب سے اہم آقا کی نبی پاک ﷺ ہیں۔ سب کی نظریں ان پر ہیں۔

سے دونوں عالم کا ———

پاکستان کا مطلب عبادت نہیں۔ کسی کو پاک کر دیا تو ہوا اس کی عبادت نہیں ہے اللہ کی
سو اس کو پاک کیا تو مقصود سجدہ کرنا ہے۔ مولانا الیاس قادری نے کہا ہے:

میں ہوا سنی مریدوں سنی مرید ہوں سنی مدینے میں۔

بقیہ پاسبان میں سیرت کی شریعت یار رسول اللہ ﷺ۔

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ____ Date / /

سوالات (۱) بیمہ پالیسی کرنا کیسا ہے ۔ یہ جائز نہیں ہے ۔ (۲) تین
نمازوں میں قراءت ہے ۔ دو نمازوں میں نہیں ۔ آپ کا جواب جو مسئلہ بتلانے کیا ہے ۔
جب نئی نئی نماز شروع ہوئی کا فرض کا شعور ہا ہے ۔ (۳) میت کے گھر میں
دعا کرنا کیسا ہے ۔ اجتماع کی صورت میں ۔ ایصال ثواب میں جمع ہونا ۔ تو قرآن
میں ہے ۔ (ثواب العبادات کتاب) یقولون ربنا اغفرلنا ——— قرآن میں ہے ۔
ایصال ثواب کا اختلافی مسئلہ نہیں ہے ۔ کھانا سامنے رکھ کے پڑھنا ۔ تم پیچھے رکھ لیا
کرو ۔ ہم قرآن پڑھتے ہیں تم شوق سے اس پر کر لیا کرو ۔ دعوت دینا ۔ میت کا کھانا
غربا کا حق ہے ۔ بوجہ نزدیک والوں مسافروں ——— تین دن تک اجازت ہے ———
کیا تصویر پر مسجد میں جائز ہے ۔ ناجائز ہے ۔ ٹی وی کا گھر ہونا ۔ کیسا ہے ———

QARI ... Naqashbandi Chishti Qadri ... Purewala ...

۲۷ — ۸ — ۲۰۱۷
۵ — ۱۲ — ۱۴۳۸
۹ — ۴۷ — ۲۹ — PM
اتوار

ہے ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبیؐ ۔ قرآن کریم کی سورۃ الاحزاب میں۔ یہ آیت شریفہ آباد
درود وسلام کے نام سے بھی جانی پہچانی جاتی ہے۔ روایتوں میں ہے کہ حضورؐ اپنے حجرۂ اقدس سے
تشریف لائے تو آپ کے چہرے پر مسرت تھی اپنے صحابہ کو ارشاد فرمایا۔ مجھے مبارک باد
دو۔ آج مجھ پر ایک آیت اتری ہے۔ اس میں جو بشارت ہے۔ وہ مجھے دنیا وما فیہا یعنی دنیا اور
جو کچھ اس میں ہے۔ اس سے بہتر ہے۔ صحابہؓ نے عرض کی یا رسول اللہؐ وہ آیت کیا ہے۔
نبی پاک ﷺ نے انہیں یہی آیت شریفہ انہیں پڑھ کر سنائی۔ تو صحابہ کرام نے نبی پاک کو
عرض کی۔ ھنیئاً لک یا رسول اللہ ۔ اے اللہ کے رسول آپ کو مبارک ہو۔ اس میں غور
کیا جائے۔ دیکھتے ہیں ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے۔ اگر قرآن کریم کو اول سے آخر تک پڑھیں
تو اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیائے کرام کی عظمت و شان کو بھی بیان فرمایا۔ لیکن یہ ہمارے نبی پاک
صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے۔ صرف یہ بات فرمائی ہے
کسی اور کیلئے نہیں ہے۔ کسی نبی کیلئے ایسا نہیں فرمایا کہ کہ اللہ اس پر درود بھیجتا ہے۔ نہ ہی
کسی امت کو حکم دیا۔ کہ اپنے نبی پر درود بھیجو۔ اس لحاظ سے ہمارے نبی پاکؐ افضل
الرسل ہیں۔ یعنی تمام رسولوں میں سے سب سے افضل ہے۔ اور یہ امت ان کی
نسبت سے تمام امتوں سے افضل ہے۔ غور کیا جائے تو اس آیت سے ایک اور
بات ثابت ہوئی اللہ تعالیٰ بے پرواہ ہے۔ وہ غنی ہے کسی کا محتاج نہیں ہے۔ اس کو کسی طرح
کسی سے بھی حاجت نہیں ہے۔ اس کو مخلوق کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے باوجود
اللہ فرماتا ہے۔ میں درود بھیجتا ہوں اپنے نبیؐ پر۔ آیت کا شروع انّ کے لفظ سے ہے۔ جو تاکید
لیے۔ شبے کو دور کرنے کے لئے آتا ہے۔ یصلون مضارع کا صیغہ ہے۔ جو دوام و استمرار کی
بات بتاتا ہے۔ کیا مطلب کہ اللہ تعالیٰ ایک مرتبہ نہیں۔ کسی خاص وقت نہیں بلکہ ہمیشہ
درود بھیجتا ہے۔ یہ کائنات نہیں تھی اللہ تھا۔ یہ کائنات نہیں ہوگی اللہ ہوگا۔ تو جب کچھ
نہیں تھا اللہ کا فضل۔ اللہ کے ساتھ تھا۔ جب کچھ نہیں تھا اللہ اس وقت بھی اپنے نبی پر
درود بھیج رہا تھا۔ جب کچھ نہیں ہوگا تب بھی اللہ اپنے نبی پر درود بھیجے گا۔ اس لئے میں
یہ کہہ سکتا ہوں۔ کہ وہ وقت کبھی آ سکتا ہے۔ کہ کوئی اللہ کو یاد کرنے نہ ہو۔ کیونکہ مخلوق

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S

Memo No

Date / /

کو ملتا ہے۔ اللہ کو ملتا نہیں مگر یہ وہ شے نہیں آ سکتا۔ کہ نبی پر درود بھیجنے والو کو کہ نہ ہو۔ کہ خالق
خود درود بھیج رہا ہے۔ اندازہ کیجئے کہ ایک مسلمان اچھی طرح جانتا ہے۔ کہ نماز اہم ترین عبادت
ہے۔ اسلام کے ارکان کو دیکھئے تو روزہ زکوٰۃ حج اور جہاد جیسی اہم عبادات کا بیان جگہ
جگہ قرآن میں ہوا۔ مگر اللہ نے یہ کہیں نہیں فرمایا۔ کہ نماز پڑھو میں بھی پڑھتا ہوں گا۔ یا یہ کہیں نہیں فرمایا
روزہ رکھو میں بھی رکھتا ہوں گا۔ زکوٰۃ دو میں بھی دیتا ہوں گا۔ بلکہ ایک حکم ہے درود شریف کا۔
فرمایا اے مومنوں۔ نبی پر درود بھیجو اس لئے کہ میں بھی بھیجتا ہوں گا۔ اس سے اندازہ کر لیجئے
کہ نبی پاک ؐ کو اللہ نے کیا شان عطا فرمائی ہے۔ آدم علیہ السلام انسان اول ان کی
تعظیم کے لئے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا۔ کہ آدم کو سجدہ کرو مگر اللہ خود اس میں شامل نہیں تھا
لیکن جب میرے نبی کی تعظیم کا مرحلہ آیا۔ تو پہلے بیان فرمایا کہ میں کبریا خالق خود درود بھیجتا ہوں گا۔
میرے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والوں تم بھی نبی پر درود بھیجو۔ پہلے اپنا بیان فرمایا
پھر ملائکہ کا بیان فرمایا۔ یہ حکم صرف ایک اہل الایمان کو نہیں ہے۔ اللہ نے یہ نہیں فرمایا اے
انسانوں درود بھیجو۔ یا ایہا الناس نہیں فرمایا۔ کہ اے لوگو درود بھیجو۔ یا ایہا الذین امنوا فرمایا
اے ایمان والو درود بھیجو تو ان لوگوں کو جو اہل ایمان ہیں اپنے نبی پر ناز کرنا چاہئے کہ اللہ نے
ہمیں گنہگاروں کو اس کام کا حکم دیا جو کام آپ اللہ خود کرتا ہے۔ یہ کتنی بڑی سعادت ہے۔
اگر کوئی مجھ سے پوچھے کہ سب سے بڑا وظیفہ کیا ہے۔ سب سے افضل عمل کیا ہے
کہ نبی پر درود و سلام بھیجو۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانی اور زمینی مخلوق کو نبی پاک ؐ کی ثنا پر جمع فرمایا
ہے۔ آدم کو سجدہ ایک مرتبہ ہوا لیکن نبی پر درود ہمیشہ ہمیشہ جاری ہو رہا ہے۔ بخاری نے حضرت
ابو العالیہ کا قول کتاب التفسیر میں نقل کیا۔ کہ اللہ کا درود بھیجنا اس کے معنی کیا ہیں
تو فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے درمیان اپنے نبی پاک ؐ کی تعریف فرماتا ہے۔ اور
فرشتوں کا درود بھیجنا اس کا معنی یہ ہے کہ فرشتے نبی پاک ؐ کی اس شان میں اضافہ
اور برکت کی دعا کرتے ہیں۔ اور اس بات کو میں یوں عرض کروں۔ کہ آپ کے
ہاں بھی سمجھنے کے لئے میں عرض کروں اگر کوئی مانگنے والا آ کر کوئی گداگر تو وہ آپ کو دعا دیتا ہے۔
سخی سخی تیرا خیر۔ تو خود آپ کے لئے دعا کر رہا ہے۔ وہ اصل میں اپنی خیر چاہتا ہے لیکن دعا

Memo No
M T W T F S S
Date / /

کر رہا ہے۔ یعنی حالیتے رہ لیے دعا لینے کے لیے دعا کر رہا ہے۔ تو فرشتوں کا نبی پاک پر درود بھیجنا دعائے
رحمت کرنا ہے۔ تو خود رحمت لینے کے لیے ہے۔ یعنی میرے نبی پاک سے واسطہ ہیں۔ کہ حضور
اللہ کے محتاج ہیں۔ باقی ساری کائنات میرے نبی کی محتاج ہے۔ اسی آیت کے تحت
یہ بھی معلوم ہوا۔ کہ میرے نبی پاک ساری مخلوق میں سب سے افضل و اعلیٰ ہیں۔
امام رازی فرماتے ہیں۔ تفسیر کبیر میں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ خود درود بھیجتا
ہے۔ فرشتے بھی درود بھیجتے ہیں۔ تو جب اللہ درود بھیجتا ہے۔ تو پھر کسی اور کی کوئی ضرورت
ہی نہیں رہتی۔ کیونکہ اللہ کا درود بھیجنا۔ اس کے بعد تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ کہ نبی پاک
کو کسی اور کی حاجت ہو۔ تو جواب میں وہ خود فرماتے ہیں۔ کہ نبی پاک کو کوئی ضرورت
کہ یا ہمارے درود کی حاجت نہیں ہے ہم تو محض نبی پاک کی۔ تعظیم کا اظہار کے لیے
درود بھیجتے ہیں۔ ہم لوگ رحمت اور برکت لینے کے لیے بھیجتے ہیں۔ وہ اس بات کی
دلیل دیتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنا ذکر واجب فرمایا ہے۔ کہ آپ لوگ اللہ
کو یاد کرو۔ حالانکہ اللہ کو اگر کوئی یاد نہ کرے تو اللہ کی شان میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔
ہم بار بار کہتے ہیں سبحان اللہ۔ اللہ پاک ہے۔ اللہ پاک ہے۔ کوئی شبہ نہیں۔
ہمارے کہنے سے اس کی پاکی میں کوئی فرق نہیں آتا۔ نہ کمی ہوتی ہے نہ زیادتی۔ مگر اللہ
کو پاک کہتے رہنے سے۔ ہمیں برکت ملتی ہے۔ اللہ کو پاک بیان کیا جاتا ہے
اے بندے میں تو پاک ہی ہوا۔ لیکن تو نے مجھے پاک کہا ہے۔ تو مجھے پاک کہتے کہتے۔
تو خود پاک ہو جائے گا۔ تجھے آلائشوں سے گناہوں سے پاکی مل جائے گی۔
تو نبی پاک پر ہمارا درود بھیجنا۔ گویا ہمارے لیے برکت کا موجب ہے۔ ہم اپنے دامن میں
رحمتیں سمیٹتے ہیں۔ حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ راوی ہیں۔ راوی فرماتے ہیں
خوشی کو یاد کر کے بیان کرتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ ہم صحابہ میں بڑے خوش خوش
صحابہ میں تشریف لائے۔ اور فرمایا میرے رب نے جو پیغام کہا ہے اللہ فرماتا ہے کہ جبرائیل
امین میرا پیغام لے کر آئے۔ کہ اللہ فرماتا ہے میرے حبیب کیا آپ اس بات پر راضی نہیں
ہیں۔ کہ جو آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجے میں اس پر دس درود بھیجتا ہوں۔ اندازہ کریں

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M T W T F S S — Memo No ____ Date / /

کہ یہ ہمارا درود بھیجنا خود ہمارے لئے رحمتوں اور برکتوں کا موجب ہے۔ ہماری کسی شخص سے کیسی ہو۔
دشمنی ہے نامہ اعمال میں ساری دنیا کی نیکیاں لکھی جائیں تب بھی پسندیدہ ہے۔ یا ہو پسندیدہ ہے۔
کہ کبھی یہ ایک مرتبہ اللہ کا سلام آ جائے۔ جبکہ یہ اللہ کا ایک مرتبہ درود آ جائے۔ تو ہم سوچ
بھی نہیں سکیں گے۔ اس اللہ کی طرف سے ایک مرتبہ رحمت مل جانا یہی بہت ہے۔ اندازہ
کریں۔ درود وہ نیکی ہے کہ ہم ایک مرتبہ درود بھیجیں اللہ ہم پر دس مرتبہ رحمت
فرماتا ہے۔ دس برائیاں مٹا دی جاتی ہیں۔ دس گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ دس درجے بلند
ہو جاتے ہیں۔ اور دس نیکیاں نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔ کتنی سعادت ہے۔
کتنی برکت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں۔ امام ابوالقاسم القشیری
یہ بھی فرماتے ہیں۔ اسی آیت کی تفسیر میں۔ کہ اصل میں یہ حکم ہمیں کیوں
دیا گیا۔ کہ اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے۔ کہ امت کی طرف سے نبی پاک کے احسانوں کے
عوض کچھ تو ہونا چاہیے۔ مگر امت میں اتنی استطاعت نہیں اتنی طاقت نہیں
کہ حضور کے بدلے پیش کر سکے جو بدل بن سکے۔ تو اللہ تعالیٰ نے نبی پر درود سلام
رکھ دیا۔ حتی کہ اس کے بدلے قیامت کے دن نبی پاک اپنی امت کی شفاعت
کریں گے۔ یہ ان کے احسانوں کا بدل بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملا ہوا ہے۔

امام شمس الدین سخاوی القول البدیع میں فرماتے ہیں۔ یہ کیا حکمت
ہے حکمت کے منافی۔ دانائی کا تقاضہ بات کہ اللہ ہمیں فرماتا ہے۔ اے ایمان والو درود
بھیجو کہ اللھم صل علی محمد۔ کہ اے اللہ تو درود سلام بھیج نبی پر۔ اللہ ہمیں حکم
دے رہا ہے۔ ہم اللہ سے کہہ رہے ہیں۔ ۔ تو وجہ یہ ہے کہ بات یہ ہے۔ کہ مدح وہی کر
سکتا ہے۔ تعریف وہی کر سکتا ہے۔ جو جانتا ہو۔ اور نبی پاک کی تعریف تو ان کی شان
کو ان کی حقیقت کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ تو جب جانتے ہی نہیں تو ہم نبی پاک
کی کیا تعریف کر سکیں گے۔ اور ہم نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کر کے ایک تو اپنی عاجزی کا اظہار کر رہے
ہیں۔ اور کتنی اچھی بات ہے۔ ہم اللہ سے عرض کرتے ہیں یا اللہ ان کی شان کو تو جانتا ہے۔
ان پر رحمت تو بھیج کہ تو جانتا ہے۔ کیا بھیجنا چاہیے۔ تو گویا ہم نبی پاک کی عظمت

M T W T F S S

Memo No ______

Date / /

خیال کیا۔ اسی طرح اس میں محبوبیت کی ایک بات اور بھی ہے۔ اللہ نے یہ نہیں فرمایا انی الرب
یصلی۔ یعنی آپ کا رب درود بھیجتا ہے۔ یہ بھی نہیں فرمایا۔ اللہ نے اپنا کوئی وصفی نام
بھی بیان نہیں فرمایا کہ جس پر کوئی شبہ ہو کہ نبی پاک پر جو رحمت اور درود بھیجا ہے وہ اس
وصفی نام کی وجہ سے ہے۔ نہیں بلکہ اللہ کی ذات کا نام استعمال ہوا اللہ۔ یہ نام آیا تو
اللہ کی صفات اللہ کی ذات سے جدا نہیں ہیں۔ تو اللہ کی ذات کہہ رہی ہے علی النبی
یہاں ہے۔ یہاں نبی کا نام نہیں لیا۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی محبت کا اظہار ہے۔ تو اللہ تعالیٰ جو تمام صفات
والا ہے وہ درود بھیجتا ہے جس پر عظمت والے نبی ہیں۔ تمام انبیاء کی نبوت نبی پاک
کا صدقہ ہے۔ نبی پاک اصل ہیں جڑ ہیں بنیاد ہیں۔ اگر وہ نہ ہوتے تو کوئی بھی نبی
بھی نہ ہوتا۔ تو اس میں نبی پاک کے اعلیٰ مقام کا تعلق بھی ظاہر ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ کی نبی
پاک سے محبت کا بھی بیان ہے۔

اب مسئلہ یہ ہے کہ آپ نے اللہ کے بارے میں سنا۔ کہ اللہ تعالیٰ درود بھیجتا ہے۔ اب
دیکھیں فرشتوں کا بھی ذکر ہے۔ لفظ تو کوئی فرشتہ اس سے مستثنیٰ نہیں ہے
کہ کوئی ایک فرشتہ بھی جو نہ بھیجتا ہو۔ وہ تمام فرشتے۔ کتنے فرشتے ہیں۔ حضرت
عثمان غنی نے نبی پاک سے پوچھا۔ ایک آدمی کے ساتھ کتنے فرشتے ہوتے ہیں۔
نبی پاک نے فرمایا دس دن میں ہوتے ہیں۔ دس رات میں ہوتے ہیں۔ ایک
اس کے دائیں ہوتا ہے۔ ایک اس کے بائیں ہوتا ہے۔ دو آگے پیچھے ہوتے ہیں۔ دو
ہونٹوں کے پاس ہوتے ہیں۔ کہ جب بندہ درود پڑھتا ہے۔ تو وہ اس کو محفوظ کر لیتا ہے۔
دو پہلوؤں پر ہوتے ہیں۔ ایک پیشانی پکڑے ہوئے ہوتا ہے۔ کہ بندہ عاجزی کرتا ہے تو وہ
فرشتہ اس بندے کو بلند کرتا ہے۔ اگر بندہ تکبر کرتا ہے۔ تو وہ فرشتہ اس بندے کو
نیچا کرتا ہے۔ اور دسواں وہ جو نیند کی حالت میں انسان کے منہ میں سانپ کو داخل
ہونے سے روکتا ہے۔ یہ ایک بیان ہے۔

ایک روایت میں ہے ہر بندے کے ساتھ ۳۶۰ فرشتے ہیں۔ مستدرک میں
حدیث موجود ہے۔ اللہ نے مخلوق کے دس حصے کیے۔ نو حصے فرشتے بنائے۔ ایک حصہ

M T W T F S S　　Memo No ______ Date / /

تمام مخلوق بنائی۔ حدیث معراج جس پر سب کا اتفاق ہے کہ ستر ہزار فرشتے صبح بیت المعمور جو فرشتوں کا کعبہ ہے ساتویں آسمانوں سے اوپر۔ اور عین اس کعبۃ اللہ کے اوپر بنا ہوا ہے۔ درمیان کی ساری فضا بھی کعبہ ہے۔ ستر ہزار اس میں صبح جاتا ہے اور ستر ہزار شام اس کو جاتا ہے۔ اور جو اس میں ایک بار چلا جائے پھر قیامت تک اس کی باری نہیں آتی۔ اس سے اندازہ کر لیں فرشتوں کی تعداد کا۔ ترمذی میں حدیث ہے آسمان چرچراتا ہے۔ اور اس کو چرچرانے کا حق حاصل ہے۔ اور اس میں چار انگل ایسی جگہ نہیں ہے جس میں کوئی فرشتہ سجدہ نہ کر رہا ہو۔ یا قیام رکوع نہ کر رہا ہو۔ یعنی ساری فضا فرشتوں سے بھری ہوئی ہے۔ حضرت کعب کا بیان ہے کہ وہ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے وہ ذکر فرما رہی تھیں کہ ستر ہزار فرشتہ صبح نبی پاک کے روضہ پر آتا ہے۔ ستر ہزار شام کو آتا ہے۔ جو ایک مرتبہ آ جاتا ہے پھر قیامت تک اس کی باری نہیں آتی۔ اس سے فرشتوں کی تعداد کا اندازہ کریں۔

آدمی کے منہ سے اللہ کا ذکر کرتے ہوئے۔ جو منہ سے لفظ نکلتے ہیں۔ ہر حرف سے ایک فرشتہ بنتا جاتا ہے۔ وہ فرشتے بنے وہ بھی ذکر کرتے ہیں۔ جو بندہ کر رہا ہوتا ہے۔ اسی طرح ان کے منہ سے جو حروف نکل رہے ہیں۔ ان سے فرشتے۔ یہ سلسلہ آگے تک چلا جاتا ہے۔ اگر انسان بشر کی کدورتوں سے پاک ہو جائے تو وہ ان تمام فرشتوں کو دیکھ لے کہ سارا فضا ان سے بھری ہوئی ہے۔

جواہر المعانی میں حضرت ابو العباس کی جانب سے ایک قول لکھا۔ توجہ سے سنیں۔ عقلیں دنگ رہ جاتی ہیں۔ وہ فرماتے ہیں انسان جنات کا دسواں حصہ ہیں۔ جن و انس خشکی کے جانوروں تک آ کر دسواں حصہ ہیں۔ یہ سب مل کر پرندوں کا دسواں حصہ ہیں۔ اور یہ مل کر بحری جانوروں کا دسواں حصہ ہیں۔ یہ سب مل کر زمین پر مقرر فرشتوں کا دسواں حصہ یہ سب مل کر پہلے آسمان کے فرشتوں کا دسواں حصہ۔ یہ مجموعہ دوسرے آسمان کے فرشتوں کا دسواں حصہ۔ اسی طرح ساتویں آسمان تک۔ ان سب سارے فرشتے مل کر ملائکہ کرسی کے مقابلے میں معمولی سی جماعت رہ جاتے ہیں۔ پھر یہ تمام مل کر حجاب

356

عرش کا دسواں حصہ ۔ اور حجابات کی تعداد چھوڑ دی ہے ۔ ایک پردہ کا طول و عرض زمین
و آسمان کے برابر اس کا تمام حصہ درمیان والے فرشتوں سے بھرا ہے ۔ یہ تمام فرشتے
مل کر ان تمام فرشتوں کے مقابلے میں عرش الہی کے گرد ہر جگہ مصروف عبادت ہیں ۔
ان کے سامنے یوں ہیں جیسے سمندر کے سامنے ایک قطرہ ہوتا ہے ۔ اللہ ہی شمار جانتا
ہے فرشتوں کا کتنے فرشتے ہیں ۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عرش کے گرداگرد ستر ہزار
صفیں ہیں فرشتوں کی ۔ ان کے پیچھے ستر ہزار اور صفیں ہیں ۔ جو اگلوں کے کندھوں پر
ہاتھ رکھ کر تسبیح میں مصروف ہیں ۔ کمال کی بات یہ ہے کہ ہر فرشتے کی تسبیح
مختلف ہے الگ الگ ہے ۔ تسبیح کے معنی اللہ کی پاکی بیان کرنا ہے ۔ ان کے پیچھے ایک لاکھ
صفیں ہیں ۔ جو بائیں پر دائیاں ہاتھ رکھ کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہیں ۔ یہ تمام فرشتے
حاملین لوح کے مقابلے میں کم ہیں اور عرش کے دو پائیوں کے درمیان ۔ تیز رفتار پرندے کی اڑان
سے 80 ہزار سال کی مسافت ہے ۔ 366 پائے بتائے جاتے ہیں ۔ ہر پائے کی مقدار
دنیا سے ساٹھ ہزار زیادہ ۔ دو پائیوں کے درمیان ساٹھ ہزار صحرا ۔ ہر صحرا میں
ساٹھ ہزار عالم ۔ ہر عالم کے اوپر ستر ہزار حجابات ہر حجاب ستر ہزار سال کا ۔ ہر دو حجاب
کے درمیان فاصلہ ستر ہزار کا سال کی مسافت کا ۔ یہ تمام جگہ فرشتوں سے بھری ہے ۔
کوئی مشین بھی ایسی نہیں نکلی جو ان کو شمار کر سکے ۔ اللہ ہی اس تعداد کو جانتا ہے
اب محبت کی بات سن لیجئے ۔ آپ نے فرشتوں کی تعداد کے بارے میں سنا ۔
یہ تمام فرشتے اس شخص پر دس مرتبہ درود بھیجتے ہیں ۔ جو نبی پاک ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا
ہے ۔

اندازہ کر لیں اس آدمی کی قسمت کا ۔ جو نبی پاک ﷺ پر ایک مرتبہ درود و سلام بھیج رہا ہے ۔ اور
کتنے فرشتے ہیں جو جواب اس پر درود و سلام بھیج رہے ہیں ۔ اور اس کے بعد یہ کہا جائے
کہ جو شخص نبی پاک ﷺ پر درود سلام نہیں بھیجتا ۔ یقیناً وہ غفلت میں ہے ۔ وہ بدنصیب
کیسا رہے گا ۔ نصیب والا وہی ہے ۔ جو اپنے آپ کو اس شغل میں مشغول کر لے ۔
اب حکم دیکھیے اس آیت میں ۔ یا ایہا الذین امنوا ۔ اے ایمان والو ۔ تم بھی

M	T	W	T	F	S	S

Memo No ____
Date / /

امت مسلمہ کی عظمت ہے کہ امنوا کے لفظ سے پکارا گیا۔ ورنہ پہلے نبیوں کی قوم کو یا قوم یا ان کا جو بھی نام لیا گیا۔ یہاں ہم کو واضح اعلان کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم دیا ہے صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ درود بھیجو ان پر سلام بھیجو سلام بھیجنا وسلموا سے تو تسلیما ہے۔ کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ صرف درود بھیجتا ہے۔ نہیں خوب سلام بھیجتا ہے۔ اور یہ سلام نہ بھیجا گئے تو درود مکمل نہیں ہوتا۔ اس لئے جو بھی درود بھیجا جائے اس میں سلام کا ہونا ضروری ہے۔ اور سلام کس کو کیا جاتا ہے۔ سلام کے لئے یہ قانون ہے کہ سلام اس کو کرتا ہے جو سلام سنے اور سن کر جواب دے سکے۔ ساری دنیا نبی کو سلام کر رہی ہے۔ اللہ کی عطا سے نبی پاک سب کا سلام سن سکتے بھی ہیں سن کر جواب بھی دیتے ہیں۔ یہ درود شریف کیا ہے جب آدم علیہ السلام کی بائیں پسلی سے اللہ تعالیٰ نے ان کے جوڑ حضرت حوا کو پیدا کیا۔ حضرت حوا کو دیکھ کر حضرت آدم نے اللہ سے عرض کی یا اللہ۔ یہ میرے ساتھ جو ہے کیا میں اسے چھو سکتا ہوں۔ تو نے اسے میرا جوڑ بنایا ہے۔ میں اسے ہاتھ لگا سکتا ہوں۔ اللہ نے فرمایا پہلے اس کا مہر ادا کرو۔ حضرت آدم عرض کرتے ہیں یا اللہ اس کا مہر کیا ہے۔ آپ خواتین اسلام ذرا آپ بھی سنیں اور اپنی عظمت کو سنیں۔ اللہ نے حضرت آدم سے فرمایا میرے نبی پر ۲۰ مرتبہ درود سلام بھیجو یہی حضرت حوا کا مہر ہے۔ نقل انسانی درود شریف کی برکت سے ہے۔ حضرت علی فرماتے ہیں۔ جس طرح پانی آگ کو بجھا دیتا ہے اسی طرح درود گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

حضرت فرمایا اللہ نے ایک فرشتہ میری قبر پر مقرر کیا ہوا ہے۔ جس کو یہ طاقت دی ہے کہ وہ تمام مخلوق کی آواز سنتا ہے۔ اور اس کو سنتا ہے جو کوئی شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ فرشتہ اس شخص کا بمع اس کے باپ کا نام لے کر اس کا درود مجھ تک پہنچاتا ہے۔ ہم لوگ کتنے خوش نصیب ہیں کہ حبیب نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ ہمارا نام وہاں لیا جاتا ہے۔ اس بارگاہ میں ہمارا نام پکارا جانا یہ کوئی معمولی سعادت نہیں ہے۔ قیامت میں ایک مومن کی نیکیاں کم ہوں گی۔ وہ بڑا پریشان ہوگا۔ اللہ تعالیٰ

M T W T F S S
Memo No ....
Date / /

ناپسندی آئے گی۔ اور ایک کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا پلڑے میں ڈال دیا گیا کہ نیکیوں کی نیکیوں
کا ذرہ برابر کا ہی وجود ہے گا۔ وہ شخص کہہ چھوڑے گا کہ آپ کون ہیں۔ اور آپ نے جو میرا کام جو مجھ پر
کی ہے وہ کیا ہے۔ اس کاغذ میں کیا ہے۔ نبی پاک نے فرمایا تھیں گے۔ میں تیرا نبی ہوں۔ تیرا نبی درود
بھیجے۔ جو تو مجھ پر بھیجا کرتا تھا۔ یہ کتنی بڑی نیکی ہے یہ وہ نیکی ہے جو معمولی ہے۔ اللہ مجھے
اور آپ کو یہ توفیق دے تاکہ ہم کثرت سے نبی پاک ؐ پر درود بھیجا کریں۔ اور ہمارا لوٹنا
ناممکن ہے۔ یہ میں سورۃ ولیٰ یا معنیٰ ایک سے ہاتھ ہے۔ کھلے آنکھ میں عمل کرتے ہیں۔

(B)

پارہ 30 ورفعنا لک ذکرک: قرآن پاک اللہ کی کتاب ہے اس کی ترتیب میں سورۃ الانشراح
نمبر 94 ہے۔ نزول کے لحاظ سے اس کا نمبر 12 ہے۔ اس کی آیت نمبر 4 جو میں نے
آپ کے سامنے تلاوت کی ہے۔ قرآن پاک کی اس آیت کا ترجمہ یہ ہے۔ اللہ تعالیٰ
اپنے محبوب کریم سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سے یوں فرماتا ہے۔ اور ہم نے بلند کر دیا
آپ کے لیے آپ کے ذکر کو۔ اس آیت کے بارے میں گفتگو سے قبل میں چاہتا
ہوں کہ آپ کو بتاؤں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حالات کیا تھے۔ آپ لوگوں
نے سنا ہوا ہے۔ سیرت کی کتابوں میں پڑھا ہوگا۔ کہ حضور ﷺ مکہ مکرمہ میں پیدا
ہوئے۔ اپنی ظاہری عمر شریف کے چالیس برس مکہ مکرمہ میں گزارے۔ پھر اعلان نبوت فرمایا۔
تو وہی مکہ والے جو آپ کے کردار آپ کی سیرت آپ کی شخصیت کے معترف تھے۔
تعریف کرتے تھے۔ وہی جان کے دشمن ہو گئے۔

مکہ کے سردار اور دوسرے لوگوں نے کون سا ستم تھا جو نبی پاک ؐ پر نہیں ڈھایا
کتابوں میں واقعات درج ہیں۔ کہ وہ لوگ حضور ﷺ کی راستے میں غلاظت پھینکتے۔ آپ کو
برا کلام سے یاد کرتے۔ گالیاں دیتے طعنے دیتے۔ اور آپ نماز پڑھ رہے ہیں۔ تو جانور کی اوجھ
لا کر ڈال دی جاتی ہے۔ خون کے پیاسے ہیں لوگ۔ ایسے حالات میں جبکہ دنیا مخالف
ہے۔ اللہ اپنے حبیب سے فرماتا ہے۔ ورفعنا لک ذکرک۔ ہم نے اونچا کر دیا۔ آپ کے لیے

آپ کے ذکر کو۔ چنانچہ دنیا نے دیکھ لیا۔ کہ وہ لوگ شخصیت کو مٹانے کے درپے تھے۔ اس شخصیت کا ذکر ہی ہمیشہ کے لئے باقی رہا۔ اللہ کا وعدہ پورا ہو کر رہا۔ چنانچہ حضور کا چرچا ساری دنیا میں ہو رہا ہے۔ توجہ فرمائیں۔

اس آیت کے دو لفظ صرف آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ تاکہ ہمیں کچھ سمجھنے میں آسانی ہو۔ ایک تو ورفعنا اور دوسرا اس کا لفظ لک یہ دو مختصر سے لفظ ہیں۔ رفعنا میں رفعت کی نسبت ہے اللہ نے اپنی طرف کی ہے۔ کہ ہم نے اونچا کیا ـــــ اور لک یہ سپیسیفکیشن کے لئے لام آتا ہے۔ تو اب ان دونوں کو سامنے سمجھنا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کیا بلند کر رہا ہے۔ اس کا تناسب ہم یوں دیکھتے ہیں۔ کہ ایک شخص ایک اونچی عمارت بناتا ہے۔ تو جو بھی اس کو دیکھتا ہے۔ اونچا کہتا ہے۔ ایک انسان کی بنائی ہوئی اونچی عمارت کو سب اونچا مانتے ہیں۔ اونچا کہتے ہیں۔ تسلیم کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ عمارت عارضی ہے۔ اور اس سے بلند اور بھی چیزیں ہیں آپ کہیں گے کہ نہیں۔ انسان نے راکٹ بنا لیا۔ وہ فضاؤں کو تسخیر کر رہا ہے۔ چاند سورج ستاروں کو کمندیں پھینک رہا ہے۔ تو یہ سب چیزیں نیچی ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کو بلندی عطا کرتا ہے۔ اس کی وسعت کا کوئی اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ فرما رہا ہے۔ ہم نے اونچا کیا۔ اب کتنا اونچا کیا۔ زمین پر بھی ذکر مصطفیٰ ہے۔ عرش پر بھی ذکر مصطفیٰ ہے۔ کتنا ذکر ہے۔ آپ یہ دیکھئے۔ کہ اس ذکر کی کوئی حد بیان نہیں کی جا سکتی۔

چنانچہ۔ جب یہ آیت شریفہ اتری۔ احادیث میں موجود ہے حضرت ابو سعید خدری رضی صحابی ہیں روایت فرماتے ہیں۔ کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا۔ کہ میرے پاس جبریل امین آئے۔ اور آ کر کہا۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے میرے حبیب تم نے خود سے کیا جانا کہ ہم نے آپ کے ذکر کو کتنا اونچا کیا ہے۔ تو نبی پاک ﷺ نے عاجزی کرتے ہوئے عرض کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم اللہ تعالیٰ ہی زیادہ جانتا ہے۔ تو جواب کیا آیا۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس ذکر کے اونچا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اذا ذکرت ذکرت معی۔ اے میرے محبوب اس کا مطلب ہوا۔ کہ جہاں میرا ذکر ہوگا۔ میرے ساتھ تمہارا ذکر بھی ہوگا۔ چنانچہ اس کی گواہی ہمارے سامنے ہے۔

360

Memo No
Date / /
M T W T F S S

آپ کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں۔ اللہ کے ذکر کے ساتھ نبی پاک ﷺ کا ذکر ہے۔ اذان سنتے ہیں۔ اذان
میں موذن کہتا ہے۔ اشہد ان لا الہ الا اللہ۔ اس کے فوراً بعد کہتا ہے۔ اشہد ان محمدا
رسول اللہ تو اذان میں بھی اللہ کے ذکر کے ساتھ نبی پاک ﷺ کا ذکر ہے۔ نماز میں اللہ کا ذکر
ہوتا ہے۔ تو نبی پاک کا ذکر ہے۔ تشہد پڑھنے سے پہلے آپ جب التحیات والصلوات
پڑھتے ہیں تو نبی کی بارگاہ میں سلام پیش کرتے ہیں۔ کہ نماز اللہ کی عبادت ہے
کوئی دنیا کا خیال آ جائے کوئی غلط خیال آ جائے تو شاید نماز کے فاسد ہونے کے
بارے میں۔ کوئی کہہ دے کہ نماز ٹوٹ گئی یا خراب ہو گئی۔ یا اس پہ فرق آ گیا ہے
مگر میرا نبی۔ وہ ہے کہ اس کا خیال نماز میں لانا ضروری ہے۔ اور ان کو اس لیے
ضروری کہ ان پر سلام کرنا واجب ہے۔ تو نماز اللہ کی عبادت ہے۔ مگر اس میں
نبی پاک مصطفیٰ موجود ہیں۔ اسی طرح پس آپ اسلام کی کوئی عبادت لے لیجیے۔
کوئی ذکر لے لیجیے۔ آپ کو نبی پاک ﷺ کا ذکر اللہ کے ذکر کے ساتھ ضرور نظر آئے گا۔
جبرائیل امین [illegible] نبی پاک ﷺ نے فرمایا۔ کہ اس کا کوئی اور بھی مطلب ہے۔
جبرائیل اللہ کی بارگاہ میں جاتے ہیں کہ یا رب یہ آیت ورفعنا لک ذکرک جو تو نے
اپنے حبیب پر نازل کی ہے۔ اس کا کوئی اور بھی مطلب ہے تو جبرائیل امین
اللہ فرماتا ہے کہ جاؤ میرے حبیب سے سنو۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ حقیقت:
حقیقت تمام الایمان بذکرک معی۔ اے میرے محبوب میں نے ایمان کا مکمل ہونا
اس بات پر رکھ دیا ہے۔ کہ میرے ذکر کے ساتھ تیرا ذکر بھی ہوگا۔ جیسا کہ کوئی اگر آدھا
کلمہ پڑھے گا۔ ایمان والا نہیں کہلائے گا۔ اگر کوئی ساری عمر لا الہ الا اللہ پڑھے لیکن محمد رسول
اللہ نہ پڑھے۔ تو وہ مومن نہیں کہلا سکتا۔ ہم نے یہ جان لیا۔ معلوم ہو گیا۔ کہ جب تک نبی پاک ﷺ
کا ذکر نہیں ہوگا۔ ہم ایمان والے نہیں کہلا سکتے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں۔ مگر
وہ اپنا تعارف کرواتا ہے۔ تو اپنے حبیب کے ذریعے کرواتا ہے۔ ہم نے جو اللہ کو جانا تو نبی پاک
کے ذریعے جانا ہے۔ غور فرمائیے۔ کوئی تصور کر سکتا تھا۔ کہ یہ ہستی کہ ایک وقت تھا وہ
کہ کفار اور مشرک اس کو مٹانے کے درپے ہیں اور ایک وقت وہ آگیا ہے۔ کہ جو اس کو فنا

KHURRAM PAPER PRODUCTS

M | T | W | T | F | S | S

Memo No

Date / /

نہ صرف وہ مومن ہو جاتا ہے۔ بلکہ وہ اللہ کا پیارا بن جاتا ہے۔ اس کے لئے رحمتیں مقدر ہو جاتی ہیں۔ اس کی دنیا و آخرت سنور جاتی ہے۔ ذرا توجہ فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے۔ کہ دین سے ایمان کا مکمل ہونا۔ اس بات پر زور دیا ہے۔ کہ میرے نبی کا ذکر میرے ساتھ ہو۔ چنانچہ آپ نے ایک مثال کلمہ طیبہ کے لئے۔ اگر کوئی اذان میں نبی پاک ﷺ کا نام نہ لے تو اذان نہیں ہو سکتی۔ نماز میں نبی پاک ﷺ پر سلام نہ بھیجے اس کی نماز نہیں ہے۔ تو پتہ چلا کہ نبی سے نہیں کہ کوئی بھی اپنے آپ کو مومن کہلا سکتا ہے۔ ایک تو یہ بات واضح ہو گئی۔ ایک بات اور واضح کر دوں۔ ہم سب جانتے ہیں۔ کہ ہم نے ایک دن مرنا ہے۔ لاکھ جتن کر لیں۔ موت کا نام مقرر ہے۔ موت آئے گی۔ تو جب قبر میں جائیں گے۔ لوگ دفنا دیں گے اور دفنا کر واپس لوٹ جائیں گے۔ بخاری اور مسلم میں حدیث پاک موجود ہے۔ دو فرشتے آتے ہیں۔ جن کا نام منکر اور نکیر ہے۔ ملائکہ نکیرین کہتے ہیں۔ وہ آکر تین سوال کرتے ہیں۔ ان کا پہلا سوال من ربک تھا تیرا رب کون ہے۔ مومن جواب دیتا ہے۔ اللہ ربی۔ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔ دوسرا سوال ہوتا ہے ما دینک تیرا دین کیا ہے مومن جواب دیتا ہے۔ الاسلام دینی۔ اسلام میرا دین ہے۔ تیسرا سوال ہوتا ہے ما نبیک تیرا نبی کون ہے۔ اور اس وقت نبی پاک ﷺ کی زیارت ہوتی ہے۔ یعنی ہم پر ان کا نظارہ کیا جاتا ہے۔ وہ قبر میں تشریف لاتے ہیں۔ زیارت ہوتی ہے۔ فرشتے سوال کرتے ہیں۔ ما کنت تقول فی هذا الرجل۔ یہ مرد کامل جس کو تو دیکھ رہا ہے ان کے بارے میں کیا کہتا تھا۔ ما کنت تقول ماضی ہے جسے ہم جانتے ہیں کہ ماضی گزرے ہوئے زمانے کو کہتے ہیں۔ تو فرشتے پوچھتے ہیں۔ ان کے بارے میں کیا کہتا تھا۔ تو اگر صرف توحید پر بات ہوتی تو پہلا سوال کافی تھا۔ کہ من ربک تیرا رب کون ہے۔ وہ جواب دیتا ہے ربی اللہ میرا رب اللہ ہے۔ تو اتنا کافی تھا۔ دوسرا سوال ہوتا ہے دین کے بارے میں۔ اس پر بھی بس نہیں تیسرا سوال نبی پاک ﷺ کے بارے میں ہوتا ہے تو معلوم ہوا۔ اگر نبی سے تعلق درست نہیں ہے۔ تو لاکھ کلمہ پڑھ لے۔ کوئی فائدہ نہیں۔ سینکڑوں نہیں لاکھوں سال عبادت کی۔ اس کو کوئی اجر نہیں ملا۔ کوئی سعادت نہیں ملی۔ کیونکہ اس کے نزدیک حضور آدم درست

Memo No
Date / /

M T W T F S S

نہیں تھا۔ اس کے ذہن وخیال میں حضور اکرم کا تصور درست نہیں تھا۔ کیونکہ تصور آدم درست
نہ ہو۔ تو مسلمان بنا جاتا ہے۔ جو سید الانبیاء حضرت آدم کو سمجھا جاتا ہے۔ پیارے مصطفی احمد مختار
میں جس کا تصور درست نہیں ہے۔ جن کا ان سے تعلق درست نہیں۔ وہ بھی ایمان دار
نہیں ہو سکتا۔ ہم نے یہ جان لیا۔ کہ نبی کا ذکر اللہ کا ذکر ہے۔ تو اگر نبی کا ذکر ہمارا
نہیں ہے۔ تو ہم اللہ کا ذکر کرنے کا دعویٰ کیسے کر سکتے ہیں۔ کیوں کہ یہ بیان قرآن میں دیکھیے۔
آپ نہیں گے سورۃ اخلاص میں ہے۔ پہلی آیت میں ہے۔ قل ھو اللہ احد۔ اے میرے حبیب
فرما دیجیے۔ کہ وہ اللہ ایک ہے۔ تو بیان تو صرف اتنا ہے۔ ھو اللہ احد۔ وہ اللہ ایک ہے۔ یہ
شروع میں قل کیوں لگا ہوا ہے۔ کہ بات ہم خود سے نہیں جانتے۔ اگر صرف اتنا
بیان ہوتا۔ ھو اللہ احد۔ وہ اللہ ایک ہے۔ تو شاید کوئی پوچھ لیتا۔ کہ کون اللہ۔ تو جواب
سے بچنے کو ہے۔ قل کا لفظ پہلے لگا ہوا ہے۔ کہ وہ اللہ جس کا پتہ مصطفی نے بتایا ہے
تو وہی معتبر ہو گا۔ جو ذات رسالت سے ہم تک پہنچی ہے۔ تو جب تک حضور رسول
پر ایمان نہیں ہو گا۔ ہم اللہ کو ماننے اور جاننے پہچاننے کا دعویٰ نہیں کر سکتے۔ نبی پاک
نے جبرائیل امین سے فرمایا۔ اس آیت کا کوئی اور بھی مطلب ہے۔ جبرائیل علیہ
اللہ کی بارگاہ میں جاتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے جاؤ میرے حبیب سے کہو۔ جب جب تک ذکر میرا
ذکر کا تمہیں ذکر کرتے رہو۔ میرے محبوب میں نے آپ کے ذکر کو اتنا اونچا کر دیا ہے
جو نے آپ کا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا۔ اب نبی کا ذکر خدا کا ذکر قرار دیا گیا ہے
رہا ہے۔ یہ کوئی ہمارا اپنا خیال نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نبی کی اطاعت کو اپنی اطاعت فرماتا ہے
اطاعت کے معنی فرمانبرداری۔ حکم ماننا کہنا ماننا۔ کہنا نبی کا مانو۔ یہ سمجھ کر مانو اللہ
کا ہے۔ بیعت نبی سے کرو اور سمجھو کہ بیعت اللہ سے کی ہے۔ اللہ ان کے
ذکر کو کتنا بلند کرتا ہے۔ آپ لوگ شاید یہ نہیں کر سکیں۔ ذکر تو اللہ تعالیٰ کا
بلند ہے۔ میں کیوں اس کا درست۔ میرا یہی وہ ہے۔ وہ اس کا ذکر صرف مخلوق نہیں کرتی۔
خود خالق بھی کر رہا ہے۔ ہمارے کروڑوں ذکر اللہ کے ایک ذکر کے برابر نہیں ہو سکتے۔
اس کا ثانی بھی نہیں ہو سکتے۔ تو جس کا ذکر خود رب کرے۔ اس کی بلندی کا

M T W T F S S
Memo No
Date / /

شمار کون کرے۔ ان کی رفعت کو کون سمجھ سکتا ہے۔ مفسرین کرام تفسیر کرتے [illegible]
یعنی تبدیل کر واضح کرنے والا۔ وہ یہ بھی فرماتے ہیں۔ کہ اس آیت کا یہ بھی مطلب ہے۔
کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم وہ واحد ہستی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے عالم ارواح میں تمام نبیوں کو
جمع فرما کر اپنے حبیب کیلئے ان سے وعدہ لیا۔ کہ تم سب ان پر ایمان لاؤ گے۔
اس سے ہمیں کیا پتہ چلا۔ ہر نبی کسی نہ کسی قوم کسی نہ کسی علاقے کسی نہ کسی وقت
کے لیے آیا۔ مگر میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ کسی قوم کسی علاقے کسی وقت کے لئے نہیں آئے
بلکہ صاف لفظوں میں۔ میں آپ کو بتاؤں کہ ہر وہ ذرہ جس کا اللہ تعالیٰ رب ہے میرے
نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ میرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی جہانگیر بعثت ہے۔
وہ کسی مخصوص مدت کے لئے نہیں ہے۔ بلکہ وہ ساری کائنات کے لئے رسول ہیں۔
تو اللہ تعالیٰ نے نبیوں سے بھی وعدہ لیا۔ سارے کا سارا نبیوں نے اپنے اپنے نبیوں کے کلمے
پڑھے۔ مگر نبی وہ ہیں جنہوں نے میرے نبی کا کلمہ پڑھا ہے۔ میرے نبی کا کلمہ صرف ہم ہی
نہیں پڑھتے بلکہ سارے نبی بھی پڑھتے ہیں۔ تو اس ذکر کو اللہ تعالیٰ نے بلند کیا۔
میں نے جو پیغام دینا ہے اس تقریر کے حوالے سے وہ یہ کہ اگر نبی سے تعلق
ہے۔ اگر نبی سے وابستگی درست ہے۔ ہماری نماز نماز ہے۔ ہمارا روزہ ہمارا
روزہ۔ ہماری عبادت ہمارا علماء درست ہے۔ اور قرآن میں فرمایا الا بذکر اللہ
کہ اللہ کے ذکر کے سوا دلوں کا اطمینان نہیں ہوتا۔ اور قد انزل اللہ الیکم ذکرا رسولا۔
قرآن میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کو اپنا ذکر بنا دیا ہے۔ تو ہم نبی پاک سے محبت رکھتے ہوئے
ان کا ذکر کریں اور محبت کا تقاضا ہے کہ آپ ہم جس کو یاد کرتے ہیں۔ جس کا ذکر کرتے
ہیں آپ اس کے فرمانبردار ہوتے ہیں۔ اس کے مطیع ہوتے ہیں۔ تو اگر ہم ذکر مصطفیٰ
کرتے ہیں۔ دنیا [illegible] تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو اختیار کریں۔ ہماری
